2498

غایۃ الامکان فی درایۃ المکان

(حقیقتِ زمان و مکان پر بصیرت افروز رسالہ)

تصنیف
عین القضاۃ ہمدانی
(م ۵۲۵ھ)

تسوید و ترجمہ
لطیف اللہ

مکتبۂ ندیم
۲/۹ - ڈی - ۳ - ناظم آباد - کراچی

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

غایۃ الامکان فی درایۃ المکان

(حقیقتِ زمان ومکان پر بصیرت افروز رسالہ)

تصنیف
عین القضاۃ ہمدانی
(م ۵۲۵ھ)

تسوید وترجمہ
لطیف اللہ

مکتبۂ ندیم
۲۸/۹ - ڈی - ۳ - ناظم آباد - کراچی

Marfat.com

(جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں)

130524

اشاعت ——— اوّل

تعداد ——— ایک ہزار

ناشر ——— مکتبۂ ندیم کراچی

طابع ——— احمد برادرس پریس۔ ناظم آباد، کراچی
{ ناظم آباد نمبر ۲ کراچی

پتہ

مکتبۂ ندیم ۲۸/۹ - ڈی - ۳ - ناظم آباد کراچی

انتساب

میں اس تالیف کو حضرت اقدس مرشدی و مولائی مولانا ڈاکٹر غلام محمد دامت فیوضہم و برکاتہم کی ذات والاصفات سے معنون کرتا ہوں کہ یہ جو کچھ ہے حضرت والا کے فیض صحبت ہی کا ثمر ہے ورنہ من آنم کہ من دانم۔

بامیچ کارہ

لطیف اللہ

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

از محترم ڈاکٹر رضی الدین صدیقی سابق وائس چانسلر قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد
و حال سکریٹری جنرل پاکستان اکیڈمی آف سائینسز اسلام آباد

اسلام کی ابتدائی صدیوں میں مسلم علماء نے علم و حکمت کے جن اہم اور مہتم بالشان مسئلوں پر اظہار خیال کیا اور تفصیلی رسالے اور کتابچے تحریر کئے ان میں زمان و مکان کا مسئلہ بھی شامل ہے۔ اس سوال کی اہمیت کے متعلق علامہ اقبال اپنے خطبات میں ارشاد فرماتے ہیں۔

"اسلامی تہذیب کی تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خالص ذہنی مسائل ہوں یا مذہبی نفسیات یعنی تصوف کے مسائل ہوں، سب کا نصب العین اور مقصود یہی ہے کہ لامحدود کو محدود کے اندر سمو لیا جائے۔ ظاہر ہے کہ جس تہذیب کا یہ مطمح نظر ہو اس میں زمان و مکان کا سوال درحقیقت زندگی اور موت کا سوال ہے۔"

(خطبات ص ۱۸۴)

انہی علمی تحریروں میں پیش نظر رسالہ بھی ہے جو زمان و مکان سے متعلق

Marfat.com

ہے اور جس کو جناب محمد لطیف اللہ صاحب نے ترتیب دے کر اپنے مقدمہ اور کتاب کے ترجمہ کے ساتھ بغرض اشاعت تیار کیا ہے۔ ساتھ ہی اس سلسلہ میں ایک بڑی دلچسپ حقیقت یہ سامنے آتی ہے کہ یہ کتاب جو تقریباً ۹۰۰ سال قبل لکھی گئی تھی حال حال تک اس کے نام اور مصنف کے متعلق علمی دنیا بڑی غلط فہمی کا شکار رہی۔ کہا جاتا تھا کہ اس کا نام "غایۃ الامکان فی معرفۃ الزمان والمکان" اور اس کے مصنف کا نام کسی نے تاج الدین محمود بن خداداد اشنوی بتایا اور کسی نے اس کو مشہور صوفی شاعر فخر الدین عراقی کی تصنیف کہا۔ لیکن ابھی چند سال قبل انکشاف ہوا ہے کہ کتاب کا اصل نام

"غایۃ الامکان فی درایۃ المکان

ہے اور اس کے مصنف عین القضاۃ ابو المعالی عبداللہ بن محمد المیانجی ہمدانی ہیں جناب لطیف اللہ صاحب نے اپنے مقدمہ میں کتاب اور مصنف دونوں کے نام سے متعلق خارجی اور داخلی شہادتیں بڑی تفصیل سے فراہم کی ہیں جس سے ان کے وسیع اور عمیق مطالعہ کا پتہ چلتا ہے اور جو ان کا قابل قدر کارنامہ ہے۔

ان چند ابتدائی کلمات کے بعد اب میں اصل کتاب کے متعلق کچھ عرض کروں گا زمان ومکان کے الفاظ سن کر عام طور پہ یہ خیال ہو سکتا ہے کہ شاید اس کتاب میں مظاہر فطرت کے متعلق کچھ بحث ہو لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ پوری گفتگو حق تعالیٰ کی ذات اور صفات سے متعلق ہے کہ ان کی بابتہ زمان و مکان کی تشبیہ و توجیہہ سے کیا مراد ہوتی ہے کیونکہ " اس سر الاسرار کی شناخت ہی معرفت کے خزانوں کی کنجی ہے اور مالک الملوک کی بارگاہ تک رسائی کا ذریعہ ہے " مصنف نے بیان کیا ہے کہ اگرچہ معرفت کے یہ اسرار بیان میں

Marfat.com

نہیں آسکتے۔ لیکن اس کے متعلق اس کتاب کی وجہ تصنیف یہ ہوئی کہ" ایک دفعہ برسبیل تذکرہ جب گفتگو زوروں پر تھی ہماری زبان سے نکل گیا کہ لفظ مکان احادیث میں آیا ہے اس کا انکار نہ کرنا چاہیئے لیکن ہر چیز کا مکاں پہچاننا چاہیئے تاکہ تشبیہہ کا گمان باقی نہ رہے"۔ مصنف کہتے ہیں کہ اس بات کو مخالفین نے بہانہ بنالیا اور ان پر تشبیہہ کا الزام لگاکر کفر کا فتویٰ دے دیا اس لیئے انھوں نے مجبوراً اپنی برأت کے لئے تفصیل کے ساتھ اس نکتہ کی تشریح کا بیڑا اٹھایا۔ ایسے ہی موقعوں کے لئے غالب نے کہا تھا ؎

"ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادۂ و ساغر کہے بغیر"

سب سے پہلے مصنف توحید الٰہی کی حقیقت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ "وحدت ذات کے تقدس کی بلندیاں اس سے عظیم ہیں کہ اہل حال اس کے حال تک پہنچ سکیں چہ جائیکہ اہل فکر اس حقیقت کو پاسکیں۔ البتہ ایک توحید اور ہے جسے 'توحید الطف' کہتے ہیں جس کو حق تعالیٰ نے کمال رحمت سے انسانوں کے لئے قابل فہم بنایا ہے اور وہ تین قسم کی ہے۔ اول توحید قولی ہے جو عام مسلمانوں کی توحید ہے دوسرے توحید علمی ہے جو خواص کی توحید ہے اور تیسرے توحید عملی ہے جو خاص اخص الخواص حضرات کی توحید ہے"۔

توحید علمی زمان ومکان کی معرفت اور ان کی حقیقت کے علم پر موقوف ہے۔ جب تک کوئی شخص زمان ومکاں کی حقیقت سے آشنا نہیں ہوتا وہ وحدانیت الطف سے بھی واقف نہیں ہوسکتا اور جس نے زمان ومکاں کو نہیں جانا اس کے لئے یہ حقیقت جاننا بھی ناممکن ہے کہ حق عز وجل کسی شے کے ساتھ نہیں رہتے اور کوئی شے کسی طرح بھی ان کے ساتھ نہیں رہتی۔ اور وہ

Marfat.com

شخص جو زمان و مکاں سے واقف نہیں اس کے لئے یہ جاننا بھی ممکن نہیں کہ حق تعالیٰ نہ عالم کے اندر ہیں نہ باہر، نہ عالم سے متصل ہیں نہ منفصل دراں حالیکہ ہر ذرۂ کائنات ان کے بغیر اور ان سے دور نہیں۔

اسی طرح حق تعالیٰ کی اولیت و آخریت، ظاہریت و باطنیت کا جاننا بھی ممکن نہیں اور یہ کہ حق تعالیٰ بہ یک علم تمام لامتناہی معلومات کا علم رکھتے ہیں اور بہ یک قدرت تمام لامتناہی مقدورات کو وجود عطا فرما سکتے ہیں اور بہ یک سماعت تمام لامتناہی مسموعات کو سن سکتے ہیں اور بہ یک نگاہ ازل سے ابد تک تمام مرئیات کو دیکھ سکتے ہیں ان تمام رموز کا علم و معرفت بغیر حق تعالیٰ کے زمان و مکان کے علم و معرفت کے ممکن نہیں۔

مصنف بیان کرتے ہیں کہ مکان و زمان کی معرفت اور اس کا عرفان درحقیقت حق تعالیٰ کی ذات و صفات کی وسعتوں کی معرفت ہے اور جس کسی کو مکان و زمان کا عرفان حاصل ہے وہ حق تعالیٰ کی ذات و صفات کی معرفت سے زیادہ بہرہ مند ہے۔ پھر اس نکتہ کی تشریح کے لئے کہ حق تعالیٰ کا مکان ہے، "قرآن مجید کی آیات جو معرفت کے شواہد ہیں اور صحیح احادیث و آثار جو سنت و جماعت کی بنیاد ہیں اور اُمت کے اجماع کی دلیلیں جو ملت کے امور کے قواعد ہیں" بیان کرتے ہیں۔ اسی کے ساتھ وہ بھی کہتے ہیں کہ "وہ مکان جو حق تعالیٰ کی ذات مقدس کے لائق ہے، معنی اور حقیقت دونوں اعتبار سے جسمانیات اور روحانیت دونوں سے علیحدہ اور دور ہے اور وہ مکان ایسا ہے جس میں نہ طول ہے نہ عرض، نہ گہرائی ہے نہ بُعد اور نہ مُسافت ہے بلکہ تمام قرب ہی قرب ہے۔ اور عقلاً، وہماً، امکاناً اور وقوعاً

محال ہے کہ کوئی وہم اس تک پہنچ سکے یا کوئی فہم اس کو پا سکے یا کوئی عقل اسکے بارے میں "کتنا ہے" اور "کیسا ہے" معلوم کر سکے" اسلامی ادب میں ایسے ہی مکاں کے لئے اصطلاح "لامکاں" مستعمل ہے۔

اس نکتہ کی وضاحت کے لئے وہ بتاتے ہیں کہ مکان کی تین قسمیں ہیں، پہلی قسم مادی اشیاء کے مکاں کی ہے جس کے پھر تین درجے ہیں۔ پہلے درجہ میں وزن دار اشیاء کا مکاں ہے۔ دوسرے درجہ میں ہوا اور اسی نوعیت کی ہلکی چیزوں کا مکان ہے اور تیسرے درجہ میں نور یا روشنی کا مکاں ہے، یہ تینوں مکاں ایک دوسرے کے اس قدر قریب واقع ہیں کہ سوائے ذہنی تحلیل اور روحانی واردات کے ان میں اور کسی ذریعہ سے امتیاز نہیں کیا جا سکتا اس مکان میں فاصلے کا مفہوم معین ہوتا ہے۔

مکاں کی دوسری قسم غیر مادی ہستیوں یعنی ملائکہ وغیرہ کے مکاں پر مشتمل ہے اس مکاں میں بھی فاصلہ کا ایک مفہوم موجود ہے کیونکہ اگرچہ غیر مادی ہستیاں پتھر کی دیواروں میں سے گذر سکتی ہیں تاہم وہ حرکت سے بالکل بے نیاز نہیں ہیں اور حرکت کے ساتھ فاصلہ کا مفہوم لازماً پایا جاتا ہے مکاں سے آزادی اور بے نیازی کا بلند ترین درجہ انسانی روح کو عطا ہوا ہے۔ مصنف کے نزدیک یہ تمام امور دلائل عقلی سے ثابت ہیں لیکن چونکہ عقل کا شیوہ معرفت نہیں ہے اس لئے انہوں نے اس بحث کو ترک کر دیا ہے درحقیقت عقلی دلائل کی تو اس شخص کو ضرورت ہوتی ہے جو قلبی مکاشفات، باطنی مشاہدات اور روحی معائنات سے محروم ہو کیونکہ جب معرفت کا آفتاب طلوع ہوتا ہے تو عقل کے چراغ کی روشنی باقی نہیں رہتی۔

مکان کی تیسری قسم ربانی یا الٰہی مکان کی ہے جس تک تم مکان کے تمام

Marfat.com

لامحدود اقسام سے گذر کر پہنچتے ہیں یہ مکاں ابعاد اور فاصلوں کی تمام قیود اور بندشوں سے آزاد ہے اور اس پر تمام لامتناہیاں آ کر مرتکز ہو جاتی ہیں اس مکاں کا نہ طول ہے نہ عرض، نہ گہرائی ہے نہ بعد و مسافت، نہ بلندی ہے نہ پستی، وہ نہ دائیں طرف ہے نہ بائیں طرف، نہ پیچھے ہے نہ آگے۔ یہ ربانی مکان غایت درجہ بلند مکاں ہے۔ کسی مخلوق کو حق تعالیٰ کے ساتھ مکاں میں یا اس کے علاوہ کسی طرح بھی شرکت کا امکان نہیں ہے۔

اسی طرح مصنف نے زماں کا ایک اضافی تصور لیا ہے۔ مختلف ہستیوں کے لئے جو خالص مادیت سے لے کر خالص روحانیت تک مختلف مدارج رکھتی ہیں زماں کی نوعیت مختلف ہے۔ مادی اشیاء کے لئے وقت آسمانوں کی گردش سے پیدا ہوتا ہے اور اس کو ماضی حال اور مستقبل میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اس وقت کی نوعیت اس قسم کی ہے کہ جب تک ایک دن ختم نہیں ہو جاتا دوسرا دن شروع نہیں ہوتا۔ غیر مادی ہستیوں کے لئے یہی ترتیب اور تسلسل موجود ہے لیکن وقت کا بہاؤ ایسا ہے کہ جو مدت مادی ہستی کے لئے ایک سال کی ہے وہ غیر مادی ہستی کے لئے ایک دن سے زیادہ نہیں۔

غیر مادی ہستیوں کے نچلے طبقوں کو درجہ بدرجہ طے کر کے آخر میں ہم ربانی یا الٰہی وقت پر پہنچتے ہیں جو گذرتے یا بہاؤ کی خاصیت سے بالکل مبرا ہے اور اس لئے اس میں نہ تقسیم ہے نہ ترتیب اور تغیر۔ یہ دوام سے بھی بالاتر ہے۔ اور اس کا نہ آغاز ہے نہ انجام۔ یہی وہ وقت ہے جس کو قرآن کریم نے "ام الکتاب" کا لقب دیا ہے اور جس میں ساری تاریخ عالم علت و معلول کے سلسلہ سے آزاد ہو کر ایک مافوق الدوام "اب" میں سما جاتی ہے۔

Marfat.com

اس طرح مصنف نے حق تعالےٰ کے متعلق زمان ومکان کی اصطلاحوں کے استعمال کا مفہوم واضح کرنے کی کوشش کی ہے اور ان کے لئے متعدد مثالیں اور دلائل پیش کیے ہیں جو منطقی سے زیادہ صوفیانہ نوعیت کی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ربانی زمان ومکاں کے مسائل عالم شہادت یا طبیعی کائنات سے نہیں بلکہ عالم غیب سے متعلق ہیں اور ان پر انسانی عقل وخرد کے اصول پر بحث نہیں کی جاسکتی بلکہ وحی الہٰی کی روشنی میں معرفت حاصل کی جاسکتی ہے جیساکہ قرآن کریم میں ارشاد ہوا ہے :

"قل لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا اللہ۔" (۲۷ ، ۶۵)

بہرحال جناب مترجم لطیف اللہ صاحب قابلِ تحسین وستائش ہیں، انہوں نے اسلامی علوم کے ایک اہم ماخذ کو اردو زبان میں ترجمہ کرکے اصل فارسی متن کے ساتھ شائع کیا ہے جس سے اردو داں طبقہ بھی کما حقہٗ فیضیاب ہوسکتا ہے۔ حق تعالیٰ ان کی مساعی کو مشکور فرمائیں۔

محمد رضی الدین صدیقی

۲۶ جنوری ۱۹۸۴ء

Marfat.com

Marfat.com

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

محترم نذر صابری صاحب نے زمان و مکان کے موضوع پر ایک رسالہ بہ عنوان "غایۃ الامکان فی معرفۃ الزمان والمکان" مجلس نوادرات علمیہ اٹک کمیبل پور سے شائع کیا ہے۔ موصوف نے اس رسالے کے آغاز میں ایک مقدمہ انتہائی تحقیق اور محنت سے تحریر فرمایا ہے اور فی الوقت رسالۂ مذکور کے جتنے خطی اور مطبوعہ نسخے دستیاب ہیں ان کی تفصیل مہیا کی ہے نیز رسالے کے اصل نام اور حقیقی مصنف پر دلائل کے ساتھ اظہار خیال فرمایا ہے صابری صاحب کی تحقیق کے مطابق رسالے کا نام "غایۃ الامکان فی معرفۃ الزمان والمکان" اور اس کے حقیقی مصنف شیخ تاج الدین محمود بن خداداد اشنوی ہیں جو ساتویں صدی کے اکابر صوفیا میں تھے۔

جیسا کہ عرض کیا گیا نذر صابری صاحب نے مذکورہ رسالے کی اشاعت کے سلسلے میں بڑی جانفشانی اور عرق ریزی کی ہے تاہم رسالے کے نام اور حقیقی مصنف کے سلسلے میں جس تنقیح اور کاوش کی ضرورت تھی وہ بوجوہ پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکی بنا بریں اس خصوص میں مزید تحقیق، غور و فکر اور مطالعہ کی ضرورت باقی رہتی ہے اس ضمن میں احقر نے جو طریقۂ کار اختیار کیا ہے اس کا اجمال یہ ہے۔

۱۔ پاکستان میں علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے رسالۂ مذکور کی دریافت کا پس منظر بیان کیا جائے۔

۲۔ ...اب نذر صابری کے نقطۂ نظر کو ان کے تحریر کردہ پیش لفظ اور مقدمے کے ... میں پیش کیا جائے۔

اقتباسات کی صور... میں اپنی گزارشات پیش کر دی جائیں۔

۳۔ صابری صاحب سے اختلاف کی ...

Marfat.com

۴۔ ممکنہ حد تک رسالے کا صحیح متن شائع کیا جائے اور ان حضرات کے لئے جو فارسی زبان سے کماحقہ واقف نہیں ہیں سادہ اور عام فہم زبان میں ترجمہ کر دیا جائے۔

۵۔ ضمیمے کے طور پر حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی اور حضرت خواجہ محمد پارسا رحہم اللہ تعالیٰ نے جو کچھ اس سلسلے میں فرمایا ہے اسے بھی پیش کر دیا جائے تاکہ جو صاحب اس موضوع پر مزید تحقیق کرنا چاہیں ان کے لئے بھی یہ صورت کسی درجے میں مفید ہو سکے۔

اس سلسلے میں یہ عرض کرنا بھی ضروری ہے کہ آئندہ صفحات میں بعض امور کی وضاحت وصراحت سے متعلق طویل اقتباسات بطور شواہد پیش کئے جائیں گے، ہر چند کہ طویل اقتباسات کا مطالعہ بعض قارئین کے لئے باعثِ زحمت ہو لیکن اس زحمت سے غرض وغایت یہ ہے کہ زیرِ بحث مسئلہ سے متعلق امور تشنۂ تشریح نہ رہیں اور جو نقطۂ نظر پیش کیا جا رہا ہے اس کی تفہیم زیادہ وضاحت اور زیادہ صراحت سے ہو سکے۔

پس منظر۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کو زمان ومکان کے مسئلے سے جو شغف اور تعلق رہا ہے وہ محتاج بیان نہیں ہے۔ ان کے فارسی اور اردو کلام میں جگہ جگہ اس مسئلے کے اخلاقی، روحانی اور مابعد الطبیعاتی پہلوؤں کی نشاندہی ہوتی ہے، فرماتے ہیں

تو کہ از اصلِ زماں آگہ نۂ — از حیاتِ جاوداں آگہ نۂ
زندگی از دہر و دہر از زندگی ست — لاتسبوا الدہر فرمان نبی ست
عشق سلطان است و برہانِ مبیں — ہر دو عالم عشق را زیر نگیں
لازمان و دوش و فردائے ازو — لامکان و زیر و بالائے ازو
لی مع اللہ ہر کرا در دل نشست — آں جواں مردے طلسم من شکست
گر تو می خواہی نب شم درمیاں — لی مع اللہ باز خواں از عین جاں
زمانہ ایک حیات ایک کائنات بھی ایک — حدیثِ کم نظری قصۂ قدیم وجدید

نہ ہے زماں نہ مکاں لا الٰہ الا اللہ   خرد ہوئی ہے زمان و مکاں کی زناری
کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں   اسی روز و شب میں اُلجھ کر نہ رہ جا

اس مسئلے سے غیر معمولی دلچسپی اور انہماک کے سبب علامہ مرحوم نے اپنے عہد کے اکابر علماء اور صوفیاء سے مکاتبت کا سلسلہ قائم کیا۔ بشیر احمد ڈار صاحب کی تحقیق کے مطابق علامہ مرحوم نے حضرت علامہ سید سلیمان ندویؒ حضرت علامہ انور شاہ کشمیری اور حضرت مہر علی شاہ گولڑوی رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم سے اس باب میں رہنمائی چاہی[1]۔ چنانچہ مولانا برکات احمد ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ کا رسالہ "اتقان فی ماہیۃ الزمان" سید سلیمان ندوی قدس سرہ کے توسط سے اور زیرِ نظر رسالہ علامہ انور شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعے علامہ اقبالؒ کو حاصل ہوا۔ لیکن بعض تسامح کی بناء پر علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے زیرِ نظر رسالے کو مشہور صوفی اور شاعر فخر الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۶۸۸ھ کی تصنیف خیال کیا بلکہ اورینٹل کالج لاہور کے سالانہ اجلاس ۱۹۲۸ء کے صدارتی خطبے میں اس کا اظہار بھی کیا[2]۔ تقریباً بیالیس سال تک علامہ مرحوم کا پیدا کردہ یہ تسامح جاری رہا اور ان کے حوالے سے جب بھی اس رسالے کا ذکر ہوا تو یہی کہا گیا کہ رسالۂ مذکور عراقی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے۔ تا آنکہ ۱۹۷۰ء میں بشیر احمد ڈار مرحوم نے اپنے مضمون "اقبال اور مسئلہ زمان و مکان" میں اس التباس کی تردید کی اور رسالے کے مطبوعہ نسخے کی نشاندہی کی ڈار صاحب فرماتے ہیں۔

"اقبال نے لفظ عراقی سے یہ قیاس کیا کہ اس رسالے کا مصنف مشہور صوفی فخر الدین عراقی ہوگا ۔۔۔۔۔۔۔ جناب داؤد رہبر نے اس مقالے کا اردو ترجمہ کرتے وقت بہت کوشش کی، اس مخطوطے کا سراغ معلوم ہو انہوں نے اقبال کی کتابوں اور کاغذات کو چھانا، دار العلوم دیوبند کے

---

[1] بشیر احمد ڈار، اقبال اور مسئلہ زمان و مکان، ماہِ نو اقبال نمبر ۲ ... [illegible]
[2] ایضاً ایضاً ص ۱۰

کتب خانے میں تلاش کروایا جو مجلسِ علمی ڈابھیل کو بطورِ عطیہ دیا گیا تھا لیکن وہ انہیں نہ مل سکا مگر خدا کا شکر ہے کہ اب یہ نسخہ اقبال اکیڈمی نے حاصل کر لیا ہے۔ یہ نسخہ مخطوطہ نہیں بلکہ مطبوعہ ہے۔ یہ عراقی کی تصنیف نہیں بلکہ عین القضاۃ ابو المعالی عبداللہ بن محمد المیانجی الہمدانی کی ہے ....

اس کتاب کا مصنف "عین القضاۃ" کے نام سے مشہور ہے۔ اس کا اصل نام عبداللہ بن محمد ہے۔ وہ ہمدان کا رہنے والا تھا۔ قیاس ہے کہ وہ ۴۹۲ھ مطابق ۱۰۹۸ء میں پیدا ہوا۔ مذہباً وہ اہل سنت اور شافعی تھا لیکن تصوف میں مغلوب الحال ہونے کے باعث معتوب رہا اس پر کفر کے فتوے لگے اور آخر کار اسی وجہ سے اسے پھانسی دے دی گئی ......

طریقت میں وہ شیخ احمد غزالی (برادر حجۃ الاسلام امام غزالی) کا مرید تھا۔"[۱]

نذر صابری صاحب کے پیش لفظ اور مقدمے کے مندرجات سے مترشح ہوتا ہے کہ وہ ۱۹۶۸ء میں رسالۂ مذکور سے پہلی مرتبہ اس وقت متعارف ہوئے جب وہ کتب خانہ مولانا محمد علی مکھڈی کی فہرست سازی کا کام سرانجام دے رہے تھے۔ اس کے بعد ۱۹۷۳ء میں جب وہ دوبارہ آستانۂ عالیہ مکھڈ حاضر ہوئے تو رسالہ مذکور کا مخطوطہ وہاں سے حاصل کیا اور کئی سال تحقیق و جستجو میں صرف کر کے بالآخر ۱۲ دسمبر ۱۹۷۸ء کو اس کام سے عہدہ برآ ہوئے[۲]۔ یہ ان واقعات و حالات کا اجمالی خاکہ ہے جو مذکورہ رسالے کی دریافت سے متعلق برصغیر پاک و ہند میں ۱۹۳۸ء تا ۱۹۷۸ء پیش آتے رہے اور بقول نذر صابری وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے رسالے کو اس کے صحیح تناظر میں شائع کیا ہے[۳]۔ آئندہ صفحات

---

[۱] اقبال اور مسئلہ زمان و مکان — ماہ نو اقبال نمبر اپریل ۱۹۷۰ء ص ۱۸۱

[۲] غایت الامکان فی معرفت الزمان والمکان — شائع کردہ نذر صابری پیش لفظ ص ۳۱ مقدمہ صفحہ آخری

[۳] ایضاً — پیش لفظ ص ۲

میں صابری صاحب کے اسی دعوے کو سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

صابری صاحب کے نقطۂ نظر کی تحقیق۔ نذر صابری صاحب پیش لفظ میں فرماتے ہیں:

"آج سے کوئی دس سال قبل کتب خانہ مولانا محمد علی مکھڈی کی فہرست سازی کے دوران ایک خطی نسخہ سامنے آیا اور جا انجا ست کہتا ہوا دامنِ دل کھینچنے لگا۔ ۱۰×۶ کی تقطیع پر باریک خط نستعلیق میں ۳۲ صفحات کا یہ مخطوطہ جس پر کاتب کا نام اور سنِ کتابت درج نہیں اور آثار سے تین سو سال سے کم نظر نہیں آتا۔ مسئلہ زمان و مکان سے متعلق تھا۔ ترقیمہ نگار نے اس کا نام المکانیہ والزمانیہ لکھا اور عین القضاۃ سید ہمدانی کی تصنیف ظاہر کیا تھا مگر تلاش بسیار کے باوجود نہ تو سید علی ہمدانی کے ہاں اس موضوع پر کسی رسالے کا پتہ چلا اور نہ ہی عین القضاۃ ہمدانی کی تصانیف میں کوئی نام و نشان ملا۔"[1]

"شروع شروع میں ہمارا خیال تھا کہ رسالہ ابھی تک شائع نہیں ہوا، اور ہم اسے پہلی بار شائع کرنے کا فخر حاصل کر رہے ہیں مگر مطالعہ آگے بڑھا تو معلوم ہوا کہ رسالہ دو بار تہران سے شائع ہو چکا ہے پہلی بار ۱۳۱۱ ش میں رسائل شاہ نعمت اللہ ولی اور دوسری بار ۱۳۴۱ ش میں احوال و آثار عین القضاۃ میں تو گویا ناشر ین میں ہم تیسرے نمبر پر ہے مگر اس اعتبار سے کہ ہم رسالے کو پہلی مرتبہ بالاستقلال اپنے صحیح تناظر میں شائع کر رہے ہیں الحمد للہ کہ ہمارا فخر تو اب بھی اپنی جگہ قائم ہے۔"[2]

مذکورہ اقتباسات سے مترشح ہوتا ہے کہ رسالے کی اشاعت سے قبل و طباعت

---

[1] غایت الامکان فی معرفت الزمان والمکان شائع کردہ نذر صابری، پیش لفظ، صفحہ ۱۰
[2] ایضاً، ایضاً، صفحہ ۱۲

کے دوران صابری صاحب کے علم میں یہ بات آچکی تھی کہ جس رسالے کو وہ شائع کر رہے ہیں اس کی تصنیفی نسبت عین القضاۃ ہمدانی سے بھی بیان کی گئی ہے لیکن انہوں نے اس پہلو کو زیادہ قابل توجہ خیال نہیں کیا بلکہ رسالے سے متعلق خطی نسخوں پر مبنی ان معلومات کو زیادہ اہمیت دی جو اس ضمن میں مختلف کتب خانوں نے فراہم کی ہیں اور جن کے فہرست نگاروں میں بلاشبہ احمد منزوی اور امتیاز علی عرشی جیسے بلند پایہ حضرات شامل ہیں لیکن غلطی اور سہو تو ہر انسان سے ممکن ہے علاوہ ازیں یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ کتب خانوں کے فہرست نگار دستیاب معلومات کو درج کرنے کے مکلف ہوتے ہیں تفصیلی تحقیق ان کے دائرۂ کار سے خارج ہوتی ہے لہٰذا کتب خانوں کی فراہم کردہ معلومات پر کُلّی اعتماد کی زیادہ گنجائش نہیں ہوتی بالخصوص اس صورت میں جب کہ کوئی مسئلہ ژولیدہ اور پریشان کُن ہو۔

یہ بات یقیناً قابلِ تحسین ہے کہ صابری صاحب نے خطی نسخوں سے متعلق فراہم کردہ معلومات پر اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ نفحات الانس، کشف الظنون، شد الازار، مجمل فصیحی اور تاریخ نظم و نثر در ایران کا بھی مطالعہ کیا ہے۔ جن کا ذکر مناسب موقع پر کیا جائیگا۔ لیکن اس تمام عمل میں جو بات قابل توجہ تھی وہ مسلسل نظر انداز ہوتی رہی یا کر دی گئی اور وہ یہ تھی کہ حضرت تاج الدین محمود اور عین القضاۃ رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم کی دیگر تصانیف کا بھی مطالعہ کیا جاتا اور اُن تصانیف کے موضوعات، اسالیب، تخلیقی رویے اور شخصی رجحانات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اصل حقیقت تک رسائی حاصل کی جاتی۔ ان تمام امور کو مدنظر رکھنے کے باوصف یہ تو کہا ہی نہیں جا سکتا کہ نقص و خامی کے تمام امکانات معدوم ہو جاتے ہیں البتہ تحقیق کرنے والا حق و صداقت کے زیادہ قریب ہو جاتا ہے، بہر حال اس نوع کے مطالعے کی جو سعی و کوشش کی گئی ہے اسے قارئین آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

Marfat.com

صابری صاحب نے مصنف رسالہ سے متعلق بحث کا آغاز ان الفاظ میں کیا ہے:۔

"صاحب رسالہ نے متن میں اپنے نام یا دیگر متعلقات کا کسی جگہ بھی ذکر نہیں کیا اور نہ ہی رسالے کے زمان و مکان سے کہیں پردہ اٹھایا ہے۔ اس بارے میں کچھ جو معلوم ہوتا ہے سو اتنا ہے کہ یہ رسالہ شیخ ابوالحسن خرقانی م ۴۲۵ھ کے زمانہ مابعد کی تصنیف ہے۔ رسالے کے متن سے مصنف کی اس درجہ کنارہ گزینی اور خود نگہ داری سے بعض کم نظر کانبوں کو کھل کھیلنے کا موقع ملا اور وہ اپنے ہی خیالات کی پرچھائیوں کے پیچھے بھاگتے نظر آنے لگے۔ انہوں نے نہ صرف ترقیموں ہی میں گُل کھلائے بلکہ تجاوزات سے تقدیس متن کو بھی داغدار کیا جس کے نتیجہ میں ان نسخوں پر انحصار کرنے والے اچھے اچھے ارباب تحقیق و تنقید بھی مغالطوں کا شکار ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ ہم یہاں بقدر ہمت و بصیرت ان مغالطوں کا فرداً فرداً مختصر مگر جامع تجزیاتی مطالعہ پیش کریں گے تاکہ ایک تو ہمارا یہ دعویٰ بے دلیل نہ رہے اور دوسرے رسالہ جب منظر عام پر اصل مصنف سے ہمکنار ہو تو اس کے گرد و پیش سے غلط نسبتوں کے تمام دھندلکے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رخصت ہو چکے ہوں":[1]

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے کہ اگر صابری صاحب کے پیش نظر عین القضاۃ ہمدانی کی وہ تصانیف ہوتیں جو ایران کے ارباب علم و تحقیق نے بڑی محنت اور تلاش کے بعد شائع کی ہیں تو انہیں معلوم ہوتا کہ اپنے نام کے اظہار سے استغنا، اور اپنی ذات سے کنارہ گزینی عین القضاۃ ہمدانی کی ہر تصنیف میں نمایاں ہے لیکن جب وہ تکفیر، بے دینی اور ضلالت

---

[1] غایت الامکان فی معرفت الزمان والمکان شائع کردہ نذر صابری مقدمہ ص۳

Marfat.com

کی تہمتوں سے متہم کئے گئے اور قوام الدین ناصر بن علی ابو القاسم درگزینی کے حسد کا نشانہ بنے[1] تو قید خانے میں اپنی آخری کتاب "شکوی الغریب عن الاوطان الی علماء بلدان" اپنی جرأت کے سلسلے میں تحریر کی اور اسی میں اپنی ان تصانیف کا ذکر کیا جو اس وقت اور اس حالت کرب و محن میں ان کے حافظے میں آئیں اگر ایسا نہ ہوتا اور وہ ایک عام آدمی کے مانند فطری موت سے ہمکنار ہوتے تو شاید ان کی اکثر تصانیف سے ہم سب ناآشنا ہوتے اور وہ تصانیف بھی امتداد زمانہ کے ہاتھوں دوسرے اشخاص سے منسوب ہوتیں۔ ڈاکٹر بہمن کریمی رسالہ یزداں شناخت کے دیباچے میں تحریر کرتے ہیں:

"معروف ترین مصنفات
عین القضاۃ کتاب زبدۃ الحقائق
است کہ بہ تمہیدات معروف
گردید و دیگر شکوی الغریب
کہ در حبس نگاشتہ و از آں یاد کردیم
و ہمچنیں رسالات فارسی دیگری
است از آں جملہ رسالہ یزداں
شناخت[2]"

عین القضاۃ کی تصانیف میں
معروف ترین تصنیف
زبدۃ الحقائق ہے جو (کسی وجہ سے)
تمہیدات کے نام سے معروف
ہوئی اور دوسری تصنیف
شکوی الغریب ہے جو قید خانے
میں لکھی گئی اسی سے ہم نے ذکر کیا
ہے اور اسی طرح کے دوسرے
فارسی رسالے (عین القضاۃ کی
تصنیف) ہیں انہیں میں سے
ایک رسالہ یزداں شناخت ہے

---

[1] رحیم فرمنش ڈاکٹر احوال و آثار عین القضاۃ ابو المعالی عبداللہ بن محمد المیانجی الہمدانی تہران ۱۳۳۸ھ ش ص ۱۲
[2] بہمن کریمی دیباچہ رسالہ یزداں شناخت تہران ۱۳۲۷ھ ش

Marfat.com

ذیل میں عین القضاۃ ہمدانی کی اُن تصانیف کے نام دیئے جاتے ہیں جو ایران کے ارباب علم و تحقیق نے شائع کی ہیں اور جو معمولی کوشش کے بعد مطالعے کیلئے دستیاب ہو سکتی ہیں۔

۱۔ رسالہ یزداں شناخت ۔ ڈاکٹر بہمن کریمی نے ۱۳۲۷ش میں تہران سے شائع کیا۔

۲۔ رسالہ لوائح ۔ ڈاکٹر رحیم فرمنش نے ۱۳۳۸ش میں تہران سے شائع کیا۔

۳۔ تمہیدات[1] ۔ احمد بن محمد کریم التبریزی نے ۱۳۴۲ش میں شیراز سے شائع کیا۔

۴۔ شکوی الغریب عن الاوطان الی علماء بلدان ۔ محمد بن عبد الجلیل نے مجلّہ آریاتیک میں ۱۹۳۰ء میں شائع کیا۔

قارئین کے مطالعے کے لئے مذکورہ تصانیف اور دیگر تصانیف سے متعلقہ اقتباسات اس وقت پیش کئے جائیں گے جب عین القضاۃ ہمدانی کی تصانیف کے موضوعات، ان کے اسلوب، تخلیقی روّیے اور شخصی رجحانات کے بارے میں عرض کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فی الوقت یہی عرض کرنا مقصود تھا کہ وجوہ کچھ بھی ہوں عین القضاۃ ہمدانی اپنی تصانیف میں اپنا نام اور شخصیت نمایاں کرنے کی جانب طبعاً مائل نہ تھے اور محض اسی ذاتی اور شخصی روّیے کے باعث یہ مسئلہ پیدا ہوا۔[2]

ے۱ تمہیدات میں عین القضاۃ نے اپنا پورا نام ظاہر کیا ہے ملاحظہ فرمائیں احوال و آثار عین القضاۃ ص ۱۲۵

ے۲ حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ متوفی ۴۶۵ھ نے کشف المحجوب میں یہ لطیفہ بیان فرمایا ہے۔ اپنا نام ثبت نہ کرنے کے باعث ایک صاحب نے ان کا دیوان اشعار چھپا لیا اور دوسرے صاحب نے ان کی تصنیف منہاج الدین کو خود سے منسوب کر لیا تھا بنا بریں کشف المحجوب میں انھوں نے اپنا نام تحریر کر دیا تاکہ اس قسم کے فتنے کا سدباب ہو جائے ملاحظہ فرمائیں کشف المحجوب فارسی ص۲ لاہور ۱۹۶۷ء

Marfat.com

صدیوں تک وقف محرومی رہا۔ ج

له غایت الامکان فی م

ـه عمر رضا کحالہ

محمد کبیر الدین رازی
ایم بی اے
☎ 042-37300501

Marfat.com

جس صورت حال سے دوچار اور جس روحانی اور ذہنی کرب میں مبتلا کر دیے گئے تھے اس میں حافظے کا ساتھ نہ دینا ایک فطری امر ہے۔ مستبعد ہرگز نہیں۔

نذر صابری صاحب کے نزدیک رسالہ غایۃ الامکان عین القضاۃ کی تصنیف نہ ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ:

"بیہقی سے آج تک کسی معتبر تذکرہ نگار نے بھی رسالے کو ان کی تصانیف میں شمار نہیں کیا۔"[1]

ممکن ہے کہ صابری صاحب کا یہ دعویٰ کسی حد تک درست ہو اور ان کی تحقیق میں یہ امر ثابت ہوا ہو کہ کسی معتبر تذکرہ نگار نے رسالۂ مذکور کو عین القضاۃ ہمدانی سے منسوب نہیں کیا لیکن ایک انتہائی معتبر اور ثوثق شہادت حضرت شاہ رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ م ۱۲۳۳ھ کی ضرور دستیاب ہے جنہوں نے رسالے کا مطالعہ کیا اور اپنی تصنیف "تکمیل الاذہان" میں اس کا ذکر اجمالی طور پر کیا ہے۔ شاہ صاحب فرماتے ہیں:

والصوفیۃ شاھدوا فی کل موطن	صوفیہ نے غیب و شہادت کے
من الغیب والشہادت زماناً	ہر مقام پر زمان و مکان کا دہ
و مکاناً غیر مانی موطن آخر فصلہ	مشاہدہ کیا جو دوسرے مقام کے
عین القضاۃ فی الرسالۃ	خلاف تھا اس کی تفصیل
الزمانیۃ والمکانیۃ وسکت عند	عین القضاۃ نے رسالہ زمانیہ
اذا الغرض مجرد التمثیل لا القصد	ومکانیہ میں کی ہے اور میں اس
الی تحقیق امرہ[2]"	سے خاموش رہا کیونکہ مقصد محض
	تمثیل ہے معاملے کی تحقیق کا ارادہ

---

[1] مقدمہ ص ع

[2] رفیع الدین دہلوی شاہ تکمیل الاذہان ص ۱۵۲ گوجرانوالہ ۱۳۸۳ھ

Marfat.com

محل بھی نہیں ہے لیکن بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صابری صاحب نے ڈاکٹر رحیم فرمنش کے اس مقالے کا مطالعہ نہیں فرمایا ہے کیونکہ ان کے مقدمے میں اس مقالے کے مندرجات کا کوئی حوالہ موجود نہیں ہے بہرحال اس سلسلے میں وہ فرماتے ہیں :

" احمد منزوی نے اپنی فہرست میں غایۃ الامکان کا مجمل تعارف کراتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ رسالہ عین القضاۃ سے بھی منتسب ہے۔ ان کا اشارہ غالباً ڈاکٹر رحیم فرمنش کی کتاب " احوال و آثار عین القضاۃ " کی جانب ہے جس میں موصوف نے غایۃ الامکان کو نویں صدی ہجری کے ایک نسخے کی بنیاد پر عین القضاۃ کی تصانیف میں شامل کر دیا ہے[1] "۔

" لیکن ڈاکٹر فرمنش کو اگر ایران ہی میں موجود اس کے دوسرے نسخوں کا علم ہوتا تو وہ کبھی رسالے کو عین القضاۃ کے دامن سے وابستہ نہ کرتے[2] "

" وہ افسانہ پر چلنے والیوں کی داستان ختم ہوئی۔ ماسبق الذکر ۲۶ نسخوں میں سے صرف ۵ نسخے، جیسا کہ تفصیلاً مذکور ہوا، خواجہ روزبہان شیخ عین القضاۃ اور سید علی ہمدانی کی جانب غلط انتساب کا شکار ہوئے ہیں۔ باقی ماندہ ۲۱ میں سے ۱۲ خود کو شیخ اشنوی کی تصنیف قرار دیتے ہیں اور ۸ ایسے ہیں جو اپنے مصنف کے بارے میں خاموش ہیں (نسخہ ترنگ زئی سے متعلق بجز عنوان کچھ معلوم نہیں) اشنوی کو اپنا مصنف ظاہر کرنے والے نسخے نہ صرف تعداد میں زیادہ ہیں بلکہ تمام قدیم اور معتبر نسخوں کا تعلق بھی اسی گروہ سے ہے[3] "۔

---

[1] غایت الامکان — شائع کردہ نذیر صابری — مقدمہ ص ع
[2] ایضاً — ایضاً — ایضاً
[3] ایضاً — ایضاً — ایضاً

Marfat.com

صابری صاحب نے جو معیار کسی تصنیف کے اصل مصنف کی دریافت کے سلسلے میں قائم کیا ہے ہو سکتا ہے ڈاکٹر رحیم فرمنش کے پیشِ نظر نہ وہ عیار ہو اور نہ معیار ہو، ویسے بھی صابری صاحب نے غایۃ الامکان کے خطی نسخوں کی کثرت کا جن میں اسکی تصنیف کی نسبت شیخ اشنوی سے دی گئی ہے جو معیار قائم کیا ہے وہ معیار بذات خود اصل مصنف کی دریافت کے لئے ناکافی ہے۔ ایسی صورت میں جب کسی تصنیف کے مصنف کے سلسلے میں متضاد بیانات ہوں تو محقق خطی نسخوں کی تعداد کی کثرت و قلت پر فیصلے صادر نہیں کرتے بلکہ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ ان مصنفین نے متنازعہ تصنیف کے علاوہ کچھ اور تصانیف بھی تحریر کی ہیں ان تصانیف کو سامنے رکھ کر ہی اسلوب، شیوۂ بیان، روشِ اظہار، مخصوص لب و لہجہ اور آہنگ تحریر پر غور کیا جاتا ہے اور محقق ان تمام امور میں یکسانیت اور ہم آہنگی دریافت کرنے کے بعد اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں پھر اہلِ نظر اس کی توثیق یا تردید کرتے ہیں ڈاکٹر رحیم فرمنش خود اہلِ زبان ہیں۔ فارسی زبان و ادب کے ارتقاء اور تغیرات سے آشنا ہیں نیز ذوقی اور وجدانی سطح پر فارسی نظم و نثر کے سبک کا شعور رکھتے ہیں اور انہوں نے اپنے تحقیقی مقالے میں عین القضاۃ کے خاص اسلوب اور سبک پر ایک باب بھی قائم کیا ہے[1] جس میں انہوں نے عین القضاۃ کے خاص اسلوب کی ۲۸ خصوصیات کا ذکر کیا ہے۔ عین ممکن ہے کہ غایۃ الامکان کے بارے میں یہی معیار ان کے فیصلے کی بنیاد ہو۔ تاہم ڈاکٹر فرمنش کو اپنی ترجیح کے اسباب پر ضرور روشنی ڈالنی چاہیئے تھی جو انہوں نے اپنے مطبوعہ رسالے کے دیباچے میں نظر انداز کر دی ہے لیکن اس سہو کے باوصف ان کی تحقیق کی اہمیت اپنی جگہ قائم ہے۔ دوسری جانب صابری صاحب پر بھی لازم تھا کہ اس نوع کے

---

[1] احوال و آثار عین القضاۃ ابو المعالی عبداللہ بن محمد المیانجی الہمدانی باب چہارم

Marfat.com

تقابلی مطالعے کی کوئی نہج پیدا کرتے اور پھر کسی فیصلے کی جانب قدم اٹھاتے محض قرعہ ڈالنے سے ایسے نازک امور طے نہیں ہو جاتے۔

صابری صاحب نے یہ بھی تحریر فرمایا ہے:

"نیز نظریۂ مکانِ الٰہی جو بعد میں رسالے کا موضوع بنا عین القضاۃ کے معاندین کی نگاہ کی خردہ گیری سے کیسے بچ سکتا تھا۔ خاص کر جب کہ اس کا قائل پہلے ہی ہدفِ تکفیر رہ چکا ہو۔ نیز ابن سفا بغدادی کے سانحۂ ارتداد کا ذکر اور رسالے کا واضح طور پر جداگانہ طرزِ نگارش وہ داخلی دلائل و شواہد ہیں جو شیخ عین القضاۃ ہمدانی کی طرف رسالے کے انتساب کی دائماً تردید کرتے رہیں گے"[1]

ان سطروں سے صابری صاحب کا نقطۂ نظر اور ما فی الضمیر واضح نہیں ہوتا۔ بہر حال جو کچھ سمجھ میں آیا ہے اس کی بنا پر عرض کیا جاتا ہے کہ صرف و محض رسالہ غایۃ الامکان کے حوالے سے عین القضاۃ ہمدانی موردِ الزام قرار نہیں دیے گئے۔ اگرچہ خود ان کے قول کے مطابق شور بخت اور کور دل حاسد لفظ مکان پر بھی بھڑکے ہیں جو اثنائے گفتگو میں عین القضاۃ کی زبان پر آیا[2] جس کا مکمل اقتباس آئندہ پیش کیا جائے گا بلکہ بہ حیثیت مجموعی ان کی تصانیف میں جن خیالات، تصورات اور نفسی میلانات کا اظہار ہے حاسدین اس پر نہ ورہ برافروختہ ہوتے ہیں اور شکوی الغریب اس کا بیّن ثبوت ہے۔

ابن السفاء بغدادی کے ارتداد سے عین القضاۃ ہمدانی کی طرف رسالے کی دائماً تردید کا جو تعلق ہے اسے صابری صاحب نے واضح نہیں کیا اور نہ عبارت سے اس

---

[1] غایت الامکان شائع کردہ نذر صابری مقدمہ صفحہ غ

[2] غایت الامکان فی درایۃ المکان صفحہ ۳ شائع کردہ ڈاکٹر رحیم فرمنش تہران ۱۳۲۸ شمسی

Marfat.com

کا مفہوم قاری کی گرفت میں آتا ہے، ہو سکتا ہے کہ ٹائپ میں چھپائی کا کوئی نقص ہو بہرحال یہ واقعہ تو بذات خود عین القضاۃ ہمدانی کی تائید میں جاتا ہے کیونکہ یہ واقعہ تو خود ان کی زندگی میں واقع ہوا ہے اور عین القضاۃ نے اپنے رسالے میں کہا بھی یہی ہے کہ:

"اگر یک دلیل از دلائل توحید برا او روشن شدہ بودی ہمانا کہ ہرگز او را ایں واقعہ نیفتادی"[1]

اگر دلائل توحید میں سے ایک دلیل بھی اس پر (ابن السقاء بغدادی پر) روشن ہوتی تو اسے ہرگز یہ واقعہ پیش نہ آتا۔

اس واقعہ کی تفصیل ابن خلکان م ۶۸۱ھ نے وفیات الاعیان میں یوسف بن ایوب وَھرہ الہمدانی کے ذکر میں دی ہے:

وقدم بغداد فی سنۃ خمس عشرۃ وخمسمائۃ وحدث بہا، وعقد بہا مجلس الوعظ بالمدرسۃ النظامیہ وصارف بہا قبولا عظیماً من الناس، قال ابو الفضل صافی بن عبداللہ الصوفی الشیخ الصالح حضرت مجلس شیخنا یوسف الھمذانی فی النظامیہ وکان قد اجتمع العالم فقام فقیہ یعرف بابن السقاء

اور (یوسف بن وَھرہ ہمدانی) ۵۱۵ھ میں بغداد آئے اور حدثیں بیان کیں اور بغداد ہی میں مدرسہ نظامیہ میں مجلس وعظ منعقد کی اور لوگوں میں بڑی مقبولیت حاصل کی۔ ابو الفضل صافی ابن عبداللہ صوفی شیخ صالح نے کہا ہے کہ میں اپنے شیخ یوسف ہمدانی کی مجلس میں نظامیہ میں حاضر تھا اور

---

[1] غایۃ الامکان فی درایۃ المکان ص ۲ شائع کردہ ڈاکٹر رحیم فرمنش تہران ۱۳۳۶ ش

Marfat.com

واذاه وسأله عن مسألة، فقال
له الامام یوسف: اجلس فانی
أجد من کلامک رائحة الکفر و
لعلک تموت علی غیر دین الاسلام
قال ابوالفضل فاتفق انه بعد
هذا القول بمدة قدم رسول نصرانی
من ملک الروم الی الخلیفة
فمضی الیه ابن السقاء وسأله
أن یصحبه وقال له: یقع فی أن
أترک دین الاسلام وادخل فی
دینکم فقبله النصرانی وخرج معه
الی القسطنطنیة والتحق بملک
الروم وتنصر ومات علی النصرانیة

وہاں ایک دنیا جمع ہو گئی تھی تو
ایک فقیہ کھڑا ہوا جو ابن السقاء
کے نام سے مشہور تھا اور اس نے
آپ کو ایذا دی اور ایک مسئلے
کے متعلق سوال کیا تو اس سے
امام یوسف نے کہا بیٹھ جاؤ میں
تمہارے کلام سے کفر کی بُو محسوس
کرتا ہوں اور ہو سکتا ہے کہ تمہاری
موت دین اسلام کے علاوہ کسی
اور دین پر ہو ابو الفضل فرماتے
ہیں کہ ایسا اتفاق ہوا کہ اس واقعہ
کی کچھ مدت کے بعد شہنشاہ روم
کی طرف سے خلیفہ کے پاس
ایک نصرانی قاصد آیا تو ابن السقاء
اس کے پاس گیا اور اس سے
درخواست کی کہ اسے اپنے ساتھ
لے چلے اور اس نے اس سے کہا
کہ میرے دل میں یہ بات آئی
ہے کہ میں دین اسلام چھوڑ دوں
اور تمہارے دین میں داخل ہو

له وفیات الاعیان ابن خلکان جلد ہفتم [illegible] بیروت ۱۹۶۸ء

جاؤں۔ نصرانی نے اس کی بات
قبول کرلی اور وہ اس کے ساتھ
قسطنطنیہ چلا گیا شہنشاہ روم سے
وابستہ ہوگیا نصرانی بن گیا، اور
نصرانیت پر اسکی موت واقع ہوئی۔

اگر بالفرض محال یہ تسلیم کر لیا جائے کہ رسالہ غایۃ الامکان شیخ تاج الدین محمود اشنوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ہے تو یہ واقعہ نذر صابری صاحب کے قیاس کے مطابق کہ شیخ اشنوی چھٹی صدی ہجری کے اواسط میں پیدا ہوئے ہوں گے[1]۔ ان کی ولادت سے تیس چالیس سال قبل ہونا چاہیئے کیونکہ ابن خلکان نے واقعہ کا وقوع ۵۱۵ھ میں بیان کیا ہے۔ اس اعتبار سے کسی شخص نے شیخ اشنوی سے ابن السقاء بغدادی کا واقعہ بیان کیا ہوگا۔ اصولاً جیساکہ ہمارے ہاں علم حدیث اور روایتِ حدیث کے زیرِ اثر طریقہ رہا ہے شیخ پر لازم تھا کہ وہ رسالے میں ماخذ علم کو ظاہر کرتے کیونکہ ان سے قبل اور ان کے بعد اکابر کی یہی روش رہی ہے اور حزم واحتیاط کا تقاضا بھی یہی ہے ابن خلکان کی بدیہی مثال موجود ہے انہوں نے اپنے راوی کا نام ظاہر کردیا ہے۔ کون ہے جو شیخ اشنوی کے بارے میں یہ بدگمانی کرے کہ انہوں نے اکابر کی راہ سے روگردانی کی اور حزم واحتیاط سے کام نہیں لیا لیکن رسالے میں جس نہج سے اس واقعہ کو قلمبند کیا گیا ہے اس سے یہ حقیقت کہیں ظاہر نہیں ہوتی کہ صاحب رسالہ کی اطلاع کا ماخذ کیا ہے اور اس کا راوی کون ہے بلکہ عبارت کا طور اسی قسم کا ہے کہ لکھنے والا اس کا عینی شاہد ہے اور وہ سوائے عین القضاۃ ہمدانی کے کوئی دوسرا

---

[1] غایت الامکان شائع کردہ نذر صابری مقدمہ ص۵

Marfat.com

نہیں ہو سکتا کیونکہ وقوع واقعہ کے وقت ان کی عمر ۲۳ سال تھی۔[1] وہ اور ابوالفضل صافی بن عبداللہ اس کے راوی ہیں لہٰذا عین القضاۃ کو دائماً تردید کے بجائے دائماً تائید حاصل ہو گئی کہ وہی رسالہ "غایۃ الامکان فی درایۃ المکان" کے حقیقی مصنف ہیں جس عبارت کا مذکورہ سطور میں ذکر کیا گیا ہے وہ بھی ملاحظہ فرمالیں تاکہ جو کچھ عرض کیا گیا ہے اس کی توثیق ہو جائے۔

"و متکلم دلیل توحید می گوید و فرا می نماید که موقن است و اندرون بشک وشبهت آگنده و ابن السقاء بغدادی بر کنار دجله ایستاده صد دلیل بر توحید و وحدانیت حق بولا فرو خواند پس ترسا شد و سوگند یاد کرد که بعده هر دلیلی که بر توحید گفته ام دلیلی بر ثالث ثلاثه بگویم. اگر یک دلیل از دلائل توحید براو روشن شده بودی همانا که هرگز او را این واقعه نیفتادی"۔[2]

اور متکلم توحید پر دلیل لاتا ہے! اور ظاہر کرتا ہے کہ وہ توحید پر یقین رکھتا ہے۔ لیکن اس کا باطن شک و شبہ میں آلودہ ہو۔ اور ابن السقاء بغدادی نے ساحل دجلہ پر کھڑے ہو کر تقریر کی اور حق تعالیٰ کی توحید اور وحدانیت پر پے در پے سو دلائل دیے اس کے بعد مشرک ہو گیا اور قسم کھا کر کہا کہ اب ہر اس دلیل پر جو توحید کے بارے میں میں نے دی ہے تین میں سے تیسرے پر دوں گا اگر دلائل توحید میں سے ایک دلیل بھی اس پر

۱؎ رحیم فرمنش: احوال و آثار عین القضاۃ ص ۶۵ تہران ۱۳۲۹ ش
۲؎ غایۃ الامکان فی درایۃ المکان ص ۔ شائع کردہ ڈاکٹر رحیم فرمنش

روشن ہوتی تو اسے ہرگز یہ واقعہ
پیش نہ آتا۔

صابری صاحب نے طرزِ نگارش کی بات بھی ادھوری چھوڑ دی ہے طرزِ نگارش کی ایسی مثالیں جن سے عین القضاۃ ہمدانی کے صاحب رسالہ ہونے کی تردید ہو سکتی ہو پیش نہیں کی گئی ہیں بہر حال جب طرزِ نگارش کا پہلو زیرِ بحث آئے گا تو عین القضاۃ کی فارسی تصانیف کے اقتباسات جن کا گزشتہ صفحات میں وعدہ کیا گیا ہے پیش کئے جائیں گے۔ جن کے مطالعہ سے قارئین پر اُن تصانیف اور رسالہ مذکور کے طرزِ نگارش کی یکسانیت اور مماثلت واضح ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ لیکن اس سے قبل مذکورہ رسالے سے ایک اور داخلی شہادت پیش کی جا رہی ہے جس سے یہ بات یقین کی حد تک ثابت ہو جاتی کہ رسالہ "غایۃ الامکان فی درایۃ المکان" کے مصنف عین القضاۃ ہمدانی ہی ہیں۔

غایۃ الامکان کی دوسری داخلی شہادت جو عین القضاۃ ہمدانی کے حق میں ہے اور کسی طرح شیخ تاج الدین محمود رحمۃ اللہ علیہ پر منطبق نہیں ہوتی یہ ہے کہ شیخ تاج الدین محمود ابنائے زمانہ کے عناد اور حسد کے اس طرح ہدف نہیں بنے کہ ان کی تکفیر کی گئی ہو یا ان پر الحاد و زندقہ کی تہمت دھری گئی ہو۔ شد الازار اور نفحات الانس جن کا حوالہ صابری صاحب نے بھی اپنے مقدمہ میں دیا ہے اس نوعیت کے ذکر سے خالی ہیں جب کہ اکثر تذکرہ نگاروں نے اور حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ م ۷۲۵ھ کے ملفوظات میں عین القضاۃ پر کئے گئے مظالم کی نشاندہی کی ہے۔
یہاں شد الازار، نفحات الانس، طرائق الحقائق اور فوائد الفواد کے اقتباسات پیش کرنے کے بعد غایۃ الامکان کی وہ عبارت جسے شہادت ثانیہ کہا گیا ہے پیش کی جاتی ہے شد الازار میں مندرجہ ذیل حالات بیان کئے گئے ہیں۔

Marfat.com

"تاج الدین اشنہی۔ اطلاع
درست روشنی از احوال این
شخص در جای بدست نیاوردیم
دلی گمان میکنیم بظن بسیار قوی که
این شیخ تاج الدین الاشنہی
باید پدر شیخ صدر الدین محمد اشنہی
سابق الذکر در ص ۳۰۰ حاشیہ ۸
باشد که بنقل از وصاف شمۂ
از احوال او را در آنجا ذکر نمودیم
درکتاب "تحفۃ العرفان فی
ذکر سید الاقطاب روزبہان"
در فصل مشائخ که معاصر با شیخ
روزبہان بقلی (متوفی در ۶۰۶ھ)
بوده اند ولی باو ملاقات
نکرده بوده اند حکایتی ممتع راجع
بیکی از ایشان موسوم بشیخ الاسلام
تاج الدین محمود اشنہی نقل می
کند بروایت از پسر او شیخ
صدر الدین محمد اشنہی که بواسطہ
طول حکایت از نقل آن صرف
نظر گردید در مجمل فصیحی خوافی در

ہمیں کسی جگہ ان صاحب کے
حالات زندگی کے بارے صحیح
اور واضح معلومات حاصل
نہیں ہوئیں لیکن بہت ہی قوی
قیاس پر ہمارا خیال ہے کہ یہ
شیخ تاج الدین اشنہی شیخ
صدر الدین محمد اشنہی کے والد
ہوں گے جن کا ذکر اس کتاب
کے ص ۳۰۰ حاشیہ ۸ میں پہلے
ہی آچکا ہے اور وہاں ہم نے
ان کے بہت کم حالات وصاف
سے نقل کئے ہیں۔ کتاب
"تحفۃ العرفان فی ذکر سید الاقطاب
روزبہان" کی اس فصل میں جس
میں شیخ روزبہان (متوفی ۶۰۶ھ)
کے ہم عصر ان مشائخ کا ذکر ہے
جن سے شیخ کی کبھی ملاقات
نہیں ہوئی ایک ممتع حکایت
ان میں سے ایک شیخ کے بارے
میں جو شیخ الاسلام تاج الدین
محمود اشنہی کے نام سے موسوم تھے

Marfat.com

حوادث ۶۴۶ھ در ترجمہ احوال شیخ سیف الدین باخرزی متوفی در ۶۵۹ھ گوید کہ وی خرقۂ تبرک از دست شیخ تاج الدین محمود بن حداد الاشنہی پوشیدہ است[1]"۔

ان کے فرزند صدر الدین محمد اشنہی کی روایت سے نقل کی ہے، جسے بہ سبب طوالت صرف نظر کیا گیا ہے فصیحی خوافی مجمل میں ۶۴۶ھ کے حالات کا ذکر کرتے ہوئے شیخ سیف الدین باخرزی متوفی ۶۵۹ھ کے احوال کے تحت بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے شیخ تاج الدین محمود بن حداد اشنہی سے خرقۂ تبرک (یعنی خلافت) پہنا ہے۔

حضرت مولانا عبد الرحمن جامی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۸۹۸ھ نے سلطان مجد الدین طالبہ رحمۃ اللہ علیہ کے ذکر میں شیخ محمود اشنوی کے بارے میں تحریر فرمایا ہے۔

"چوں وی را وفات رسید در اندرون شہر ہرات تلامذہ خشک وفیروز آباد دفن کردند و شیخ محمود اشنوی رحمہ اللہ تعالیٰ کہ صاحب رسالہ غایت الامکان فی معرفتہ الزمان والمکان ست در گنبد مقبرہ وی مدفونست و این

جب ان کی وفات ہوگئی تو خشک اور فیروز آباد کے تلامذہ نے انہیں اندرون شہر ہرات دفن کر دیا اور شیخ محمود اشنوی (اللہ ان پہ رحم فرمائے) جو رسالہ غایت الامکان فی معرفتہ الزمان والمکان کے مصنف ہیں انہی

---

[1] ابو القاسم معین الدین جنید شیرازی شد الازار مرتبہ علامہ محمد قزوینی ص۲۵۲ حاشیہ ۴ طہران ۱۳۲۸ش

Marfat.com

شیخ محمود از اصحاب و تلامذہ مولانا شمس الدین محمد بن عبدالملک دیلمی است رحمہ اللہ تعالیٰ کہ از اکابر مشائخ و محققان ست و سخن در حقیقت زماں و تحقیق آں چنانچہ در مصنفات دیگراں کم یافت شود"[1]

کے مقبرہ میں دفن ہیں اور یہ شیخ محمود مولانا شمس الدین محمد بن عبدالملک کے (اللہ ان پر رحم فرمائے) شاگرد ہیں مولانا شمس الدین اکابر مشائخ اور محققین میں سے ہیں اور ان کی تصانیف میں زمان کی حقیقت اور اس کی تحقیق سے متعلق جو باتیں بیان ہوئی ہیں دوسروں کی مصنفات میں کم ملتی ہیں۔

ڈاکٹر بہمن کریمی نے رسالہ یزداں شناخت کے دیباچے میں عین القضاۃ کے حالات میں تحریر کیا ہے:

"و ہمچنیں در طرائق الحقائق نقل از تاریخ یافعی جزء حوادث سال (۵۲۵ ہجری) آمدہ است در ایں سال ابوالمعالی عین القضاۃ عبداللہ بن محمد ہمدانی فقیہ علامہ ادیب دیکی از کسانیکہ در ہوش و ذکا، باو مثل زدہ میشد کشتہ شد زیرا در سخنانش اشارت و

اور اسی طرح کا واقعہ تاریخ یافعی سے (سال ۵۲۵ ہجری) کے واقعات سے متعلق طرائق الحقائق میں نقل ہوا ہے۔ اس سال ابوالمعالی عین القضاۃ عبداللہ بن محمد ہمدانی فقیہ علامہ ادیب جو ایسے لوگوں میں ت تھے جن کی عقل اور ذکاوت

[1] جامی عبدالرحمٰن مولانا نفحات الانس من حضرات القدس صفحہ ۲۲۷ نول کشور لکھنؤ ۱۹۱۰

رموزی بود کہ مردم در نمی یافتند وادرا بکفر و زندقہ نسبت می کروند[1]"

میں مثال دی جاتی ہے قتل کر دیے گئے کیونکہ ان کے اقوال میں ایسے اشارات اور رموز تھے جنہیں لوگ نہیں سمجھ سکے اور ان کی نسبت کفر و زندقہ سے کرتے تھے۔

"بندہ عرض داشت کرد کہ مکتوبات عین القضاۃ ہمدانی ہم نیکو کتابیست ولی بتمامی ضبط نمی شود فرمود آری کہ آں را از سر حال بنشتہ است از سر وقت کہ اورا بود بنشتہ بعد ازاں بر لفظ مبارک راند کہ او بست و پنج سالہ بود کہ ادرا بسوختند. عجب کاری دراں سن کہ غایت قوت جوانیست اورا چنداں شغل و تعلق بحق بود بس عجب کاری بود آں[2]"

بندے نے عرض کیا کہ مکتوبات عین القضاۃ ہمدانی بھی بڑی اچھی کتاب ہے لیکن پوری طرح گرفت میں نہیں آتی. فرمایا یہ ٹھیک ہے انہوں نے اسے ایک خاص حال میں لکھا ہے اور ایک خاص وقت میں جو ان پر آتا تھا اس میں اسے لکھا ہے بعد ازاں آپ نے زبانِ مبارک سے ارشاد فرمایا کہ وہ پچیس برس کے تھے کہ انہیں جلا دیا گیا اس عمر میں یہ عجیب وغریب کارنامہ قوت جوانی

---

[1] رسالہ یزداں شناخت، دیباچہ ص ی
[2] حسن علاء سجزی، فوائد الفواد جلد اول مجلس سی و سوم ص ۱۴۲-۱۴۱ لاہور ۱۹۶۶ء

کی انتہا ہے۔ انہیں حق تعالیٰ
سے اس درجہ تعلق اور اس کی
ذات میں اتنا انہماک تھا یہ
ان کا عجیب وغریب کارنامہ
ہے[۱]۔"

غایۃ الامکان کی تصنیف کا سبب بیان کرتے ہوئے صاحب رسالہ نے وہ حقیقت بھی ظاہر کر دی ہے جو ان کے اور معاندین کے مابین باعث نزاع بنی اور اس رسالے کا موضوع بھی ہے:

"وقتی در اثنای سخن وحالتی گرم	ایک دفعہ بر سبیل تذکرہ جب
بر زبان ما بر فت کہ لفظ مکان	گفتگو زوروں پر تھی ہماری
در اخبار آمدہ است آں را	زبان سے نکل گیا کہ لفظ مکان
انکار نباید کرد ولیکن مکان ہر	چونکہ احادیث میں آیا ہے اس
چیزی بباید شناخت تا تشبیہ	کا انکار نہ کرنا چاہیئے لیکن ہر چیز
از راہ برخیزد۔ پس جماعتی	کے مکان کو جاننا پہچاننا چاہیئے
کوردلاں وشوربختاں از سر	تاکہ تشبیہ کا گمان باقی نہ رہے
تعصّب وحسد وعناد وجحود	بس یہ کہنا تھا کہ شوربختوں اور
ایں کلمہ را دست آویز کردند و	کوردلوں کی ایک جماعت نے
بر نجانیدن ما میاں در بستند	تعصّب اور حسد، عناد اور
ورقم تشبیہ بر ما کشیدند وبتکفیر	انکار کی راہ سے اس بات کو

[۱] یہ ترجمہ پروفیسر محمد سرور کے فوائد الفواد کے اردو ترجمہ سے نقل کیا گیا ہے ص ۱۰۶ لاہور ۱۹۷۶ء طبع دوم

ما حکم دادند و فتویٰ دادند "تا
ناچار از بہر اظہار برائت ساحت
خود از غبار تشبیہ ایں مخدرۂ
عذرا را بر آں عنیناں علم
طبیعت عرض بایست کرد
و ایں یوسف با جمال را بداں
کور دلاں جلوہ بایست داد"[1]

دستاویز بنا لیا اور ہمیں تکلیف پہنچانے پر کمر بستہ ہو گئے اور ہم پر تشبیہ کا الزام اور کفر کا حکم لگایا اور فتویٰ دے دیا۔ تب مجبوراً اپنی ذات کی برائت کے لئے اس پردہ نشین دوشیزہ کو تشبیہ کے غبار سے نکال کر ان نامردطبعی والوں پر ظاہر کرنا پڑا اور اس یوسف پُر جمال کا جلوہ ان کور دلوں کو دکھانا پڑا۔

جیسا کہ اس سے قبل عرض کیا جا چکا ہے اور اب پھر تسلسل مضمون کے خیال سے اعادہ کیا جاتا ہے شد الازار اور نفحات الانس کے بیان کے سے کہیں یہ بات ظاہر نہیں ہوتی کہ شیخ محمود اشنوی پر تکفیر کا حکم اور الحاد و زندقہ کا فتویٰ عائد کیا گیا ہو اگر ایسا ہوتا تو ابوالقاسم معین الدین جنید شیرازی اور مولانا جامی علیہ الرحمتہ اس امر کی نشاندہی ضرور کرتے علاوہ ازیں کسی محقق نے بشمول سعید نفیسی شیخ محمود اشنوی پر کفر کے فتوے یا علمی نزع کا ذکر نہیں کیا ہے[2] ان حالات میں وہ شخص کون ہو سکتا ہے جس پر اس کے دینی معتقدات کی بنا پر کفر کا فتویٰ صادر کیا گیا ہو اور وہ اپنے معاندین کے بے جا الزامات کا ذکر کر کے اپنی برائت کے مسئلے کے مالہ و ماعلیہ پر ایک رسالہ تصنیف

---

[1] غایت الامکان فی درایۃ المکان ص ۳ شائع کردہ بنگاہ ترجمہ فرہنگ تہران ۱۳۳۷ ش

[2] ملاحظہ فرمائیں تاریخ نظم و نثر در ایران و در زبان فارسی جلد اول ص ۲۸۱ جلد دوم ص ۵۰۰ از سعید نفیسی طہران ۱۳۴۴ ش

Marfat.com

کرے ، ظاہر ہے کہ وہ عین القضاۃ ہمدانی ہی ہو سکتے ہیں جو اپنی برملا گوئی اور حقیقت یابی کے جرم میں دار پر چڑھائے گئے اور پھر ان کے تن مردہ کو سپرد آتش کر دیا گیا۔[1]

بنا کردند خوش رسمے بہ خاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

صابری صاحب نے شیخ محمود اشنوی کے صاحب رسالہ ہونے کے سلسلے میں ایک اور قیاس حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت سے ظاہر کیا ہے جس کی تنقیح کا فرض ادا کرنا بھی ضروری ہے صابری صاحب فرماتے ہیں :

"رسالہ کے اثرات کا اولین اظہار جو نوکِ قلم پر آیا خواجہ محبوب الٰہی دہلوی ۲۵، کے ہاں ملتا ہے ۔ میر خورد نے سیر الاولیاء میں ان کی ایک تحریر نقل کی ہے جو دراصل اسی رسالے کا موجز و ملخص ہے لیکن اس میں کسی وجہ سے زمان و مکان الٰہی کے مباحث شامل نہیں ہیں ۔ خیال ہے کہ یہ رسالہ آپ کو شیخ سمرقندی بدر الدین سے عاریتاً ملا ہو گا جو شیخ سیف الدین باخرزی کے خلیفہ اور برصغیر میں سلسلۂ فردوسیہ کے موسس اعلیٰ ہیں ۔"[2]

الفاظ تحریر پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس پہلو کی حیثیت ایک احتمال سے زیادہ نہیں ۔ ساری بات فعل ماضی شکی پر ختم ہوئی ہے اور قوت یقین سے عاری ہے حضرت سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ کے حالات اور ملفوظات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے عین القضاۃ ہمدانی کی تین تصانیف کو بالیقین ملاحظہ فرمایا ہے جن میں سے مکتوبات عین القضاۃ کا ذکر گزشتہ سطور میں آچکا ہے دوسری تصنیف

---

[1] رسالہ یزداں شناخت دیباچہ صفحہ
[2] نہایت الامکان فی معرفت الزمان والمکان شائع کردہ نذر صابری مقدمہ صفحہ

Marfat.com

غایۃ الامکان جس کا خلاصہ سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ کی تحریری یادداشتوں میں میرخورد کرمانی (متوفی ۷۷۰ھ) کو ملا اور جسے انہوں نے سیرالاولیاء میں بہ عنوان نکتہ فضیلت بر مکان بر مکان و زمان بر زمان و حقیقت زمان و مکان شامل کر دیا ہے[1] تیسری کتاب لوائح عین القضاۃ ہمدانی ہے اس کی شہادت بھی سیرالاولیاء میں موجود ہے۔ یہ فرمودات عشق کی خصوصیات اور اس کے ثمرات کے بارے میں ہیں۔ لوائح اور سیرالاولیاء کے اقتباسات بطور اثبات دلیل پیش کئے جاتے ہیں۔

لوائح عین القضاۃ ہمدانی	ملفوظ سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ
"آنچہ عشقہ بر شجرہ می پیچد تا اورا از بیخ بر می آرد و ندا وست اورا در خود می آرد نہ از عداوتست و نہ از محبت، خود خاصیت او آنست کہ با ہر شجرہ کہ دست در مکہ آرد اورا از بیخ بر آورد ہمچنیں عشقہ "عشق بر شجرۂ نہاد روح عاشق ازاں می پیچد تا اورا از بیخ ہستی بر آرد و لطافت اورا در خود آرد زیرا کہ خاصیت او آنست کہ با ہر کہ در آمیزد خون او بریزد۔ اورا با کس عداوت	"حضرت سلطان المشائخ قدس اللہ سرہٗ می فرمود العشق آخر درجات المحبت و المحبت اول درجات العشق و می فرمود کہ عشق از عشقہ اند۔ ایں عشقہ گیاہ است کہ در باغہا روید و بدرخت بر رود۔ اول بیخ خویش در زمین سخت کند پس شاخہا بر آرد و بر درخت پیچد ہمچنیں می رود تا جملہ درخت را فرا گیرد و چنانش در شکنجہ کشد کہ می درمیاں رگہائی درخت نماند ہر دبادی کہ بواسطۂ

[1] میرخورد کرمانی سیرالاولیاء ص ۵۷۷ لاہور ۱۹۷۸ء

نیست و محبت ہم نہ۔ ہر اثر کہ
ظاہر کند بخاصیت وجود کند نہ
باختیار و آنک عاشق را در عشق
اختیار نمی ماند سرِ ایں معنی است[1]"

آب و ہوائی آں بداں درخت
می رسد تاراج کند تا آنگاہ کہ درخت
خشک شود و می فرمود چوں عشق
در آدمی پیچد از وی جدا نشود تا
انسانیت را باطل نکند چنانکہ
عشقہ بر درخت پیچد درخت
را خشک کند، عشق بر آدمی
ہماں کند کہ عشقہ بر درخت[2]"

حضرت سلطان المشائخ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تینوں تصانیف (مکتوبات، غایۃ الامکان...... اور لوائح) کس ذریعہ سے حاصل فرمائیں اس پر بغیر ثبوت محکم کے قیاس آرائی اور گمان سازی تحقیق کے نقطۂ نظر سے بے عیار ہے۔ محض اس قیاس سے کہ شیخ بدرالدین سمرقندی متوفی ۶۹۸ھ سے رسالہ غایۃ الامکان محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ نے عاریتاً لیا ہوگا یہ رسالہ شیخ محمود اشنوی کی تصنیف کس طرح ثابت ہو سکتا ہے بلکہ اس سے تو دوسرے قیاس کو تقویت ملتی ہے کہ عین القضاۃ کی یہ تینوں تصانیف ایک جلد میں تھیں اور حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں ایک ساتھ ملاحظہ فرمایا اور عین القضاۃ کے لئے کلمات خیر ادا فرمائے جو گزشتہ اقتباسات میں پیش کئے جا چکے ہیں لیکن یہ قیاس بھی کس لئے کیا جائے جبکہ دلائل سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ رسالہ غایۃ الامکان فی درایۃ المکان عین القضاۃ ہمدانی

---

[1] رسالہ لوائح عین القضاۃ ہمدانی ص ۱۲-۱۳ مشمولہ احوال و آثار عین القضاۃ شائع کردہ ڈاکٹر رحیم فرمنش تہران ۱۳۳۸ ش

[2] سیر الاولیاء ص ۴۲

Marfat.com

کی تصنیف ہے شیخ تاج الدین محمود اشنوی سے بلا ثبوت منسوب کردی گئی ہے۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب

اب اس مسئلے کا وہ پہلو جسے دانستہ طور پر موخر کیا گیا ہے پیش کیا جارہا ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ سب سے پہلے عین القضاۃ ہمدانی کی تصانیف کے موضوعات بشمول غایتہ الامکان بیان کئے جائیں گے، ان کے تخلیقی رویے کے بارے میں کچھ عرض کیا جائے گا بعد ازاں ان کے اسلوب، لب ولہجہ اور طرز نگارش پر گفتگو ہوگی اور ان کی تصانیف سے ایسی مثالیں اور اقتباسات معہ غایتہ الامکان پیش کئے جائیں گے، جو ان کی طرز خاص کا مظہر ہوں ساتھ ہی ساتھ یہ اعتراف بھی ضروری ہے احقر راقم السطور کو صاحب زبان یا زبان داں ہونے کا دعویٰ نہیں ہے مطالعہ کتب سے جو ذوق وشعور حاصل ہوا ہے اپنی علمی بے بضاعتی اور کم مائیگی کے احساس کے ساتھ اہلِ نظر کی خدمت میں پیش کئے دیتا ہوں، ردّ وقبول کا فیصلہ بھی وہی فرمائیں۔

سب کے جوہر نظر میں آئے دردؔ
بے ہُنر تو نے کچھ ہُنر نہ کیا

عین القضاۃ ہمدانی کی تصنیفات کے موضوعات اگر مختصر لفظوں میں بیان کئے جائیں تو ایمانیات اور عشق وفنائیت ہیں۔ یہ ایک اصل ہے باقی سب اس کی فرع ہیں۔ ان کی تصنیفات میں بہت کم کتابیں یا رسالے شائع ہوئے ہیں اکثر تصانیف غیر شائع ہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض نایافت ہوگئی ہوں بہرحال ڈاکٹر رحیم فرمنش نے مولفات عین القضاۃ میں جن تصنیفات سے استفادہ کیا ہے انہوں نے اپنے مقالے میں ان کا ذکر کردیا ہے، علاوہ ازیں انہوں نے شکوی الغریب میں درج شدہ تمام تصانیف کی فہرست بھی فراہم کردی[1] ہے۔ یہاں ان تصانیف کی تفصیل پیش کی جاتی

---

[1] احوال وآثار عین القضاۃ ص۱۰۳ تا ۱۱۱

Marfat.com

ہے جن سے ڈاکٹر صاحب موصوف نے استفادہ کیا اور احقر راقم السطور نے بھی حسب استطاعت فائدہ حاصل کیا ہے:

۱۔ رسالہ یزداں شناخت فارسی — اس رسالے کا موضوع معرفت الہٰی، صفات الہٰی معرفت نفس اور رہنوات و معجزات و کرامات ہیں ڈاکٹر بہمن کریمی نے ۱۳۲۷ھ ش میں اسے تہران سے شائع کر دیا ہے۔[1]

۲۔ رسالہ جمالی فارسی — یہ رسالہ حسب صراحت ڈاکٹر فرمنش مکتوبات میں شامل ہے اور تمہید سے مستنبط ہوتا ہے کہ سلف صالحین کا مذہب اس کا موضوع ہے۔[2]

۳۔ رسالہ لوائح فارسی — اس رسالے کو عین القضاۃ نے خواجہ احمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ م ۵۱۷ھ کی تصنیف "سوانح" کی پیروی میں تحریر کیا ہے اور عشق اور کیفیات عشق اس کا موضوع ہے۔[3]

۴۔ تمہیدات فارسی — احمد بن محمد کریم التبریزی نے اس رسالے کو شیراز سے ۱۳۳۲ھ ش میں شائع کیا

---

[1] احوال و آثار عین القضاۃ ص ۱۰۲

[2] ایضاً ص ۱۱۲

[3] ایضاً ص ۱۱۳

Marfat.com

ہے اس کا موضوع حقیقت قرآن۔ طالب اس کے شرائط نبوت۔ ولایت ایمان۔ افعال باری تعالیٰ۔ فرق اسلام وایمان۔ حقیقت نماز۔ زکوٰۃ۔ صوم و حج۔ حقیقت عشق۔ حقیقتِ روح بعض احادیث کی شرح ہے[1]۔

۵۔ مکتوبات فارسی — ان کی تعداد ۱۳۱ ہے۔

۶۔ غایت الامکان فی درایت المکان فارسی۔ — حقیقتِ توحید، حقیقت زمان و مکان الٰہی اس کا موضوع ہے، ڈاکٹر فرمنش نے ۱۳۳۸ھ ش میں تہران سے شائع کر دیا ہے۔

۷۔ زبدۃ الحقائق عربی، — نسخۂ خطی مملوکہ ڈاکٹر طہ مہدوی۔ اس کا موضوع اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کا علم حقیقت ایمان، نبوت و قیامت ہے[2]۔

۸۔ شکوی الغریب عربی — اس رسالے کو محمد بن عبدالجلیل نے ۱۹۳۰ء میں مجلہ آریاتیک میں شائع کیا۔ رسالے کے آخر میں مذہب سلف کے علاوہ اللہ تعالیٰ ایمان

---

[1] احوال و آثار عین القضاۃ ص ۱۱۸
[2] ایضاً ص ۱۰۷

اور اس کی صفات نیز ایمان بالنبوۃ

اور ایمان بالآخرۃ پر روشنی ڈالی ہے[۱]۔

مذکورہ کتابوں کی تفصیل موضوعات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ غایۃ الامکان فی درایۃ المکان بھی برادر تصانیف میں شامل ہے، غیریت اور اجنبیت کے داغ ندامت سے شرمسار نہیں ہے اس میں بھی گہرائی اور گیرائی موجود ہے جو عین القضاۃ کی تصانیف کا طرۂ امتیاز ہے اور ان کے تخلیقی رویے کا پرتو بھی اسی شان اور اندازسے منعکس ہے جس طرح ان کی دیگر تصانیف سے عکس ریز ہے۔

عین القضاۃ کا تخلیقی رویہ کیا ہے؟ اس نکتے کو سمجھنے کے لئے یہ حقیقت مدِنظر رہے کہ وہ علمی خانوادے کے چشم و چراغ تھے۔ ان کے والد بعہدۂ قضا مامور تھے[۲]۔ خود ان کا لقب عین القضاۃ علم و فضل پر دال ہے۔ علم ظاہر کی اس آراستگی کے ساتھ ساتھ علم باطن کی دولت سے بھی انہیں حصہ ملا۔ وہ اپنے عہد کے دو بڑے شیوخ محمد بن حمویہ متوفی ۵۳۰ھ اور خواجہ احمد غزالی متوفی ۵۱۷ھ رحمہما اللہ تعالیٰ کے صحبت یافتہ اور تربیت یافتہ تھے[۳]۔ نیز خود اپنے قول کے مطابق سوائے طلب فنا انہیں کوئی شغل نہ تھا[۴]۔ ایسا شخص جب ان تمام محاسن کے ساتھ تصنیف و تالیف کی جانب متوجہ ہو تو کیسے کیسے دل آویز و دل کش عکس اس کے نوک خامہ سے منعکس ہو سکتے ہیں اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے۔ عین القضاۃ کی تالیفات نہ محض علم خشک و تحریر بے مغز کا پشتارہ ہیں اور نہ جذب عشق و درون بینی کی ایسی پرواز ہیں جو اہمال و ابہام پر منتج ہوں اور قاری سرگشتگی و توحش سے سراسیمہ ہو جائے بلکہ ان کی تحریروں میں علم و عشق کا ایسا حسین امتزاج ہے جو قاری کے لئے باعث کشش ہے وہ بنیادی طور پر ایک صوفی

---

۱ احوال و آثار عین القضاۃ ص ۱۶۲

۲ نفحات الانس ص ۲۶

۳ فوائد الفواد ص ۴۲

۴ نفحات الانس ص ۲۶

Marfat.com

متکلم ہیں جن کا علم کلام معتزلہ کے مانند بے جا ورزش ذہنی نہیں ہے بلکہ ایسی روشنی ہے جسے اقبال نے دانش نورانی کہا ہے۔ ان کی تصانیف میں بشمول غایۃ الامکان ایسے حصّے آتے ہیں جہاں محسوس ہوتا ہے کہ ایک شعلۂ نور اعماق قلب سے نمودار ہوا ہے اور آن کی آن میں قاری کو استعجاب اور مسرتوں کی کیفیات سے ہمکنار کرتا ہوا دور بہت دور اپنی اصل سے واصل ہونے کے لئے فضائے بسیط میں گم ہو جاتا ہے۔ یہ عین القضاۃ کے تخلیقی عمل کا انداز و روّیہ ہے۔ جس کے باعث صاحب طرز ادیب کہلائے جانے کے مستحق ہیں۔ غایۃ الامکان اور لوائح سے دو اقتباس ملاحظہ فرمائیں دونوں میں جذب باطن اور سوز دروں کی حد درجہ یکسانیت اور مماثلت ہے۔

غایت الامکان :۔ "آری جانا تا کی گرد عالم پوئی واز زیر و بالا سخن گوئی خلاصۂ وجود توئی و سرچشمۂ شہود توئی، در وجود خود نگر و فی انفسکم افلا تبصرون تا ہر چہ در کل عالم اثبات کردی در وجود خود عیاں بینی کہ فتوح و دولت تو اینجاست۔ بوفای مسلمانی بر تو کہ ایں فصل را مسلماں وار بنیوش و حلہ حرمت و حضور در پوش تا بدانی بل کہ بہ بینی کہ آنکہ ناگزیر تست در میان جان و دل تست[1]"۔

رسالہ لوائح :۔ "عشق روی در خود آرد پس ہو شاہد است و ہو مشہود و عشق خود را شناسد پس ہو عارف است و ہو معروف، در ہوا خود پر دو شکار از عالم خود کند پس ہو شکار است و ہو صیاد، آنچہ بایدش در عالم خود یابد پس ہو طالب است و ہو مطلوب، نظر از خود بر ندارد و بر کسی نہ گمارد پس ہو قاصد است و ہو مقصود[2]"۔

---

[1] غایت الامکان فی درایت المکان ص ۳۱
[2] احوال و آثار عین القضاۃ ص ۱۷۲ لوائح ص ۳۵

Marfat.com

اہلِ نظر اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ لب ولہجہ قطعی طور پر ذاتی اور شخصی ہوتا ہے۔ میر نے اس شعر میں اسی حقیقت کو بیان کیا ہے ؎

ہم سے خوش زمزمہ کہاں یوں تو
لب ولہجہ ھزار رکھتے ہیں

انگریزی تنقید میں ایک قول بہت معروف ہے، ناقدینِ ادب نے اسے بار بار دہرایا ہے " اسلوب شخص کا لباس نہیں بلکہ خود شخص ہی ہوتا ہے "۔ نیز اہلِ نظر اس راز سے بھی آشنا ہیں کہ لب ولہجہ وہ واحد خوبی ہے جس میں کسی طرح کی آمیزش کی گنجائش نہیں ہوتی اگر کوشش کی جائے تو فاعل کے پھوہڑپن اور بدسلیقگی کا اظہار کسی نہ کسی طور ہو ہی جاتا ہے یہاں عین القضاۃ کے مخصوص اسلوب اور لب ولہجہ کی چند مثالیں، یزداں شناخت، مکتوبات، لوائح، تمہیدات اور غایۃ الامکان سے دی جاتی ہیں جن میں مکمل طور پر اسلوب کی ہم آہنگی اور لہجہ کا اشتراک نمایاں ہے۔

یزداں شناخت :۔ " و ایں جوہر علوی را کہ بدیں بزرگی بتو دادہ اند، او را بعلم و عمل بدرجۂ فریشتگان مقرب میتواں رسانید و سعادت ابدی حضرت سرمدی حاصل می تواں کرد۔ چرا بر ضد آں کنی و او را بدرجۂ سگ و خوک و گاؤ و خر رسانی؟ و از بہر خوردنی و پوشیدنی و جائی کہ روزی چند بعاریت بنشینی بے چارہ را در ہلاک و شقاوت ابدی افگنی؟ کہ مرد بحقیقت آنست کہ مردانہ وار روی بکار آں جہاں آورد چنانکہ فردای روز قیامت او را ندامت نباشد و ایں حال روحانی بمعنی و یقیں او را حاصل آید فکشفنا عنک غطائک فبصرک الیوم حدید" [1]

مکتوبات :۔ " و ایں قدر کہ در ایں چند مکتوب نوشتم اگرچہ سخت کودکانہ

---

[1] یزداں شناخت ص ۴۳

Marfat.com

است عالمی بگردی واز ہیچ کس یک کلمہ ازاین نشنوی وتجربہ از این نیز میکن کہ زبانی ندارد واز معانی صفات ازل ہر کجا کہ دعوی بینی چیزی مپرس واین نوشتہ ھا پیوستہ میخوان وچنان نکن کہ یکبار فرومیخوانی سرسری واز دست بدھی و بترس ازاین مکتوبہا در دست نامستعدان نہادن مگردانی کہ اورا ازاین گفتنی است وبترس ازآنکہ این مکتوبہا ہمہ دیگران را بود وترا ازآن ہیچ نصیب نباشد[1]،

رسالہ لوائح :۔ شہباز محبت از شجر عزت در پرید بعرش رسید عظمت دید در گزشت، بکرسی رسید وسعت دید درگزشت بہشت رسید نعمت دید درگزشت، بخاک رسید محنت دید بروی نشست۔

کرد بیاں از عالم خود ندا کردند و گفتند ای وصف پادشاہی ترا باخاک یکدرجہ آشنائی، خاک را از تو بچہ نسبت روشنائی۔ گفت او محنت من دارد من محبت نقطۂ کہ او برزبر دارد و من در زیر دارم وعشق در محلی کہ اثبات یابد مرا ورا زیر وزبر کند[2]"

فصل :۔ دیدۂ عقل از ادراک حقیقت عشق محجوب است عقل را قوت دید نور عشق نباشد زیرا کہ عشق در مرتبۂ ماوراء عقل است وخود در طوری دیگر عقل را قوت ادراک او نتواند بود عشق دریست در صدف جان نہان وجان در دریای قضا غوص کردہ، عقل بر ساحل دریای قضا متوقف می شود وازخوف نہنگان بلا قدم پیش نتواند نہاد۔ ای درویش عقل استاد مکتب معاش ومعاد است اگر قدم درین مکتب نہد اطفال این مکتب باموختن ابجد عشق در کارش آرند عزیزی گفتہ است :

---

[1] احوال وآثار عین القضاۃ ص ۱۴۶

[2] لوائح ص ۱۳، ص ۹۰

ابجد عشقت چو بیاموختم | پیرہن محنت و غم دوختم
کار غمت ہم زغمت ساختم | دام غمت ہم زغمم اندوختم
حاصل عشقت سہ سخن بیش نیست | سوختم و ساختم و توختم

تمہیدات :- "اوّل ما خلق اللہ نوری، نور او را ابتدا و منشاء ہمہ اختلافہا و قسمتہا کردند کہ فطرت اللہ التی فطر الناس علیہا لا تبدیل لخلق اللہ این باشد دانم کہ ترا در خاطر آید کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) را ثمرۂ شجرۂ الٰہی می خوانند این چگونہ باشد اگر خواہی کہ شکست بر خیز دنیک گوش دار اگرچہ از برای این سخن خونم بخواہند ریختن اما ہم دریغ نخواہم داشتن و نہ ترک خود بخواہم گفتن دیگران چون کہ در بند خود بودند یارا و زہرہ گفتن نداشتند"[1]

تمہیدات :- دریغا کلمات آن جہانی را با لوح و کاغذ کو وکان آوردم آن کس کہ ہنوز حرف نشناسد خط مغلوبات را خواندن جہل بود و دانستن مغلوب از وی تمنا باشد"[2]

غایۃ الامکان :- خداوندا این مخدرۂ غیبی را کہ ہزاران سالست تا بحجاب عزّت محتجب است و بنقاب نور از دیدہ اغیار مستور، بردست مشاطہ ہدایت و توفیق بر طالبانِ آخر الزمان جلوہ کن و تشنگان آخر الزمان را کہ در بیدای حیرت سرگردانند بردست ساقی لطف شربتی شافی فرست، عمر عالم بآخر رسید آخر این ۲ و سال چون ماہ از بہر کدام شاہان نام زدند؟ پادشاہا! این سرِ اعظم را و این بد لازم را بہ بیانی روشن و نطقی مبین و مبرہن مقرون گردان تا بود کہ گم گشتگان تیہ ادبار و افتادگان غرقاب انکار و میش صورتان کہ در دریدن پوستین بندگان گرگ صفت

---

[1] تمہیدات عین القضاۃ ص ۱۲۱
[2] ایضاً

گشتہ اند و خرمن عمل ریزۂ خود را بآتش غیبت می سوزند و بباد بدگمانی بر می دہند بنور دلالت تو از دلالت جہالت برہند یا دلیل المتحرین ویا ارحم الراحمین[1]۔

روشِ تحریر اور طرز نگارش کی چند اور مثالیں ان تصانیف کے دیباچوں سے دی جاتی ہیں جن کی یکسانیت اور مماثلت اظہر من الشمس ہے۔

رسالہ جمالی:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، بہترین چیز ہا شکر است مر خدا یرا کہ دارندۂ دو جہانست و دانندۂ آشکارا و نہانست۔ پس درود بر مصطفیٰ کہ سید ولد آدم ست و رحمت ایں عالم است و آں عالم۔ و بر اہل بنیش کہ نور شریعت محمد اند و از جہت خدای تعالیٰ منصور و موئد اند۔ اما بعد بدانکہ چوں اہل ضلالت بسیار کس اند واجب دیدیم عنایت نمودن در بیان مذہبی کہ سلف صالح برآں بودہ اند خواص و عوام رابداں اقتدا فرمودہ اند و کتابی کردیم دریں معنی بتازی و رسالہ علائیش نام کردیم از بہر خزانہ مولانا تاج الدین علاء الدولہ وچوں از کتاب بپرداختم ایں رسالہ بپارسی بساختم از بہر پادشاہ زادہ جمال الدین شرف الدولہ و ایں کتاب را نام رسالہ جمالی کردیم و تفصیلش در سہ فصل یاد کنیم ان شاء اللہ[2]۔

رسالہ یزداں شناخت:۔ الحمد للہ رب العالمین وصلوٰۃ علی خیر خلقہ محمد وآلہ الاجمعین، چوں ایزد تعالیٰ از جناب قدسی ازلی و پردۂ غیب قدم، بندۂ از بندگانِ خویش برگزید و لباس اسعادت و حلیت کرامت

---

[1] غایت الامکان فی درایۃ المکان ص ۲۲-۲۳
[2] احوال و آثار عین القضاۃ ص ۱۱۱

دردی پوشاند و رقم اصطفیناہ فی الدنیا بر ناصیۂ او کشید، ظاہر ترین دلائل ایں عنایت ولائح ترین وسائل ایں رعایت آں بود کہ در اوائل کار، مناع وطیبات آں عالم بروی عرضہ کند، وا ورا از آں نصیبی کامل وحظی وافر شامل گرداند۔ پس آں گاہ در میان حطام دنیا وزخارف ایں عالم کون وفساد اورا بیاگاہند و بفیض علوی وتائید سماوی تحریکی وتنبیہی کنند تا اورا محقق شود و یقین بداند کہ سعادت وکرامت سرمدی، سعادت وکرامت آں جہانیست ونعیم ملک حقیقی نعیم ملک جاودانی، نہ سعادت ملک مجازی ایں جہانی۔ پس چوں ایں ضعیف را از مجلس عالی ایں حال معلوم بود واستعداد او در تحصیل شرف نفس می دیدم و صدق رغبت او بدانستن ایں علم شریف دانستم، خواستم کہ تقربی نمایم بحضرت او وتحفہ سازم مجلس اورا، وحقی گردانم کہ بالای ہمہ حق ہاست بلکہ قدرت بشری از رعایت ایں حق قاصر ماند۔ ایں رسالت را بپارسی ساختم وتا ایں (زماں) از محققان حکما از متقدمان ومتاخران مانند ایں نساختہ اند۔ وایں رسالہ را نام یزداں شناخت نہادم و بر سہ باب قسمت کردم[۱]"

تمہیدات:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سپاس خدای را کہ آفرید عالم را نہ از اصلی ونہ بر مثالی واستعانت بجز دگار معینی یعنی بیاری او ومرادوی از آفریدن عالم نہ آں بود تا خود را منفعتی ازاں حاصل کند یا مضرتی از خود دفع گرداند بلکہ با آفریدن پیدا کردن قدرت وظاہر کردن علت را تا عاقلاں بتوفیق وی راہ یابند وبدانند کہ او سبحانہ

---

[۱] رسالہ یزداں شناخت ص۲۰۱

Marfat.com

تعالیٰ حی است و قدیم است و مرید است و سمیع است و بصیر است و متکلم است و حکیم است و قادر است و باقی و یفعل اللہ ما یشاء و یحکم ما یرید۔ ہر چہ خواست کرد و ہر چہ خواہد کند نہ از طاعت مطیعان احدیت او را کمالی و آرائشی نہ از معصیت عاصیان صمدیت او را نقصانی و آلائشی۔ ہر کہ طاعت کرد آں نثاری بود کہ بر سر خود کرد و ہر کہ معصیت کرد آں تبری بود کہ بر پای خود زد۔ از تکاپوی آب و خاک مقدس است جلال او از گفتگوی خلائق منزہ است کمال او لم یلد و لم یولد و لم یکن لہ کفواً احد۔ و صد ہزاراں صلاۃ و صلوات و تحیات مبارکات بہ کالبد شریف و روح لطیف و خاک پاک آں صدر نبوت و تاج فتوت و ختم رسالت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باد و بر خلفای نامدار و فرزندان وی کہ ہمہ سادات ملت و مہتران شریعت اند وسلم تسلیماً کثیراً۔ اما بعد ایں کتاب را تمہیدات نام نہادیم و بدہ تمہید قسمت کردیم برای عارفان و ارباب تحقیق و واقفان معنی تا دریں تاملی شافی کنند و تفکری صافی نمایند تا تذکری ایشاں را حاصل گردد ان شاء اللہ تعالیٰ"[1]

غایۃ الامکان:۔ "اعلم احسن اللہ تعلیمک و تفہیمک کہ چوں پادشاہ عالم تعالیٰ و تقدس بہ بندہ خیری خواہد او را بخود آشنا گرداند و بقرب خودش بینا کند تا پیوستہ از قرب او اندیشد و ہموارہ او را با خود و خود را با او بیند لاجرم حرمت و تعظیم صفت او گردد و او را ہر دم راحت و انس می افزاید و دولتی از نو حاصل می شود و ہر شقاوت و حرماں کہ بر در در آں

[1] احوال و آثار عین القضاۃ ص ۱۲۲-۱۲۳

Marfat.com

راہ یافت از آں یافت کہ خود را بوہم وخطا وخیال فاسد از حضرت مقدس او دور شمر دند وبجب غفلت از نواخت حضرت محجوب گشتند وصفت قرب بوہم کثر ایشاں باطل نشود لیکن ایشاں از دولت قرب وفوائد آں محروم مانند وبسبب توہم بعد از آں حضرت ہزاراں بی ادبی دلیرالعجبی از نہاد ایشاں سر برزد و مستوجب عذاب گشتند والعیاذ باللہ

.. .. نومید نیستم کہ صاحب دولتی از سر درد و طلب دریں نوشتہ نگاہ کند و ازیں گنج معرفت برخوردار شود و ما را بدعای خیر یاد دارد اکنوں پیش از شروع در غوص ایں رسالہ فصلی در توحید بنویسیم تا عاقل منصف را معلوم شود کہ تشبیہ خود راہ روندگان امکان ندارد چہ در چشم شہود ایشاں جز حق تعالیٰ ہیچ چیز را خود وجود نیست ونتواند بود پس حق تعالیٰ را بچہ تشبیہ کنند چوں یا او خود ہیچ چیز نیست وایں مجموعہ را غایۃ الامکان فی درایۃ المکان نام کردیم حق تعالیٰ ایں کتاب شریف را سبب زیادتیٔ ایمان ومعرفت خوانندہ وشنوندہ کناد ومارا فتنۂ خلق وخلق را فتنۂ ما مگرداناد بلطفہ وکرمہ وسعتہ[1]"

عین القضاۃ کے اسلوب کی ایک خصوصیت مخاطبت ومحاورہ ہے یہاں تمہیدات مکتوبات اور غایۃ الامکان سے چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ بہت سے ادیبوں نے پسندیدہ طرز کی تقلید کی ہے لیکن یہ مسئلہ تقلید کا نہیں اسلوب اور لب ولہجہ کا ہے۔ صاحب طرز کا اسلوب ہمیشہ منفرد رہتا ہے اور جانا پہچانا جاتا ہے غالبؔ کی مثال موجود ہے ان کی طرز میں جعلی غزلیں اور خطوط لکھے گئے لیکن اہل نظر

[1] غایت الامکان فی درایۃ المکان ص ۱-۲-۳

نے اپنے ذوق کامل کی بنا پر اصل اور نقل کا فرق محسوس کر لیا۔ غایۃ الامکان اور تمہیدات سے جو مثالیں دی جا رہی ہیں ان میں بنیادی عنصر لب ولہجہ ہے جس میں نقل یا تقلید کا امکان پیدا ہی نہیں ہو سکتا چند جملوں ہی میں بات بگڑ جاتی ہے چہ جائیکہ پوری تصنیف کسی طرز اور لب ولہجہ کی تقلید ہو۔ اس اصول کے عرض کرنے کا مقصد صرف اتنا ہے کہ اگر شیخ محمود اشنوی نے غایۃ الامکان عین القضاۃ کے لب ولہجہ اور طرز کی پیروی میں تصنیف کی ہے تو یہ امکان محالات عقلی سے ہے بہر حال درج ذیل اقتباسات سے تمام امور واضح ہو جائیں گے:

تمہیدات: "ای دوست دین وطالب کلمات حق الیقین بدان کہ از سوالات تو جواب خواہم گفتن یکی اللہ نور السموٰت والارض ودیگر اول ما خلق اللہ نوری سیم المومن مرآۃ المومن[1]"

"ای دوست اگر خواہی کہ سعادت ابدی ترا میسر شود یک ساعت صحبت یک حلولی را دریاب تا بدانی کہ حلولی کیست[2]؟"

"ای دوست اگر تو خواہی کہ اشکال تمام حل شود بداں ہر مذہبی کہ ہست آنگہ مقرر وثابت بود کہ قالب وبشریت برجا بود وحکم و خطاب وتکلیف بر قالب است مادام کہ بشریت برجا باشد[3]"

"کامل الدولہ نوشتہ بود کہ در شہر میگویند کہ عین القضاۃ دعوی خدائی میکند وبقتل من فتوی میدادند۔ ای دوست اگر از تو نیز فتوی خواہند تو نیز فتوی بدہ من ہمہ را ایں وصیت می کنم کہ فتوی ایں آیہ

---

[1] احوال و آثار عین القضاۃ ص۱۲۴
[2] ایضاً ص۴۳
[3] ایضاً ص۵۱

Marfat.com

نویسند وللہ الاسماء الحسنیٰ فادعوبہا وذروالذین یلحدون فی اسمائہ من خود ایں قتل در سماع بدعاقی خواہم"[1]

مکتوبات:۔ "جواں مردا تا کی؟ در خدمت شرف شاہ چرا خدمت خدای تعالیٰ نکنی کہ ترا و شرفِ شاہ را از قطرۂ بیافرید"[2]

"ای عزیز اگر گویم شب و روز جز بمعصیت مشغول نیستی بر نجی"[3]

غایۃ الامکان:۔ "ای جواں مردی داں کہ ایں بیان کہ نوشتہ آمد کلید گنجِ معرفت ست کہ بدست تو دادم بل کہ در خزانۂ اسرار بکر ست کہ بر تو کشادم"[4]

"ای جوانمرد اگر تو کلمۂ نادانی شنود بسبب تنگ حوصلگی علم تو بود چوں براں انکار کنی وگوئی ایں خود نیست پس مجال علم تنگ گشت وبارگیِ ہنر لنگ شد"[5]

"ای جوانمرد انصاف نمی دہی آخر اسرارِ صمدیت در مسائل سلم و رہن و شفعہ و اجارت چگونہ محصور گشت و دانستن آں بر اہل آں از چہ سبب روا نیست و چگونہ مقصور شد ای عجب"[6]

تمام داخلی اور خارجی شواہد سے یہ ثابت ہوا کہ رسالے کا اصل نام "غایۃ الامکان فی درایۃ المکان" ہے اور اس کے حقیقی مصنف عین القضاۃ ابوالمعالی عبداللہ ابن محمد المیانجی الہمدانی ہیں۔ اس رسالے کے علاوہ انھوں نے چھوٹی بڑی بیس[20] کتابیں اور بھی تصنیف کی ہیں۔ دستیاب تصانیف کے مطابق ان کی تالیفات

---

[1] احوال و آثار عین القضاۃ ص۱۲۵ [2] ایضاً ص۲ [3] ایضاً ص۱۴۲ [4] غایۃ الامکان فی درایۃ المکان ص۱۱ [5] ایضاً ص۲۱ [6] ایضاً ص۵۲

کا موضوع ایمانیات، معرفت نفس، معرفت روح اور عشق ہیں۔ وہ ۴۹۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۵۲۵ھ میں قوام الدین ناصر بن علی ابوالقاسم درگزینی کے حسدو عناد کا نشانہ بنے تختہ دار پر آویزاں کرنے کے بعد ان کے تن مردہ کو سپرد آتش کر دیا گیا۔ غالباً کسی کاتب یا کسی شخص کی غلطی پر رسالہ غایۃ الامکان شیخ تاج الدین محمود ابن خداداد رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہوگیا اور پھر مرور ایام کے سبب چند دیگر بزرگوں کے نام سے بھی رسالہ مذکور کو نسبت دی گئی۔ بالآخر ڈاکٹر رحیم فرمنش نے جب اپنا تحقیقی مقالہ "احوال وآثار عین القضاۃ" مکمل کیا تو یہ رسالہ بھی دریافت ہوا اور انھوں نے اپنے تحقیقی مقالے کے ساتھ اس کو طبع کرا دیا اس رسالے سے متعلق دیگر تفصیلات احقر راقم السطور کے دیباچے یا مقدمے میں ملاحظہ فرما چکے ہیں۔

اس مقدمے کی تکمیل کے سلسلے میں جناب فضل اللہ فاروقی صاحب نے جو آجکل ہمدرد دواخانہ (وقف) کے کتب خانے میں ہیں بے حد تعاون کیا اور ذاتی توجہ سے نوازتے رہے ان کا بہت ممنون ہوں۔ لیاقت نیشنل لائبریری کے عملے نے احقر سے ہمیشہ تعاون کیا میں ان حضرات کے نام سے آشنا نہیں ان کا بھی سپاس گزار ہوں۔ کراچی یونیورسٹی لائبریری میں اس رسالے کے ایک مخطوطے کی فلم موجود ہے ان کے انچارج صاحب کا بھی شکر گزار ہوں کہ اس فلم سے نقل کرنے کے سلسلے میں کوئی دقت پیش نہ آئی جناب حکیم محمود احمد برکاتی صاحب جو اس احقر پر بہت زیادہ مہربان ہیں اور شفقت فرماتے ہیں ان کی سپاس گزاری کے لئے الفاظ کہاں سے لاؤں اس مقدمہ کی تکمیل میں حکیم صاحب موصوف نے استعانت فرمائی۔ میں عربی سے قطعاً نابلد ہوں جناب مولانا عمر احمد عثمانی سابق پروفیسر اسلامیات گورنمنٹ کالج ناظم آباد نے میرے لئے عربی عبارتوں کے ترجمے کئے ان کے لئے بے حد ممنون ہوں۔ محترم محمد بشیر قریشی مالک قریشی آرٹ پریس ناظم آباد کراچی

Marfat.com

نے کامل اخلاص اور ہر طرح کی مالی منفعت سے بے نیاز ہو کر اس تالیف کی طباعت کا ذمہ لیا اللہ تعالیٰ انہیں اس حسن نیت کی جزائے خیر عطا فرمائے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں دست بدعا ہوں بار الٰہا

اگر یہ تحریر حسن نیت اور دیانت علم کے ساتھ لکھی گئی ہے اور اس سے لوگوں کو کچھ فوائد بھی حاصل ہوں تو اس ناچیز تحریر کو قبول فرمائیں اور اگر اس تحریر کے کچھ نقصانات ہوں تو آپ اپنے فضل و کرم سے اسے رفع فرما دیں اور اپنے اس عاصی و خاطی بندے پر رحم فرمائیں اور اس کی خطا معاف فرما دیں۔ آمین

پنجشنبہ ۲۴ شوال ۱۴۰۳ھ — احقر

مطابق ۳ اگست ۱۹۸۳ء — لطیف اللہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وبہ نستعین رب تمم۔ الحمد للہ الذی لا آخر لاولیتہ ولا اول لاخریتہ ولابطون لظاہریتہ ولاظہور لباطنیتہ ولاکیف لذاتہ ولاوصف لصفاتہ ولا مزاج لفوقیتہ ولاعلاج لصفتہ ولا این لمکانہ ولاحین لزمانہ ولاکنہ لشأنہ ولاحیث حیث ہو ولا این این ہو ولا متی حین ہو ہو کیف ہو وہو کما ولاہو الاہو ولاہو بلاہو، ذٰلِکُمُ اللہُ رَبُّکُمْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ[1] وصلی اللہ علی محمد سید الوریٰ ونبیہ المصطفیٰ والہ مصابیح الدجیٰ وسلم علیہم تسلیماً کثیراً، قال اللہ تعالیٰ، واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اُجیب دعوۃ الداعِ[2] وقال تعالیٰ ونحن اَقربُ الیہِ مِنْ حَبْلِ الورید[3]۔ اعلم احسن اللہ تعلیمک وتفہیمک کہ چوں پادشاہ عالم تعالیٰ تقدس بہ بندہ خیری خواھد

---

1 سورۂ ۶ آیۂ ۱۰۲ 2 سورۂ ۲ آیہ ۱۸۶ 3 سورۂ ۵۰ آیۂ ۱۶

Marfat.com

اللہ کے نام سے شروع (کرتا ہوں) جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا (ہے)

اور ہم اسی کی مدد کے خواستگار ہیں اے رب (اسے) پورا فرما دے

ساری تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جس کی اوّلیت کا آخر نہیں اور جس کی آخریت کا اوّل نہیں اور جس کے ظاہر کا بطون نہیں اور جس کے بطون کا ظہور نہیں اور نہ اس کی ذات کی کوئی کیفیت ہے اور نہ اس کی صفات کی کوئی شرح ہے اور نہ اس کے فوق ہونے کی کوئی کیفیت ہے اور نہ اس کی صفت میں کوئی نقص ہے اور نہ اس کے مکان کا کوئی ٹھکانا ہے اور نہ اس کے زمان کی کوئی گھڑی ہے۔ وہ ہے جیسا کبھی ہے۔ وہ ہے جہاں کبھی ہے اور وہ نہیں ہے بجز اپنے آپ اور وہ نہیں ہے بغیر اپنی ذات .... ذالکم اللہ ربکم لا الہ الا ہو د یہ ہے اللہ تمہارا رب اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں) اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو دنیا کے سردار، عالی رتبہ اور برگزیدہ ہیں اور ان کی آل پر جو اندھیری رات کے چراغ ہیں، اللہ تعالیٰ کا درود ہو اور ان پر بہت بہت سلامتی ہو۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے' واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع (اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق دریافت کریں تو قریب ہی ہوں منظور کر لیتا ہوں عرضی درخواست کرنے والے کی) اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے' نحن اقرب الیہ من حبل الورید (اور ہم انسان کے اس قدر قریب ہیں کہ اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ) اللہ تعالیٰ تم کو علم نتیجہ اور فہم درست عطا فرمائیں جان لو کہ پادشاہِ عالم تعالیٰ و تقدس بندے کی بھلائی چاہتے ہیں

Marfat.com

او را بخود آشنا گرداند و بقرب خودش بینا کند تا پیوسته از قرب او باندیشد و همواره او را با خود و خود را با و ببیند، لاجرم حرمت و تعظیم صفت او گردد، و او را هردم راحت و انس می افزاید و دولتی از نو حاصل می شود و هر شقاوت و حرمان که بمرور در آں راه یافت از آں یافت که خود را بوهم خطاو خیال فاسد از حضرت مقدس او دور شمردند و بحجب غفلت از نواخت حضرت محجوب گشتند و صفت قرب بوهم کژ ایشاں باطل نشود لیکن ایشاں از دولت قرب و فواید آں محروم ماندند و لسبب توهم بعد از آں حضرت هزاراں بی ادبی و بو العجبی از نهاد ایشاں سر برزد و مستوجب عذاب گشتند و العیاذ بالله.

سوال : اگر گوئی که ذات مقدس از همهٔ صفات و سمات حدوث منزه است و مماسه و مقابله و محاذات اجسام و حلول در اجسام براد جایز نیست و حرکت و سکون و انتقال و تغیر و تقدر و تبعیض را بذات او راه نیست و نه بصفات او، قرب با نزهت و قدس او از همهٔ عوارض حدثان چگونه فهم کنیم.

جواب : گوئیم هرچه وهم بداں رسد و عقل آں را صورت کند و خیال آں را برانگیزد و فهم آں را دریابد ذات و صفات رب العالمین،

Marfat.com

تو اس کو اپنے آپ سے آشنا کرتے ہیں اور اپنے قرب سے بینا کرتے ہیں تاکہ وہ بندہ مسلسل اس کے قرب کے خیال میں رہے اور مسلسل اللہ تعالیٰ کو اپنے ساتھ اور خود کو اس کے ساتھ مشاہدہ کرتا رہے (اس طرح) یقیناً حرمت و تعظیم اس کی صفت ہو جائے گی اور ہر دم اس کو راحت و اُنس میں ترقی حاصل ہوگی اور (اسے) از سرِ نو (یقین کی) دولت حاصل ہوگی، اور ہر بدبختی اور محرومی جو گزرتے وقت کے ساتھ بندوں میں راہ پاتی ہے اس وجہ سے ہے کہ انھوں نے غلط وہم اور فاسد خیال کی بنا پر اللہ تعالیٰ کی مقدس بارگاہ سے خود کو دور سمجھا اور غفلت کا پردہ پڑ جانے کی وجہ سے وہ بارگاہِ الٰہی کی نوازشوں سے محروم ہو گئے لیکن اللہ تعالیٰ کی صفتِ قرب ان کی کج وہمی سے باطل نہیں ہو سکتی البتہ وہ دولتِ قرب اور اس کے فوائد سے ضرور بے نصیب رہے چنانچہ اسی توہم کے سبب ان کے باطن سے اللہ تعالیٰ کی جناب میں ہزارہا بے ادبی اور بوالعجبی نے سر اُٹھایا اور وہ عذاب الٰہی میں گرفتار ہوئے، العیاذ باللہ۔

سوال: اگر تم کہو کہ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدس تمام صفات اور حدوث، (چیز کا موجود ہونا جو پہلے نہ تھی) کے نشانات سے منزّہ ہے اور اجسام کی خصوصیات کہ وہ ایک دوسرے سے متصل آمنے سامنے اور مقابل ہوتے ہیں یا اجسام کا ایک دوسرے میں حلول کرنا اس کی ذات پر جائز نہیں ہے اور حرکت و سکون اور انتقال، تغیّر اور اندازہ اور حصّوں میں تقسیم اس کی ذات و صفات پر منطبق نہیں ہو سکتے تو اللہ تعالیٰ کے قرب کو اس نزہت اور پاکی کے ساتھ تمام عوارض کے ہوتے ہوئے کس طرح سمجھ سکتے ہیں۔

جواب: ہم کہتے ہیں، جہاں تک وہم کی رسائی ہے اور عقل ادراک کرتی ہے اور خیال اسے گرفت میں لاتا ہے اور فہم اس کو پاتی ہے، رب العالمین کی ذات ان تمام

از آں ہمہ منزہ مقدس و متعالی است و با این ہمہ از رگ جان تو بتو نزدیک تر است و از گویائی زبان تو بتو و از شنوائی گوش تو بتو و از بینائی چشم تو بتو و از دانائی دل تو بتو ، زیرا کہ قرب مخلوقات بیک دیگر جز بمجاز نتواند بود چہ بعد در قرب مجازی گنج دارد یا بصورت یا بہ معنی یا بوہم ، و قرب حقیقی جز قرب حق تعالیٰ نیست زیرا کہ قرب صفت اوست و صفت او جز حقیقت نباشد و قرب حقیقی آں باشد کہ بہ ہیچ وجہ قابل بعد نباشد نہ بصورت و نہ بہ معنی و نہ بوہم و نہ بہ خیال ، وفہم کردن قرب بدین کمال با تنزہ تقدس ذات حق تعالیٰ از ہمہ عوارض حدثان وسمات نقصان بہ غایت غامض و باریک است و این سرعزیز را فہم نتواں کرد جز بہ معرفت امکنۂ جسمانیات و روحانیات و ازمنۂ ایشاں تا معرفت قرب حق تعالیٰ برآں بنا افتد با کمال تقدس و تنزہ و نفی حلول و اتحاد و تشبیہ و شناخت این سرالاسرار کلید کنوز معرفتست و سبب رسیدن بہ حضرت مالک الملوک ، بایستی کہ ما این اسرار عزیز بزرگوار را در صمیم جان و سویدای دل مخزون و مکنون داشتیمی نہ از راہ بخل بلکہ از راہ عزت و نفاست ولیکن عذر در جلوہ کردن این مخدرہ آنست کہ وقتی در اثنای سخن و حالتی گرم بر زبان ما برفت کہ لفظ مکان در اخبار آمدہ است آنرا انکار نباید کرد ولیکن مکان ہر چیزی بباید شناخت

Marfat.com

سے منزّہ، پاک اور بلند ہے اور ان تمام کے باوصف وہ تمہاری شہ رگ تمہاری زبان کی گویائی، تمہارے کان کی سماعت، تمہاری آنکھ کی بینائی اور تمہارے دل کی دانائی سے زیادہ نزدیک ہے کیونکہ مخلوقات کا ایک دوسرے سے قرب مجازی ہی ہوسکتا ہے۔ قربِ مجازی میں دوری بھی شامل ہے خواہ یہ دوری صورت یا معنی یا وہم کسی حیثیت میں ہو۔ اور قربِ حقیقی کا اطلاق سوائے حق تعالیٰ کے نہیں ہوتا کیونکہ قرب اس کی صفت ہے اور اس کی صفت بجز حقیقت اور کچھ نہیں ہوتی اور قرب حقیقی وہ ہوتا ہے جو کسی سبب سے بھی قابلِ بعد نہیں ہوتا۔ نہ صورت و معنی کی حیثیت سے نہ وہم وخیال کی حیثیت سے، اور ذاتِ حق تعالیٰ کی اس کمال تنزیہہ اور تقدس کے ساتھ اس کے قرب کو تمام عوارض اور نشانات کے نقص کے پیشِ نظر سمجھ لینا بہت ہی گہرا اور نازک معاملہ ہے۔ اور اس گرامی راز کو جسمانیات و روحانیات کے زمان و مکان کی معرفت کے بغیر نہیں سمجھا جا سکتا۔ جب یہ بات سمجھ آجائیگی تو حق تعالیٰ کے قرب کی حقیقت کمال تنزیہہ و تقدس کے اثبات کے ساتھ اور حلول اتحاد اور تشبیہ کی نفی کے ساتھ سمجھ میں آسکتی ہے۔ اس سرّ الاسرار کی شناخت ہی معرفت کے خزانوں کی کنجی ہے اور مالک الملوک کی بارگاہ تک رسائی کا ذریعہ ہے۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ہم اس گرامی و بزرگ راز کو اپنے جان و دل کی گہرائیوں میں چھپا کر رکھتے، بخل کے سبب سے نہیں بلکہ اس راز کی نفاست و آبرو کے خیال سے لیکن کیا کریں اس پردہ نشین کو جلوہ عام پر لانے کی یہ وجہ ہوئی کہ ایک دفعہ بر سبیلِ تذکرہ جب گفتگو زوروں پر تھی ہماری زبان سے نکل گیا کہ لفظ مکان چونکہ احادیث میں آیا ہے[1]، اس کا انکار نہ کرنا چاہیے لیکن ہر چیز کا مکان پہچاننا چاہیے تاکہ تشبیہ

---

[1] مثلاً حدیث قدسی میں "وارتفاع مکانی" اور ایک حدیث میں "لایخلو منہ مکان" اس کی تفصیل آئندہ باب میں آئی ہے۔

تا تشبیه از راه برخیزد پس جماعتی کور دلان و شوربختان از سر تعصب وحسد وعناد وجود این کلمه را دست آویز کردند و برنجانیدن ما میان دربستند و رقم تشبیه بر ما کشیدند و به تکفیر ما حکم کردند و فتوی دادند ناچار از بهر اظهار برائت ساحت خود از غبار تشبیه این مخدرهٔ عذرا را برآن عنینان علم طبیعت عرض بایست کرد و این یوسف با جمال را بدان کور دلان جلوه بایست داد اگرچه معلوم بود که درد تعصب وحسد درمان نپذیرد و آب باران که مادهٔ حیاتست مردار را جز تباهی نیفزاید، قال اللہ تعالیٰ: اِنَّ الَّذِیْنَ حَقَّتْ عَلَیْهِمْ کَلِمَتُ رَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ کُلُّ اٰیَةٍ حَتّٰی یَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ لیکن نومید نیستم که صاحب دولتی از سر درد و طلب درین نوشته نگاه کند و ازین گنج معرفت برخوردار شود و ما را بدعای خیر یاد دارد اکنون پیش از شروع در غوص این رساله فصلی در توحید بنویسیم تا عاقل منصف را معلوم شود که تشبیه خود در راه روندگان امکان ندارد چه در چشم شهود ایشان جز حق تعالی هیچ چیز را خود وجود نیست و نتواند بود پس حق تعالی را به چه تشبیه کنند چون با او خود هیچ چیز نیست و این مجموعه را غایة الامکان فی درایة المکان نام کردیم حق تعالی این کتاب شریف را سبب زیادتی ایمان و معرفت خواننده و شنونده گناد و ما را فتنهٔ خلق و خلق را فتنهٔ ما مگرداناد به لطفه وکرمه وسعته

۱- سورهٔ ۱۰ آیهٔ ۹۶و۹۷

Marfat.com

کا گمان باقی نہ رہے۔ بس یہ کہنا تھا کہ شور بختوں اور کور دلوں کی ایک جماعت نے تعصب اور حسد، عناد اور انکار کی راہ سے اس بات کو بہانہ بنا لیا، اور ہمیں تکلیف پہنچانے پر کمربستہ ہو گئے اور ہم پر تشبیہ کا الزام اور کفر کا حکم لگایا اور فتویٰ دے دیا، تب مجبوراً اپنی ذات کی برائت کے خیال سے اس پردہ نشیں دوشیزہ کو تشبیہ کے غبار سے نکال کر ان نامرد طبعی علم والوں پر ظاہر کرنا پڑا۔ اور اس یوسف پُر جمال کا جلوہ ان دل کے اندھوں کو دکھانا پڑا اگرچہ معلوم تھا کہ تعصب و حسد کا مرض علاج قبول نہیں کرتا اور بارش کا پانی کہ مادۂ حیات ہے، مُردار کو مزید گلا سڑا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد ہے' ان الذین حقت علیھم کلمت ربک لا یومنون ولو جاتھم کل آیۃ حتیٰ یرو العذاب الالیم (یقیناً جن لوگوں کے حق میں آپ کے رب کی (یہ ازلی) بات (کہ ایمان نہ لاویں گے) ثابت ہو چکی ہے وہ کبھی ایمان نہ لاویں گے گو ان کے پاس تمام دلائل (ثبوتِ حق کے) پہنچ جاویں جب تک کہ عذابِ دردناک نہ دیکھ لیں (مگر اسوقت ایمان نافع نہیں ہوتا)) میں ناامید نہیں ہوں شاید کوئی دولت (عشق) رکھنے والا دردمندی اور طلب کے خیال سے اس تحریر پر نگاہ ڈالے اور معرفت کے اس خزانے سے بہرہ مند ہو، اور ہمیں دعائے خیر میں یاد رکھے۔ اب اس رسالے کے معنی کی حقیقت تک پہنچنے سے قبل ابتدا میں ایک فصل (حقیقت) توحید پر لکھتا ہوں تاکہ منصف مزاج عقلمند کو معلوم ہو جائے کہ سالکین کی راہ میں تشبیہ کا بذاتِ خود کوئی امکان نہیں ہوتا کیونکہ ان کی چشمِ شہود میں حق تعالیٰ کے سوا کوئی شئے اپنا وجود نہیں رکھتی اور نہ ایسا ہو سکتا ہے، پس حق تعالیٰ کو کس شئے سے تشبیہ دیتے ہیں جب وہ خود کوئی شئے نہیں اور اس مجموعہ کا نام "غایۃ الامکان فی درایۃ المکان" رکھتے ہیں۔ حق تعالیٰ اس کتاب تالیف کو پڑھنے والے اور سننے والے کے ایمان و معرفت کی ترقی کا سبب بنائیں اور ہم کو خلق کے فتنہ کا اور خلق کو ہمارے فتنے کا باعث نہ بنائیں بلطفہ وکرمہ وسعتہ۔

Marfat.com

فصل فی التوحید

قال الله تعالیٰ : وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ[1] روندگان طریقت گفته اند : ما وصل الیه واصل وما وحد اللہ غیر اللہ ۔ و در مناجات حسین منصور است رحمۃ اللہ علیہ : انزهك عما وحدك الموحدون : و شیخ الاسلام عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ این معنی را نظم کرده است شعر :

ما وحد الواحد من واحد	اذ کل من وحده جاهد
توحیده ایاه توحیده	ونعت من ینعته لاحد
توحید من ینطق عن وصفه	عاریة ببطلها الواحد

و مصنف راست رحمۃ اللہ علیہ در این معنی شعر :

جلت معالی قدس وحدة ذاته	عن ان تطور به زو والا طوار
هیهات ان تصطاد عنقاء البقا	بلعا بهن عناکب الافکار

۱- سورۃ ۲ آیت ۱۶۳

Marfat.com

فصل توحید کے بارے میں

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے والٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم (اور ایسا معبود) جو تم سب کا معبود بننے کا مستحق ہے وہ تو ایک ہی معبود (حقیقی) ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں (وہی) رحمٰن ہے رحیم ہے)

سالکانِ طریقت کا قول ہے جو اس تک پہنچ گیا وہ کبھی نہیں پہنچا اور اللہ کی وحدانیت اللہ کے سوا کسی نے ثابت نہیں کی اور حسین منصور رحمۃ اللہ علیہ[1] کی مناجات میں ہے "میں تجھ کو اس سے منزہ کرتا ہوں جو موحدوں نے تیری توحید کے لئے کہا ہے" اور شیخ الاسلام عبداللہ انصاری رحمۃ اللہ علیہ[2] نے اس مفہوم کو نظم میں بیان فرمایا ہے۔" اس کی توحید کوئی ایک بھی بیان نہیں کر سکا اور جن لوگوں نے بیان کی ہے وہ محض کوشش کی ہے، اللہ کی وحدانیت کا بیان اسی کی توحید ہے اور جو اس کا وصف بیان کرے اس کی توصیف الحاد ہی الحاد ہے، اور جو اللہ تعالیٰ کی توصیف بیان کرتا ہے وہ ایک استعارہ ہے جس کو اللہ کی ذاتِ یکتا جھٹلا دیتی ہے۔"

اور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اسی مفہوم میں عرض کیا ہے" اس کی وحدت ذات کے تقدس کی بلندیاں اس سے عظیم ہیں کہ اہلِ حال اس کے حال تک پہنچ سکیں۔ ناممکن ہے کہ افکار کی مکڑیاں اپنے لعاب سے بقا کے عنقا کا شکار کر سکیں۔"

---

[1] ابوالمغیث حسین بن منصور حلاج بیضاوی مقتول ۳۰۹ھ سرچشمۂ تصوف در ایران ص ۱۹۶ طہران ۱۳۴۳ش

[2] ابو اسمٰعیل عبداللہ بن ابو منصور محمد انصاری ہروی متوفی ۴۸۱ھ ایضاً ص ۲۰۴

Marfat.com

هرچه وصمت اثنینیت وسمت خلقیت دارد از توحید اعظم جز پندار ندارد وحق جل جلاله متفردست با دراک کنه وحدانیت عظمی و مستأثرست باسمی که از آن وحدانیت مبنی باشد اسم واحد واحد واحد وفرد وجواد واجود وآنچه بدین ماند بر وحدانیت عظمی هیچ دلالت ندارد زیراکه این اسامی عدد وقلت وانتفاع ضمایم وقراین اقتضاکند وساحت قدس احدیت از این همه منزه ومقدس است و نصیبهٔ خلقیت ازطلب این واحدیت جز نظارگی این جمال وجلال بودن نیست، نه حرکت وهم دراو گنجد ونه عبارتی ازو دست دهد ونه اشارتی بدو ممکن گردد بیت :

عاشقانرا چه روی با تو جز آنک　　لب بدو زند ودر تو می نگرند
بر درِ تو مقیم نتوان بود　　حلقهٔ میزنند ومی گذرند

الا آنکه توحیدی دیگر هست که آنرا توحید الطف گویند وآن خلعت خاکیانست از حضرت لطف رحمانیت وعطف رحیمیت و آن سه نوعست : اوّل توحید قولیست وآن توحید عامهٔ مومنان راست ودوم توحید علمی وآن توحید خواص است سیم توحید عملی وآن توحید اخص خواص است، اما توحید قولی است که بگوید بشرط موافقت دل، قول : أشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له، واین قالب وصورت توحیدست ونجات یافتن از شرک جلی بدو منوط

جو شخص دوئی کے عیب میں مبتلا ہے اور آفرینش کے حدود میں محصور ہے وہ توحیدِ اعظم کے بارے میں بجز گمان کے کچھ نہیں رکھتا۔ حق جلّ جلالہٗ وحدانیتِ عظمیٰ کی حقیقت کے ادراک کے ساتھ متفرد ہے اور ایسے اسم کے ساتھ مستاثر ہے جس سے وحدانیت کا اظہار ہوتا ہے (حقیقت میں) اسم واحد، احد، احد، وحد، فرد، جواد اور اجود اور جو (اسم) اسی طرح کے ہیں، کوئی وحدانیت عظمیٰ پر دلالت نہیں رکھتے کیونکہ یہ اسماء تعداد، قلّت، دوری، مجموعہ اور قرائن کے مقتضی ہیں اور قدس احدیت کی وسعت ان تمام باتوں سے منزّہ اور مقدّس ہے اور اس وحدانیت کی طلب سے مخلوق کے حصے میں سوائے اس کے جمال و جلال کی نظارگی کے اور کچھ نہیں ہے، نہ حرکت وہم کی اس میں سمائی ہے نہ عبارت کا اس میں دخل ہے اور نہ اشارت سے وہ بات سمجھ میں آسکتی ہے۔ بیت:۔

عاشقوں کی کیا مجال ہے سوائے اس کے کہ اپنے ہونٹ سی لیں اور تیری ذات (جمال و جلال) کو تکتے رہیں۔ تیرے آستانے پر مقیم نہیں ہوسکتے بس (کچھ دیر کے لئے) حلقہ ڈالتے ہیں اور وہاں سے گزر جاتے ہیں۔

البتہ ایک توحید اور ہے، اسے توحید اللطف کہتے ہیں اور وہ انسانوں کی خلعت ہے جو بارگاہِ رحمانیت کے لطف اور رحیمیت کی مہربانی سے عطا ہوئی ہے اور وہ تین قسم کی ہے۔ اوّل توحیدِ قولی ہے وہ عام مسلمانوں کی توحید ہے، دوسرے توحید علمی ہے جو خواص کی توحید ہے، تیسرے توحید عملی ہے جو خواص میں سے خاص حضرات کی توحید ہے

توحید قولی وہ ہے کہ موافقتِ دل کی شرط کے ساتھ کہے اشہد ان لاالٰہ الااللہ وحدہ لاشریک لہٗ (میں گواہی دیتا ہوں بیشک اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں) یہ توحید کا قالب اور اس کی صورت ہے اور شرکِ جلی سے نجات حاصل کرنے کا یہی طریقہ ہے اور نفس و مال کے

Marfat.com

وعصمت دما واموال بدو مربوط وسبب جریانِ جملۂ احکام اسلامست ورستن ازخلود در دوزخ ورسیدن بنعیم مقیم ثمرۂ اوست واین توحید از زوال وتزلزل دور ترست وبسلامت وثبات نزدیکتر از توحید - کسانی کہ بعقل تاریک شدہ بد ودغفلت، واسیرماندہ دربند شہوت، ومحجوب گشتہ درحجب فضول، قصد سرا پردۂ عزت توحید کنند زیراکہ بآلت وعدت عقل صافی ازغفلات و مجرد ازشہوات بتوحید رسیدن ہم محالست تا بعقل تاریک مختصر چہ رسد، شکرۂ عقل چوں درعالم توحید پرواز کند شکار او جز شبہت وشکوک نباشد ومتکلم دلیل توحید میگوید وفرامینماید کہ موقن است و اندرون بشک وشبہت آگندہ، وابن السقاء بغدادی برکنار دجلہ باستاد وصد دلیل برتوحید ووحدانیت حق بولا فروخواند پس ترسا شد وسوگند یاد کرد کہ بعد دہر دلیلی کہ بر توحید گفتہ ام دلیلی برثالث ثلاثہ بگویم، اگر یک دلیل از دلایل توحید برا و روشن شدہ بودی ہمانا کہ ہرگز او را این واقعہ نیفتادی -

اما توحید علمی موقوفست بمعرفت مکان وزمان ودانستن حقیقت آں، وہرگز نتواند کہ کسی را بر وحدانیت الطف

Marfat.com

سبب گناہ سے حفاظت اسی سے مربُوط ہے اور اسلام کے تمام احکام کے نفاذ کی یہی بنیاد ہے اور عذابِ دوزخ سے رستگاری اور جنّت کی نعمتوں تک رسائی اس کا ثمرہ ہے۔ یہ توحید زوال و انحطاط سے پاک ہے اور سلامتی و ثبات سے نزدیک تر ہے۔ وہ لوگ جو غفلت کے دھوئیں سے عقل کے ساتھ سیاہ ہو گئے اور قیدِ شہوت میں گرفتار رہے، اور جن پر فضول (باتوں کے) پردے پڑ گئے، وہ کس طرح عزّتِ توحید کا سراپردہ اٹھانے کا ارادہ کر سکتے ہیں جبکہ عقل صافی جو غفلتوں اور شہوتوں سے مجرد ہو چکی ہو اس کے ذریعے سے توحید تک رسائی محال ہے تو تاریک و محدود عقل کے ذریعے توحید تک پہنچنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا عقل کا شِکرہ جب عالم توحید میں پرواز کرتا ہے تو شکوک و شبہات کے سوا کوئی شکار اسے نہیں ملتا اور متکلم توحید پر دلیل لاتا ہے اور ظاہر کرتا ہے کہ وہ توحید پر یقین رکھتا ہے، لیکن (درحقیقت) اس کا باطن شک و شبہ میں آلودہ ہوتا ہے۔ ابن السقا بغدادی نے ساحل دجلہ پر کھڑے ہو کر تقریر کی اور حق تعالیٰ کی توحید اور وحدانیت پر پے در پے سو دلائل دئے، اس کے بعد مشرک ہو گیا اور قسم کھا کر کہا کہ اب ہر اس دلیل پر جو توحید پر میں نے دی ہے تین میں سے تیسرے[1] پر دوں گا۔ اگر دلائل توحید میں سے ایک دلیل بھی اس پر روشن ہوتی تو اسے یہ واقعہ ہرگز پیش نہ آتا۔

لیکن توحید علمی زمان و مکان کی معرفت اور ان کی حقیقت کے علم پر موقوف ہے۔ جب تک کوئی شخص مکان اور زمان کی حقیقت سے آشنا نہیں ہوتا وہ وحدانیت الطف

[1] عیسائیوں کا بنیادی عقیدہ اقانیم ثلثہ ہے یعنی باپ، بیٹا، روح القدس۔ یہاں مراد ہے حضرت عیسٰی علیہ السلام کی الوہیت کا ثبوت۔ نعوذ باللہ من ذالک۔ اس واقعہ کے بعد ابن السقا بغدادی نے نصرانیت اختیار کر لی تھی ملاحظہ فرمائیں وفیات الاعیان جلد ہفتم ص۲۸ بیروت ۱۹۶۸ء

Marfat.com

اطلاع افتد حقیقت مکان و زمان ناشناخته، و هرگز نتواند بود که کسی بداند بحقیقت که حق عز و جل هیچ چیز نماند و هیچ چیز از هیچ وجه بدو نماند مکان و زمان ناشناخته، و هرگز نتواند بود که کسی بداند که حق تعالی نه درون عالمست و نه بیرون و نه متصلست بعالم و نه منفصل از عالم با آنکه یک ذره در کل عالم از او خالی و دور نیست مکان و زمان ناشناخته، و هرگز نتواند بود دانستن ایجاد کن فیکون و دانستن استحالت خاموشی بر حق تعالی و دانستن آنکه او متکلم است ازلاً و ابداً با آنکه سخن او یکیست بی تعدد و تبعض، و تغیر و تکرر نپذیرد، و دانستن آنکه صد و چهارده کتاب که به پیامبران فرستاده یکی چون تواند بود و دانستن آنکه حق تعالی بی وجود موسی (ع) و پیش از وجود کوه طور با موسی چون گفت که : فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ[1] وچرا او این سخن بعبرانی شنید و بی عیسی چون سخن گفت و او چرا بسریانی شنید و بی مصطفی صلی الله علیه وسلم با او چون سخن گفت و او چرا بتازی شنید با آنکه سخن قدیم او از این همه مقدس و منزه و مطهر است و دانستن اولیت و آخریت و ظاهریت و باطنیت حق تعالی و دانستن آنکه حق تعالی بیک علم همه معلومات نامتناهی را میداند و بیک قدرت همه مقدورات نامتناهی را می تواند و بیک شنوائی همه مسموعات نامتناهی را می شنود و بیک بینائی همه مرئیات را من الازل الی الابد بدفعهٔ واحده می بیند و بیک ارادت قدیم . . . .

۱- سورهٔ ۲۰ آیهٔ ۱۲

سے واقف نہیں ہو سکتا، اور جس نے مکان و زمان کو نہیں جانا، اس کے لئے یہ حقیقت جاننا بھی ناممکن ہے کہ حق عزّ و جلّ کسی شے کے ساتھ نہیں رہتے اور کوئی شے کسی طرح بھی ان کے ساتھ نہیں رہتی، اور وہ شخص جو زمان و مکان سے واقف نہیں ہے اس کے لئے یہ جاننا بھی ناممکن ہے کہ حق تعالیٰ نہ عالم کے اندر ہیں اور نہ باہر، اور نہ عالم سے متصل ہیں نہ منفصل، دراں حالیکہ ہر ذرّہ کائنات ان کے بغیر اور ان سے دور نہیں، اور کُن فیکون کی ایجاد کا جاننا بھی ناممکن ہے اور حق تعالیٰ کے لئے خاموشی کا محال ہونا بھی سمجھ میں نہیں آسکتا، اور اس بات کا جاننا بھی ممکن نہیں ہے کہ حق تعالیٰ ازلاً اور ابداً متکلم ہیں اور یہ کہ ان کا کلام تعدد اور تقسیم کے بغیر ایک ہے۔ اس میں تغیر و تکرار واقع نہیں ہوتے، اور اس کا علم بھی نہیں ہو سکتا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں پر جو ایک سو چودہ کتابیں نازل فرمائیں وہ ایک کس طرح ہو سکتی ہیں۔ اور اس (حقیقت) کا علم بھی ناممکن ہے کہ حق تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے وجود میں آنے بغیر اور کوہِ طور کی پیدائش سے قبل یہ کس طرح فرمایا فاخلع نعلیک (پس تم اپنی جوتیاں اتار ڈالو) اور موسیٰ علیہ السلام نے اس کلام کو عبرانی میں کیوں سُنا اور عیسیٰ علیہ السلام کے (وجود میں آنے) بغیر عیسیٰ علیہ السلام سے کیوں کلام کیا اور انہوں نے اسے سریانی میں کیوں سنا اور مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے (دنیا میں تشریف لاتے) بغیر آپ سے کلام کیا اور آپؐ نے اس کلام کو عربی میں کیوں سُنا، حالانکہ حق تعالیٰ کا کلام قدیم ان تمام باتوں سے مقدس، منزّہ اور پاک ہے۔ اسی طرح حق تعالیٰ کی اولیّت و آخریت، ظاہریت و باطنیت کا جاننا بھی ممکن نہیں ہے اور یہ کہ حق تعالیٰ بیک علم تمام نامتناہی معلومات کا علم رکھتے ہیں اور بیک قدرت تمام نامتناہی مقدورات کو (وجود) عطا فرما سکتے ہیں اور بیک سماعت تمام نامتناہی مسموعات کو سُن سکتے ہیں اور بیک نگاہ ازل سے ابد تک تمام مرئیات کو ایک ہی دفعہ میں دیکھ سکتے ہیں اور بیک ارادۂ قدیم تمام

Marfat.com

ہمہ مرادات را می خواہد دانستن و شناختن

ایں ہمہ ممکن نیست جز بشناختن و دانستن زمان و مکان حق تعالیٰ، و علی الجملہ شناختن معظم صفات و ذات قدیم او دانستن سبعی یا بیشتر از قرآن مجید کہ دریں معنی منزلست و دانستن قدم قرآن و دیگر کتب موقوف است بدانستن مکان و زمان حق تعالیٰ، و ما درعقب ایں فصل ہر دو را شرحی وکافی بنویسیم چناں کہ عاقل منصف را در و مجال انکار نماند و اگر کور دلی از سر جہل مفرط و عقل مختلط در ورطۂ عناد و جحود افتد و از قبول لفظ زمان و مکان نفور شود و بر تفریع و تشنیع اصرار نماید، ہیچ باک نباشد، شعر :

علی نحت القوافی من معادنہا   وما علی اذا لم یفہم البقر

در فارسی گفتہ اند بیت :

ژرف دریا گرز گہر زاید   بدہان سگی نبیالاید

اما توحید عملی بر سہ درجہ است : درجۂ اول آنست کہ نفحۂ از نفحات قدم و جذبۂ از جذبات کرم و برقی از بروق عدم و بر وجہ قبول باستقبال اقبال قدم روندہ آید و سبل جہل و غشاوۂ غفلت از چشم حقیقت بیں او بردارد، فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ مرید صادق زیرک دوربیں در پرتو آں برق تیز بنگرد و خویشتن را بعد از دعوی توحید و حسبان وصول بر میان زنار یابد و نفس خود را مشاہدہ کند

۱ــ سورۂ ۵۰ آیۂ ۲۲

Marfat.com

مرادات کو چاہتے ہیں۔ ان تمام (امور) کا علم و معرفت بغیر حق تعالیٰ کے زمان و مکان کے علم و معرفت کے ممکن نہیں ہے۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ کی قدیم ذات اور اس کی عظیم صفات کی معرفت اور سات یا اس سے زائد صفات جو قرآن مجید میں وارد ہیں ان کا علم اور قرآن اور دیگر کتبِ سماوی کے قِدم کا علم حق تعالیٰ کے مکان و زمان کے علم پر موقوف ہے اور ہم اس فصل کے بعد ان باتوں کو شافی و کافی شرح کے ساتھ لکھیں گے کہ منصف مزاج عاقل کو اس میں انکار کی مجال نہ ہوگی اور اگر کوئی دل کا اندھا حد سے زیادہ جہالت اور عقل کی کجی کی بنا پر، عناد و انکار کے گڑھے میں گرتا ہے اور لفظِ زمان و مکان کے قبول کرنے سے گریز کرتا ہے اور مسئلہ کو اس کی اصل سے ہٹانے اور رد کرنے پر اصرار کرتا ہے تو ہمیں اس کی کچھ پرواہ نہیں۔

شعر:۔ میرے ذمے تو قافیوں کو ان کے معادن سے سنوارنا ہے اور مجھ پر کوئی ملامت نہیں جبکہ خر دماغ اسے نہ سمجھ سکے۔ اور فارسی میں کہا گیا ہے۔ بیت

ایسے دریا جن کی تہہ میں موتی پیدا ہوتے ہیں، ان کا پانی کتے کے منہ سے ناپاک نہیں ہوتا۔

لیکن توحید عملی کے تین درجے ہیں۔ پہلا درجہ یہ ہے کہ قِدم کی خوشبو کی مہکوں میں سے ایک مہک کرم کے جذبات میں سے ایک جذبہ اور عدم کی تجلیوں میں سے ایک تجلی مقبولیت کے سبب سالک کے اقبالِ قدم کے استقبال کے لئے آتے ہیں اور نادانی کی راہیں اور غفلت کا پردہ اس کی حقیقت بیں نظر سے اٹھا دیتے ہیں۔ فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید (سو اب ہم نے تجھ پر سے پردہ (غفلت کا) ہٹا دیا سو آج (تو) تیری نگاہ بہت تیز ہے)۔ مرید صادق ہوشمند دوربین اس برقِ تیز کے پرتو میں دیکھتا ہے، اور توحید کے دعویٰ اور مصیبت و بلا کے وصول کے بعد اپنی کمر میں زنار پاتا ہے اور اپنے نفس کا مشاہدہ کرتا ہے کہ ہزار

که در پیش هزار صنم سجود می کند آتش غیرت که سوزنده غیرت در سینهٔ او زبانه زدن گیرد و آب حسرت از دیدهٔ او دویدن گیرد مدتی بدرد بنالد و در طلب شفاء آن درد با هر چیزی بسگالد تا آنگه که او را روشن شود که راحت هم از آن کارگا تواند آمد که جراحت آمد. وَظَنُّوا اَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ [1] روی نیاز بحضرت بنده نواز آورد و راز با آن کارساز گوید و غم دل خود بحضرت علام الغیوب وکشاف الکروب عرضه دهد چون اضطرارش بغایت رسد و بنهایت انجامد وعدهٔ: اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ [2] بانجاز پیوندد، ندائی در سرا و در دهند که ای سلیم القلب ندانستی که معبود تو آنست که مقصود تست، اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ [3] تو غیر ما می خواهی غیر ما می پرستی، هر چه دلبند تست خداوند تست، و هر چه هوای تست خدای تست، گفتن و دانستن که الله یکیست چه سود، چو تو در پیش هزار بت سجود می کنی، علم بی عمل و بالست و قول بی فعل نکال، اگر می خواهی که توحید تو مسجل شود دل یکتا کن و از غیر ما تبرا جوی، تا فعل تو مصدق قول تو گردد، پس مرید مجاهدهٔ نو آغاز کند بقطع علایق و عوایق مشغول گردد و در جد و تشمیر تقصیر نکند

۱- سورهٔ ۹ آیه ۱۱۸ ۲- سورهٔ ۲۷ آیهٔ ۶۲

۳- سورهٔ ۴۵ آیهٔ ۲۳

Marfat.com

بتوں کے آگے سجدہ ریز ہے۔ غیرت کی آگ جو غیر کو جلانے والی ہے، اس کے سینے میں بھڑکنے لگتی ہے اور اشک حسرت اس کی آنکھوں سے بہنے لگتے ہیں۔ مدتوں اس درد سے نالہ انگیز رہتا ہے اور اس درد سے شفا کی طلب میں ہر چیز سے الگ ہو جاتا ہے حتیٰ کہ اس پر یہ حقیقت روشن ہوتی ہے کہ راحت بھی اسی کارگاہ سے حاصل ہو سکتی ہے جس سے جراحت ملی ہے وظنوا ان لا ملجا من اللہ الا الیہ (اور انہوں نے سمجھ لیا کہ خدا کی گرفت) سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی بجز اس کے کہ اسی کی طرف رجوع کیا جاوے) اپنا ردئے نیاز درگاہِ بندہ نواز کی طرف کرتا ہے اور اپنا راز اس کارساز سے عرض کرتا ہے اور دل کے غم کو علام الغیوب اور رنج کی گرہوں کو کھولنے والے کی خدمت میں پیش کرتا ہے اور جب اس کی بیقراری غایت درجے تک پہنچ جاتی ہے تو وعدۂ (الٰہی) امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء (یا وہ ذات جو بیقرار آدمی کی سنتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے اور (اس کی) مصیبت کو دور کرتا ہے) وفا ہو جاتا ہے اس کے باطن میں آواز آتی ہے کہ اے سلیم القلب تو نہیں جانتا جو تیرا مقصود ہے وہی تیرا معبود ہے افرایت من اتخذ الٰہہ ھواہ (سو کیا آپ نے اس شخص کی حالت دیکھی جس نے اپنا خدا اپنی خواہشِ نفسانی کو بنا رکھا ہے) تو ہمارے غیر کو چاہتا اور ہمارے غیر کی پرستش کرتا ہے، سو جو تیرا محبوب ہے وہی تیرا خداوند ہے اور جو تیری خواہش ہے سو وہی تیرا خدا ہے۔ یہ کہنا اور جاننا کہ اللہ ایک ہے اس کا کیا حاصل ہے جبکہ ہزاروں بتوں کے آگے سجدے میں پڑا رہتا ہے۔ ایسا علم جو بغیر عمل کے ہو۔ وبال ہے، اور ایسا قول جو بغیر فعل کے ہو رسوائی ہے۔ اگر تو چاہتا ہے کہ تیرا ایمان بالتوحید مستند ہو جائے، تو اپنے دل میں ایک کو جگہ دے اور ہمارے غیر سے لاتعلق ہونے کی کوشش کر، تاکہ تیرا فعل تیرے قول کی تصدیق کردے۔ چنانچہ مرید از سرِ نو مجاہدے کا آغاز کرتا ہے اور علائق و موانعات کو دور کرنے میں مشغول ہو جاتا ہے اور اپنی کوشش اور عزم میں کوتاہی نہیں کرتا اور نہ ٹال مٹول کو

Marfat.com

وتاخیر روا ندارد تا بمدد عنایت وحسن کفایت غیب ہمہ آرزو ہا از او فرو ریزد و التفات بما سوی اللہ نکند و دل او مجرد و یکتا گردد و مدح وذم ورد و قبول خلق نزد او یکساں شود و ملجار و مفزع او در کل احوال حضرت مالک الملوک بود، چوں رونده بدیں صفت گردد بدرجۂ اول از توحید علمی رسیده بود،

درجہ دوم آنست کہ چنداں نور ظہور حق برجان رونده آشکارا گردد ہمہٴ اجزای وجود پیش چشم شہود او در اشراق آں نور ذره وار روی در نقاب تواری کشد برمثال تواری ذره ہائی ہوا در اشراق نور آفتاب ذره را در نور آفتاب نتواں دید، نہ از آں کہ ذره نیست شد بل از آں کہ با ظہور نور آفتاب ذره را جز تواری و تلاشی روی نیست ،

اذا تجلی اللہ لشئ خشع لہ ، چوں سلطان نور ظہور بظہور نور صفت مشرق شود ذره ہائی اکوان را جز تواری روی نباشد ، نہ آنکہ صفت بنده صفت خدای گردد یا بدو پیوند دیا بدو منضم شود یا درو مضمر گردد، تعالی اللہ عن ذالک علواً کبیراً ، ونہ نیز آنکہ بنده نیست شود، بحقیقت نابودن دیگرست و نادیدن دیگر، چوں تو در آئینہ نگری آئینہ را نہ بینی زیرا کہ مستغرق جمال خودی و نتواں گفت کہ آئینہ نیست شد یا آئینہ جمال شد یا جمال آئینہ شد، دیدن قدرت در مقدورات ہمچنیں داں

Marfat.com

اس کام میں روا رکھتا ہے، یہاں تک اللہ تعالیٰ کے حسنِ کفایت اور مددِ عنایت سے خواہشاتِ نفسانی اس کے دل سے نکل جاتی ہیں اور وہ ماسوی اللہ کی جانب قطعی التفات نہیں کرتا، اس کا دل مجرّد و یکتا ہو جاتا ہے۔ اس کے نزدیک مخلوق کی تعریف و مذمت اور ردّ و قبول یکساں ہو جاتے ہیں اور تمام احوال میں اس کی پناہ و پناہ گاہ بارگاہِ مالک الملوک ہو جاتی ہے۔ جب سالک میں یہ صفت پیدا ہو جاتی ہے تو اسے توحید عملی کا پہلا درجہ حاصل ہو جاتا ہے۔

دوسرا درجہ وہ ہے کہ سالک کی روح پر حق تعالیٰ کے نور کا اس درجہ ظہور ہوتا ہے کہ اس کی چشمِ شہود کے سامنے تمام اجزائے وجود اس نور کے طلوع ہونے پر ذرّات کی مانند چھپ جاتے ہیں، بالکل اسی طرح جس طرح ہوا کے ذرّے نورِ آفتاب کے طلوع ہونے پر پوشیدہ ہو جاتے ہیں۔ نورِ آفتاب میں ذرّے نظر نہیں آتے، اس وجہ سے نہیں کہ ذرہ نیست ہو جاتا ہے بلکہ نورِ آفتاب کے ظہور کے سبب ذرّے کے لئے معدوم ہو جانا اور چھپ جانا ہی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی شئے پر تجلّی فرماتے ہیں تو اس کے اندر خشوع (محبت آمیز خوف) پیدا ہو جاتا ہے۔ جب نورِ ظہور کا بادشاہ اپنی صفت نور سے اپنے ظہور کے ساتھ برآمد ہوتا ہے تو ذرہ ہائے کائنات کو پوشیدہ ہونے کے سوا چارہ نہیں ہے۔ پھر یہ بھی حقیقت ہے کہ نہ تو بندے کی صفت اللہ تعالیٰ کی صفت بن جاتی نہ یہ کہ اس سے متصل ہو جاتی ہے یا اس کے ساتھ ضم ہو جاتی یا (اس میں) مضمر ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے بہت بلند اور برتر ہیں، اور یہ بات بھی نہیں ہے کہ بندہ نیست ہو جاتا ہے۔ حقیقت میں ناپید ہو جانا کچھ اور بات ہے اور نظر نہ آنا کچھ اور بات ہے۔ جب تم آئینہ میں نگاہ کرتے ہو تو حقیقت میں تم آئینہ نہیں دیکھتے، کیونکہ خود اپنے جمال میں مستغرق ہوتے ہو۔ اب یہ تو کہا ہی نہیں جا سکتا کہ آئینہ معدوم ہو گیا۔ مقدورات میں قدرت کے دیکھنے کو بعینہٖ اسی طرح سمجھنا چاہئے ارباب

Marfat.com

بی تفاوت، وارباب قدم این را الفنا فی التوحید گویند ومنزلة الاقدام است، بسیارکس از روندگان را اینجا قدم بلغزیده است وبهر شیوهٔ باطل بیرون رفته اند وجز بدلالت علم وآلت ذکا ومدد توفیق الهی و بدرقهٔ پیر رسیدهٔ صاحب دیده این بادیه را قطع نتوان کرد وروندگان درین مقام تفاوت باشند: کس باشد که در هفتهٔ یکساعت درین حضرت بیش بار نیابد، وکس باشد که درروزی یکساعت، وکس باشد که دو ساعت، وکس باشد که بیشتر اوقات مستغرق شهود حضرت بود ویکساعت غایب نباشد، واز خواجهٔ اسلام قدس الله روحه العزیز شنیدم که هرکه سه شبانه روز درین مقام تواند شد شگرف مردی شریف کسی باشد بیت:

اندرین بحر بی کرانه چو غوک
دست وپایی بزن چه دانی بوک
اندرین راه اگرچه آن نکنی
دست وپایی بزن زیان نکنی

دریغ باشد که درچنین مملکتی با این طول وعرض تو را قدم گاهی نباشد - خداوندا عزیزانی را که روی بدین درگاه آورده اند مدد فرست تا بمنتهای این دولت رسند وشر اخوان الشیاطین از روزگار ایشان دور دار ووکیل ایشان در دفع تفرقه و درهمه احوال و درهمه کار تو باش ونعم الوکیل.

قدم اس حالت کو فنافی التوحید کہتے ہیں یہ قدموں کے پھسلنے کی جگہ ہے۔ سالکین میں سے بہت سوں کے قدم اس مقام پر لغزش کھا جاتے ہیں اور باطل تعبیرات کے سبب راستے سے ہٹ گئے ہیں۔ سوائے علم کی رہنمائی، ذہن کی تیزی، اللہ تعالیٰ کی مددِ توفیق اور واصل باللہ اور روشن ضمیر مرشد کی رہبری کے اس صحرا کو طے نہیں کیا جا سکتا۔ اس مقام میں سالکین کے درمیان خاصہ تفاوت ہوتا ہے کوئی ایسا ہوتا ہے کہ ہفتے میں ایک ساعت سے زیادہ اس بارگاہ میں بار نہیں پاتا، کوئی ایسا ہوتا ہے کہ ایک دن میں ایک ساعت اور کوئی دو ساعت اور کوئی بیشتر اوقات حضرتِ شہود میں مستغرق رہتا ہے اور ایک ساعت بھی غافل نہیں ہوتا۔ اور میں نے خواجہ اسلام[۱] اللہ تعالیٰ ان کی روحِ عزیز کو پاک فرمائے سنا ہے کہ جو کوئی اس مقام میں تین دن اور تین رات رہے وہ مردِ عجیب اور شرف یافتہ انسان ہوتا ہے۔ بیت

اس بے کراں سمندر میں مینڈک کی مانند تدبیر کے ساتھ زیادہ کاوش کر۔ اگر اس راہ میں تجھ سے زیادہ جد و جہد نہ ہو سکے تو کم ہی۔ یہ صورت بھی نفع سے خالی نہیں ہے

افسوس ایسی مملکت میں جس کا اس قدر طول و عرض ہو تمہیں پیر رکھنے کی جگہ نہ ملے۔ خداوندا اُن عزیزوں کے لئے جنہوں نے اپنے چہروں کو اس درگاہ کی جانب کر لیا ہے (غیب سے) مدد فرمائیے تاکہ اس دولت کی منتہا کو پہنچ سکیں اور اخوان الشیاطین کا شمران کے شب و روز سے دُور رکھئے اور ان کے حال تفرقہ کے دفع کرنے میں اور ان کے کے تمام احوال اور تمام اعمال میں آپ ان کے کارساز بن جائیے۔ بے شک آپ ہی کارساز ہیں۔

لہ جامی رحمۃ اللہ علیہ نے نفحات میں تحریر فرمایا ہے کہ عین القضاۃ نے دو بزرگوں سے فیض صحبت حاصل کیا۔ شیخ محمد بن حمویہ م ۵۳۰ھ اور احمد غزالی م ۵۲۰ھ خود عین القضاۃ ۵۲۵ھ میں برسردار کئے گئے۔ قرینہ حالات سے مستنبط ہوتا ہے کہ خواجہ اسلام سے مراد شیخ احمد غزالی ہی ہیں۔ واللہ اعلم۔ نفحات الانس ص ۲۶۸ طہران ۱۳۳۶ ایش

درجۂ سوم الفنا : عن الفنا ست ، و آں آنست کہ از کمال استغراق و قوت استماع احساس روندہ بفنا ۔ خود و آگاہی از فنای خود و دانستن آں کہ آں سلطان ظہور جمال و جلال است ، بیک صدمت رخت وجود در چشم شہود باکتم عدم برد و ہمہ از و بیفتد چہ آگاہی روندہ دریں ہمہ در نظر روندۂ طریقت ہمہ اشارت بتفرقہ می کند و عین الجمع و جمع الجمع اینجاست کہ خود را بل کل کائنات را در نور ظہور حق گم کند و آگاہی خود از گم کردن ہم گم کند و ازیں گم کردن ہم گم شود ، ہیچ نہ بیند جز حق و نہ بیند کہ ہیچ نمی بیند جز حق : محو فی محوٍ و طمسٍ فی طمسٍ ، نہ اسمت اینجا و نہ رسم ، نہ وجود ست دریں قدم و نہ عدم نہ عبارتست دریں مقام و نہ اشارت ، نہ عرشست دریں عالم و نہ فرش ، نہ اثرست دریں بحر و نہ خبر ، کوکب : كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ [1] جز دریں اقلام ندرخشد و روح نسیم : كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ [2] جز دریں فضا بمشام روح نرسد ، انا الحق و سبحانی ، جز دریں مقام نپذیرد توحید بی شرک جز دریں دار الملک صورت نبندد ، و آنچہ گفتہ آمد علم توحیدست چہ حقیقت توحید ازیں توحید مقدس ست ، روش فلاسفہ و معتزلہ در علم توحید معکوس منکوس بود ، بچشم احول در جمال توحید نگرستند یکی را دو دیدند کہ بل صد ہزار روش ایشاں در دیدن اسباب اثبات خودی بود لاجرم چنداں ظلمت از خودی خود بر ایشاں کمیں گشود

۱۔ سورۂ ۵۵ آیۂ ۲۶ ۲۔ سورۂ ۲۸ آیۂ ۸۸

Marfat.com

تیسرا درجہ فنا عن الفنا (فنا سے بھی فنا) ہے اور وہ یہ ہے کہ استغراق کے کمال اور استماع کی قوت سے سالک کو اپنی فنا کا احساس اور اپنی فنا کی معرفت (حاصل ہو) اور یہ علم بھی ہو کہ وہ (ذات) جمال و جلال کے ظہور کا سلطان ہے اور ایک ہی جھپٹے میں رختِ وجود کو منصۂ شہود سے عدم کے پردے میں لے جا سکتی ہے اور یہ سب اس (کی نگاہ) سے دور کیا جا سکتا ہے۔ چنانچہ ان سب (احوال) میں سالک کی معرفت سالک طریقت کی نظر میں تفرقہ کی نشاندہی کرتی ہے۔ اور عین الجمع اور جمع الجمع یہ مقام ہے کہ خود کو بلکہ کل کائنات کو حق تعالیٰ کے نور ظہور میں گم کر دے اور اپنی معرفت کے گم کرنے کو بھی گم کر دے اور اس گم کرنے سے بھی گم ہو جائے۔ سوائے حق کے کچھ نہ دیکھے، یہ بھی خیال نہ کرے کہ وہ حق تعالیٰ کے سوا کچھ نہیں دیکھ رہا ہے۔ مٹنے میں مٹنا اور گم ہونے میں گم ہونا۔ اس مقدس مقام میں نہ اسم ہے نہ رسم، اس قدم میں نہ وجود ہے نہ عدم، نہ اس مقام میں عبارت ہے نہ اشارت، نہ اس عالم میں عرش ہے نہ فرش، اس بحر میں نہ اثر ہے نہ خبر، اس اقلیم میں سوائے کل من علیہا فان، (جتنے روئے زمین پر موجود ہیں سب فنا ہو جاویں گے) کے کوئی ستارے نہیں چمکتے اور اس فضا میں سوائے کل شیئ ہالک الا وجہہ (سب چیزیں فنا ہونے والی ہیں بجز اس کی ذات کے) کی روحِ نسیم کے مشامِ روح تک کوئی خوشبو نہیں پہنچتی۔ اس مقام کے سوا "انا الحق" و "سبحانی" کہنا قابلِ قبول نہیں۔ سوائے اس دار الملک (مقام) کے بے شرک توحید معین نہیں ہوتی۔ یہ کہا گیا ہے کہ علم توحید ہے لیکن صحیح بات یہ ہے کہ توحید کی حقیقت اس توحید سے مقدس ہے۔ عالم توحید میں فلاسفہ اور معتزلہ کی روش الٹی اور پوچ ہوتی ہے بھینگی آنکھ سے جمالِ توحید کو دیکھتے ہیں جو ایک ہے اسے دو دیکھتے ہیں بلکہ صدہا (دیکھتے ہیں) اثباتِ خودی کے لئے ان کا ڈھنگ یہ ہے کہ اسباب پر نظر رکھتے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ خود ان کی خودی سے اس قدر ظلمت ان پر مستولی ہوئی کہ

Marfat.com

کہ حق را تعالیٰ گم کردند و در تیہ حیرت و غیرت سرگشتہ شدند و جملہ
صفات اورا منکر گشتند و اورا جز بسلب صفات وصف نکردند
وگفتند ما موجودیم اورا موجود نتواں گفت ، وما عالیم اورا
عالم نتواں گفت ، ما قادریم اورا قادر نتواں گفت ، اما اورا معدوم
وجاہل وعاجز ہم نتواں گفت ، وہمچنیں در ہمہ صفات باز روش ایں
جوانمرداں در اسقاط حدوث و اثبات قدم بود لاجرم چنداں نور ظہور
حق تعالیٰ برجان ایشاں آشکارا گشت کہ ما دون اللہ در شعشعۂ شعاع
آں نور مقدس ناچیز نمود وہمہ صفات کمال ونعوت جمال وجلال در
حق او جل جلالہٗ اثبات کردند ونفی غیر او واجب دیدند وگفتند
عالم اوست و دیگراں ہمہ جاہل ، قادر اوست و دیگراں ہمہ عاجز
بلکہ موجود بحقیقت اوست و دیگراں ہمہ معدومند۔ بیت :

عرش با فرش پیش چشم شہود

عدم صرف ومحو محض نمود

تفاوت نگر میاں آں روش وایں روش ، وایں روندہ وآں روندہ
ہمانا تو از تنگ حوصلگی وبے حاصلی و از فرط نابینائی ونادانی خود
ایں کلمات را شطح نام کنی وطامات لقب نہی ، بعزت ذوالجلال
کہ عین تحقیق و توحید است وہر توحید کہ جز اینست دلیل وعلیلست
و دریں مقام مزلۃ الاقدام بسیار ست

Marfat.com

اس میں حق تعالیٰ کو نہ پا سکے اور بیابانِ حیرت وغیرت میں سرگشتہ رہے اور حق تعالیٰ کی جملہ صفات کے منکر ہو گئے اور حق تعالیٰ کی تعریف بجز سلب صفات نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ ہم موجود ہیں، اسے موجود نہیں کہا جا سکتا' ہم عالم ہیں اسے عالم نہیں کہا جا سکتا' ہم قدرت رکھتے ہیں اسے قادر نہیں کہا جا سکتا' لیکن اس کو معدوم' جاہل اور عاجز بھی نہیں کہا جا سکتا۔ اسی طرح تمام صفات کے بارے میں یہی روش ہے۔ اس کے برخلاف ان جوانمردوں کی روش (اہلِ حق کی روش) حدوث کو ساقط اور قدم کو ثابت کرنے میں ہوتی ہے (یعنی اللہ تعالیٰ ہست ہیں مخلوق نیست ہے) یقینی طور پر حق تعالیٰ کے ظہور کا نور اس قدر ان کی روح پر آشکار ہوا کہ اللہ کے سوا ہر شئے اس نورِ مقدس کی شعاعوں کی تابناکی میں نابود محسوس ہوتی اور انہوں نے تمام صفات کمال اور اوصاف جمال وجلال کا اس جلّ جلالہٗ کے حق میں اثبات کیا اور حق تعالےٰ کے غیر کی نفی ان پر واجب ہوئی اور انہوں نے کہا کہ عالم وہ ہے دوسرے تمام جاہل ہیں، قادر وہ ہے دوسرے تمام عاجز ہیں۔ بلکہ حقیقت کے ساتھ وہی موجود ہے دوسرے تمام معدوم ہیں۔ بیت :-

چشم شہود کے سامنے عرش فرش کے ساتھ عدم محض رہ جاتا
ہے، محو شدہ معلوم ہوتا ہے۔

اُس روش اور اِس روش میں جو تفاوت ہے غور کرو' اور اِس سالک اور اس سالک میں (جو فرق ہے ظاہر ہے) شاید تم اپنی تنگ حوصلگی، بے حاصلی۔ بے بصری اور نادانی کی زیادتی کے سبب ان باتوں کو شطح کا نام دو اور لاف وگزاف لقب رکھو۔ حق ذوالجلال کی قسم کہ یہ عین تحقیق اور عین توحید ہے اور جو توحید بھی اس کے سوا ہے استدلالی ہے اور کمزور ہے[1]۔ اس مقام میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے اور اس مقام میں لغزشوں کا

---

[1] پائے استدلالیاں چوبیں بود   پائے چوبیں سخت بے تمکیں بود
(مولانا رومیؒ)

Marfat.com

ورای آنچه گفته آمد و هرگز دو رونده در مقام توحید بر یک قدم نبوده اند و نخواهند بود و در هر قدمی آنچه فرد اوست بنسبت با او تاریک نماید و بعد ازین بقدم عدم بواسطهٔ جذبه از حدوث بقدم باید رفت تا آنگاه که بعالم بقا در رسد، و هناک مالا عین رأت ولا اذن سمعت ولا خطر علی قلب بشر، و دانم که ترا درد این دولت و دولت این درد نباشد، اما باری بایمان قبول کن تا غبار موکب این سلاطین دین بر چهرهٔ روزگار تو نشیند و طراز اعزاز تو گردد و از آن مباش که : وَاِذْ لَمْ یَهْتَدُوا بِهٖ فَسَیَقُوْلُوْنَ هٰذَا اِفْکٌ قَدِیْمٌ[۱]، بالله التوفیق

ء

۱- سورهٔ ۴۶ آیهٔ ۱۱

امکان بہت زیادہ ہے اور ہرگز دو سالک مقام توحید میں ایک قدم پر نہیں ہوتے اور نہ ہوں گے۔ یہاں ہر پچھلا قدم اگلے قدم کی نسبت سے تاریک نظر آتا ہے۔ اس کے بعد عدم کے قدم اور جذب الہٰی کی مدد سے، حدوث سے قدم کی طرف بڑھنا چاہئے، یہاں تک کہ سالک عالم بقا تک پہنچ جائے، اور یہی وہ بات ہے جس کے متعلق فرمایا گیا کہ اس مقام کی ہر شئے ایسی ہے جس کو کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سنا نہ کسی انسان کے قلب نے اسے محسوس کیا اور میں جانتا ہوں کہ تمہیں اس دولت کا درد اور اس درد کی دولت حاصل نہیں ہے لیکن ایک بار (اس حقیقت کو) ایمان و یقین کے ساتھ قبول کر دتا کہ دین کے ان سلاطین کی سواری کا غبار تمہاری زندگی کے چہرے پر بیٹھ جائے اور تمہارے قبائے اعزاز کو زیادہ آراستہ کرے اور ان لوگوں میں سے نہ ہو جن کے متعلق کہا گیا ہے واذلم یھتدو بہ فسیقولون ھٰذا افک قدیم (اور جب ان لوگوں کو قرآن سے ہدایت نصیب نہ ہوئی تو یہ کہیں گے کہ یہ قدیم جھوٹ ہے) اور توفیق اللہ ہی کے ہاتھ ہے۔

Marfat.com

فصل فی بیان المکان

امداد لطف الٰہی و امداد عطف پادشاہی نثار روزگار کسی باد کہ دریں فصل بدیدۂ انصاف نگرد نہ بدیدۂ خلاف، و مضمون آں را از راہ طلب حق تصفح کند نہ از راہ تتبع عثرات، کہ پادشاہ تعالیٰ غیور است اسرار صمدیت خود را با ہیچ جاحد درمیاں ننہد بلکہ عین سر را ستر سر گرداند و بنزدیک گویندہ ایں کلمات آنست کہ درمیان آسمان و زمین ہیچ سری عزیز تر و بزرگوار تر از سر مکان و زمان نیست ، چہ بیشتر اسرار کہ مشائخ طریقت و علما حقیقت در آں سخن گفتہ اند اسرار کار حق است تعالیٰ و تقدس. و معرفت مکان و زمان و شناختن آں معرفت ساحت ذات و صفات اوست و ہر کہ سر مکان و زمان بشناسد او را از معرفت ذات و صفات مقدس بہرہ بیشتر باشد، و از غایت عزت ایں سر است کہ مشائخ طریقت از عہد اول تا عہد ما در آں ہیچ سخن نگفتہ اند و یالیت کہ ما نیز ہیچ اشارات نکردیمی، وَلٰکِنْ لِیَقْضِیَ اللّٰہُ اَمْرًا کَانَ مَفْعُوْلًا ۔ ۱

۱۔ سورۂ ۸ آیۂ ۴۲

Marfat.com

فصل مکان کے بیان میں

لطف الٰہی کی بخشش اور عنایت پادشاہی کی کثرت اس شخص کی زندگی پر نثار ہو جو اس فصل کو نظر اعتراض سے نہیں بلکہ بنظر انصاف پڑھے اور غور کرے اور اس کے مطالب کو باطل کی پیروی کے خیال سے نہیں بلکہ طلب حق کی خاطر مطالعہ کرے کہ بادشاہ تعالیٰ غیور ہیں اور اپنی صمدیت کے اسرار کو کسی منکر پر منکشف نہیں کرتے بلکہ عین راز ہی کو پردۂ راز بنا دیتے ہیں اور کہنے والے (مصنف کتاب ہذا) کے نزدیک یہ ایسے کلمات ہیں کہ آسمان و زمین میں مکان و زمان کے راز سے زیادہ کوئی راز عزیز اور بزرگ نہیں ہے کیونکہ بیشتر راز جو مشائخ طریقت اور علمائے حقیقت نے اس باب میں بیان کیے ہیں حق تعالیٰ و تقدس کی فعالیت کے اسرار ہیں (مکان و زمان کے اسرار بیان نہیں کیے ہیں) اور مکان و زمان کی معرفت اور اس کا عرفان در اصل حق تعالیٰ کی ذات و صفات کی وسعتوں کی معرفت ہے۔ اور جس کسی کو مکان و زمان کا عرفان حاصل ہے، وہ حق تعالیٰ کی ذات و صفات کی معرفت سے زیادہ بہرہ مند ہے۔ یہ اس راز کی غایت عزت کا سبب ہے کہ مشائخ طریقت نے قرن اول سے ہمارے عہد تک اس خصوص میں کچھ ارشاد نہیں کیا ہے۔ اور افسوس کہ ہم بھی اس بات کو بیان نہیں کرتے ولکن لیقضی اللہ امراً کان مفعولا لیکن تاکہ جو بات اللہ کو کرنا منظور تھا اس کی تکمیل کر دے، اب سب سے پہلے

اکنوں اول بدلیل سمعی اشارت کنیم کہ حق تعالیٰ را مکانست پس بدلایل شرعی اثبات کنیم کہ بجہت مخصوص نیست پس آں مکاں را بیاں کنیم چناں کہ مستفاد بود از مشاہدات بصائر ، وجملہ را بعبارتی سہل سلس ادا کنیم و در تعقید نکوشیم تا فہم کردن آں آسان بود۔

اما بیاں آنکہ حق تعالیٰ را مکانست از راہ براہین سمعی و آیات قرآن مجید کہ شواہد معرفتست و اخبار و آثار صحیح کہ مقاعد سنت و جماعتست و دلایل اجماع امت کہ قواعد امور ملتست :

اما آیات قرآن قولہ تعالیٰ : وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ [۱] وقولہ مَا يَكُونُ مِنْ نَجْوَىٰ ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ الیٰ قولہ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَمَا كَانُوا [۲]

وقولہ تعالیٰ : وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ [۳]
وقولہ تعالیٰ : وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُبْصِرُونَ [۴]

۱- سورۂ ۵۷ آیۂ ۴ ۲- سورۂ ۵۸ آیۂ ۷ ۳- سورۂ ۵۰ آیۂ ۱۶
۴- سورۂ ۵۶ آیۂ ۸۵-

Marfat.com

ہم سمعی دلائل بیان کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ کا مکان ہے پھر دلائل شرعی سے ثابت کریں گے کہ حق تعالیٰ کا مکان کسی جہت کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، الغرض اس مکان کو بیان کریں گے جو مشاہدات بصیرت سے مفہوم ہوتا ہے، ان تمام امور کو ہم سادہ اور سلیس عبارت میں بیان کریں گے اور ادائے مطلب کو دقیق نہ ہونے دیں گے تاکہ مسئلہ کا سمجھنا آسان ہو جائے۔

اب اس سلسلے میں کہ حق تعالیٰ کا مکان ہے سمعی دلائل اور قرآن مجید کی آیات جو معرفت کے شواہد ہیں اور صحیح احادیث و آثار جو سنت و جماعت کی بنیاد ہیں، اور امت کے اجماع کی دلیلیں جو ملت کے امور کے قواعد ہیں بیان کیے جاتے ہیں۔

پہلے قرآن کی آیات سمجھ لیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وھو معکم اینما کنتم (اور تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم لوگ کہیں بھی ہو۔ اور فرمایا مایکون من نجویٰ ثلثۃ الا ھو رابعھم ...... الیٰ قولہ ...... الا ھو معھم اینما کانو (کوئی سرگوشی تین آدمیوں کی ایسی نہیں ہوتی جس میں چوتھا وہ (یعنی اللہ) نہ ہو اور نہ پانچ کی (سرگوشی) ہوتی ہے جس میں چھٹا وہ نہ ہو اور نہ

اس (عدد) سے کم (میں) ہوتی ہے (جیسے دو یا چار آدمیوں میں) اور نہ اس سے زیادہ مگر وہ (ہر حالت میں) ان لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وہ لوگ کہیں بھی ہوں) اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ونحن اقرب الیہ من حبل الورید (اور ہم انسان کے اس قدر قریب ہیں کہ اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ) ونحن اقرب الیہ منکم ولکن لاتبصرون (اور ہم (اس وقت) اس (مرنے والے) شخص کے تم سے بھی زیادہ نزدیک

Marfat.com

وقوله تعالی: وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَبِّكَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ[1] ومثال ذلک کثیر فی القرآن، ومفہوم از ظاہر این ہمہ آنست کہ حق تعالی با ہمہٴ ذرہ ہای وجود بذات موجود است الا آنکہ معیت او با اجسام نہ چوں معیت اجسامست با اجسام یعنی در مکان اجسام، زیرا کہ او جسم نیست و نہ چوں معیت جواہر با اجسام یا چوں معیت اعراض با جواہر و اجسام، زیرا کہ او جوہر و عرض نیست آری معیت روح با جسد مثال معیت حقست تعالی با کل کائنات، زیرا کہ روح نہ دروں قالبست و نہ بیرون، و نہ متصلست بقالب و نہ منفصل از قالب، بلکہ روح از عالمی دیگرست و قالب از عالمی دیگر، و بر روح از عوارض اجسام چوں دخول و خروج و اتصال و انفصال وغیر آں جایز نیست و با این ہمہ ذرہٴ از ذرہ ہای قالب نیست کہ روح بحقیقت با او موجود نیست

۱۔ سورهٴ ۱۰ آیهٴ ۶۱

Marfat.com

ہوتے ہیں لیکن تم نہیں سمجھتے) اور فرماتے ہیں وما یعزب من ربک من مثقال ذرۃٍ فی الارض ولا فی السماء (اور آپ کے رب (کے علم) سے کوئی چیز ذرہ برابر بھی غائب نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں (بلکہ سب اس کے علم میں حاضر ہیں) اس طرح کی مثالیں قرآن میں بہت ہیں، ان تمام کے ظاہر سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ تمام ذرہ ہائے وجود کے ساتھ بذاتہ موجود ہیں، البتہ حق تعالیٰ کی اجسام[1] کے ساتھ معیت اس طرح کی نہیں ہے جس طرح اجسام کے مکان میں اجسام کی معیت اجسام کے ساتھ ہے کیونکہ حق تعالیٰ جسم نہیں ہیں اور نہ اس طرح جس طرح جواہر[2] کی معیت اجسام کے ساتھ ہے یا اعراض[3] کی معیت جواہر اور اجسام کے ساتھ ہے کیونکہ حق تعالیٰ جوہر وعرض نہیں ہیں البتہ (کسی درجہ میں) روح کی بدن کے ساتھ معیت حق تعالیٰ کی تمام کائنات کے ساتھ معیت کی مثال ہوسکتی ہے کیونکہ روح نہ قالب کے اندر ہوتی ہے اور نہ باہر نہ قالب سے متصل ہوتی ہے اور نہ قالب سے منفصل بلکہ روح دوسرے عالم سے ہے، اور قالب دوسرے عالم سے اور روح پر اجسام کے عوارض کا اطلاق، جیسے داخل ہونا، باہر آنا، متصل ہونا اور منفصل ہونا وغیرہ جائز نہیں ہے لیکن بایں ہمہ قالب کے ذرات میں سے کوئی ذرہ ایسا نہیں ہے جس میں فی الحقیقت روح موجود نہ ہو

---

[1] اصطلاح میں جسم کا مطلب ایسا مرکب جو طول، عرض اور عمق رکھتا ہو

[2] جوہر۔ عرض کی ضد اصل پیدائش اور ہر چیز کا مادہ جو اپنی ذات میں قائم ہو

[3] عرض۔ جوہر کی ضد ظاہر ہونے والی شئے۔

Marfat.com

درمکانی کہ لائق لطافت روحست ، معیت حق تعالی با خلق ہم برین مثالست : من عرف نفسہ فقد عرف ربہ ، اشارت بدین سرست پس حمل کردیم ایں آیات را برمکانی کہ لایق قدس وپاکی او باشد تاہم با ہمہ ذرہ ہای وجود موجود باشد وہم ازہمہ منزہ ومقدس ومتعالی بود وبعدازیں درتفصیل امکنہ بیان آں مکاں گفتہ آید انشاءاللہ ۔

اما اخبار سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم دریں معنی بسیار است : قولہ علیہ افضل الصلوٰۃ بروایۃ انس بن مالک رضی اللہ عنہ یقول اللہ تعالیٰ وعزتی وجلالی ووحدانیتی وفاقۃ خلقی الی واستوائی علی عرشی وارتفاع مکانی ، انی استحی من عبدی وامتی یشیبان فی الاسلام ان اعذبہما ۔ وقولہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ تعالیٰ وعظمتی وجلالی وارتفاع مکانی لا یدخل الجنۃ احد وقلبہ مظلم ۔ واین لفظ عزتی وجلالی وارتفاع مکانی دراخبار بسیار آمدہ است اگرہمہ بنولیسیم دراز شود وغرض ما ازیکی حاصلست ۔

Marfat.com

اپنے ایسے مکان میں جو روح کی لطافت کے لائق ہے۔ خلق کے ساتھ حق تعالیٰ کی معیت کی مثال ایسی ہی ہے، جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے اپنے خدا کو پہچانا (اس مقولے میں) اسی راز کی جانب اشارہ ہے۔ پس ہم نے ان آیات قرآنی کا اطلاق حق تعالیٰ کے ایسے مکان پر کیا جو ان کی ذات کی قدسیت اور پاکی کے لائق ہے۔ وہ ذات تمام ذرہ ہائے وجود کے ساتھ ہوتے ہوئے بھی تمام سے منزہ، مقدس اور عالی ہے۔ اس مکان کا بیان فصل امکنہ میں کیا جائے گا۔ انشاءاللہ۔

جان لیں کہ اس معنی میں سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بہت سی ہیں۔ آنحضرت علیہ افضل الصلوٰۃ کا ارشاد انس بن مالک کی روایت سے ہے کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں "مجھے اپنے عزت و جلال، وحدانیت اور میری طرف میری مخلوق کی احتیاج، اپنے عرش پر میرے استویٰ اور میرے بلندی مکان کی قسم کہ مجھے اپنے بندے اور بندی سے جو اسلام میں بوڑھے ہو جائیں شرم آتی ہے کہ میں انہیں عذاب دوں"

اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ فرماتے ہیں "میری عظمت و جلال اور بلندی مکان کی قسم جنت میں ایسا کوئی آدمی داخل نہ ہو سکے گا، جس کا دل تاریک ہے۔ اور یہ الفاظ "عزتی" "وجلالی" و "ارتفاع مکانی" احادیث میں بہت سے مقام پر آتے ہیں، اگر ہم سب کو تحریر کریں تو طوالت ہوگی اور ہمارا مقصد تو ایک سے حاصل

لے ابو تمامہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ۔ مدینہ منورہ پیدا ہوئے۔ چھوٹی عمر میں اسلام لائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کا شرف بھی حاصل ہوا۔ وفات ۹۳ھ
الاعلام از زرکلی صفحہ ۱۳۲ جلد ۱

Marfat.com

و امیر المؤمنین علی وثوبان رضی اللہ عنہما روایت میکنند از سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کہ فرمودہ : قال موسیٰ علیہ السلام یارب اقریب انت فاناجیک ؟ ام بعید فانادیک ؟ فانی احس حس صوتک ولا اراک این انت ؟ فقال اللہ تعالیٰ لہ انا خلفک وامامک وعن یمینک وعن شمالک وانا جلیس عبدی حین یذکرنی وانا معہ اذا دعانی، ودر تفسیر حریری آمدہ است بہ روایت ابان از انس رضی اللہ عنہما کہ گفت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم روزی بمردی بگذشت وآں مرد گفت : والذی احتجب بسبع سمٰوٰت ، فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مہ انہ فوق کل شیئ

Marfat.com

ہو جاتا ہے اور امیر المومنین علی[1] اور ثوبان[2] رضی اللہ عنہما، سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا، کہ موسیٰ علیہ السلام نے کہا:- اے پروردگار کیا تو قریب ہے کہ میں تجھ سے مناجات کروں یا تو دور ہے کہ تجھے پکاروں کیونکہ میں تیرے حسن صوت کو محسوس کر رہا ہوں لیکن تجھے دیکھ نہیں رہا تو کہاں ہے؟ حق تعالیٰ نے فرمایا میں تیرے پیچھے ہوں تیرے آگے ہوں تیرے دائیں ہوں اور تیرے بائیں ہوں اور میں اپنے بندے کے پاس بیٹھا ہوتا ہوں جب وہ میرا ذکر کرتا ہے اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔ اور تفسیر حریری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے توسط سے حضرت ابان[3] رضی اللہ عنہ کی روایت منقول ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن ایک شخص کے پاس سے گذرے اس شخص نے عرض کیا اس ذات کی قسم جو سات آسمانوں کے حجابوں میں مستور ہے تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھہرو! وہ ہر چیز کے اوپر ہے

---

1. ابوالحسن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔ چہارم خلیفہ راشد۔ شہادت ۴۰ھ آپ ۵۸۶ حدیثوں کے راوی ہیں۔ اعلام ص ۲۷۶
2. ابوعبداللہ ثوبان بن بجدد رضی اللہ عنہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خرید کر کے آزاد فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم خاص تھے۔ [illegible] شاہ معین الدین ندوی جلد ہفتم ص ۲ ۵۴ھ میں وفات پائی۔
3. ابوالولید ابان بن سعید بن العاص ۷ھ میں مسلمان [illegible] بحرین کے عامل بنائے گئے۔ وفات ۱۳ھ۔ [illegible]

Marfat.com

وتحت کل شیئ وقد ملاء کل شیئ عظمته ، وہم آنجاست روایت از ابن عباس رضی اللہ عنہ : من زعم انہ صعد من الصخرۃ التی فی بیت المقدس فقد سہا بل استوی امرہ فوق بریتہ ولبطن تحت ارضہ فلم یخل منہ مکان ولا سماء ولا ارض ولا بر ولا بحر ولا ہواء وہو عز و جل بکل مکان ، ودر تفسیر حریری است از ابن عباس رضی اللہ عنہ کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم این آیۃ برخواند کہ : هُوَ الْأَوَّلُ وَ الْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ - ۱ پس گفت ہو الاول لم یکن قبلہ شیئ وہو الاخر لیس بعدہ شیئ ، ثم قال صلی اللہ علیہ وسلم فلو دلی لبعضہم الی الارض لدلی علی اللہ ، لانہ لایخلو منہ مکان ، وہم در اخبار ست کہ ان اللہ تعالی ما حل فی شیئ ولا غاب عن شیئ ، وجملۂ این اخبار دلالت میکند صریح بر اثبات مکان مر حق تعالی را ، ونیز در ہر یک از آں دلالت صریحیست .

---

۱ - سورۂ ۵۷ آیۃ ۳

ہر چیز کے نیچے ہے اور اس کی عظمت ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے۔ اور وہیں (تفسیر حریری میں) حضرت ابن عباس[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، جو خیال کرتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اس صخرے سے جو بیت المقدس میں ہے بلند ہوئے تو اس نے سہو کیا بلکہ حق تعالیٰ کا امر اپنی مخلوق کے اوپر اور اس کی زمین کے نیچے مستوی ہوا۔ جب مستوی ہے، تو اس سے کوئی مکان نہ آسمان نہ زمین نہ بر نہ بحر خالی نہیں ہے اور اللہ عزوجل ہر جگہ ہے۔ اور تفسیر حریری ہی میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم یہ آیت تلاوت فرمائی ہوالاول والآخر والظاہر والباطن (وہی پہلے ہے اور وہی پیچھے ہے اور وہی ظاہر ہے اور وہی مخفی ہے) اور فرمایا وہ ایسا اوّل ہے جس سے پہلے کوئی شئے نہیں وہ ایسا آخر ہے کہ اس کے بعد کوئی شئے نہیں وہ ایسا ظاہر ہے جس سے بلند کوئی شئے نہیں ایسا باطن ہے جس سے نیچے کوئی شئے نہیں پھر فرمایا صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر کوئی زمین کے اندر ڈول ڈالے تو وہ ڈول اللہ پر جا کر ٹھہرے گا کیونکہ اس سے کوئی مکان خالی نہیں ہے، نیز احادیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی شئے میں حلول نہیں کیا اور کسی شئے سے غائب نہ ہوا۔ یہ تمام احادیث قطعی طور پر حق تعالیٰ کے مکان پر دلالت کرتی ہیں نیز ان میں سے ہر ایک میں اس امر پر صریح دلالت موجود ہے کہ حق تعالیٰ کا مکان کسی

[1] عبداللہ بن عباسؓ بن عبدالمطلب جلیل القدر صحابی تھے۔ آپ سے ۱۶۶۰ حدیثیں مروی ہیں۔ حضرت ابن مسعودؓ کا قول ہے کہ آپ قرآن کے مفسر ہیں۔
(وفات ۶۸ھ الاعلام ص ۶۲۰ جلد ۲ مصر ۱۹۲۷ء)

Marfat.com

بر آنکہ مکان او بر جہتی مخصوص نیست بل کہ ہیچ ذرۂ از ذرات آفرینش از ذات مقدس او دور نیست یا آنکہ ہیچ مخلوق را با او پیوند نیست و منفصل نیست یا آنکہ نہ متصلست بہیچ چیز، متکلم معیت ذات احد فرد را با ہمہ ذرات نامتناہی فہم نتوانست کرد بی تقدیر تجزیہ وحلول در امکنۂ مخلوقات، لاجرم مکان را منکر شد و ہرچہ دریں باب آمدہ بود بتا ویلات سرد ظاہری بگردانید و اگر حقیقت مکان بشناختی بداں ہمہ تکلفات سرد مضطر نگشتی ۔

اما بیان اجماع امت بر اثبات مکان آنست کہ ابو القاسم بلخی کہ رئیس معتزلہ بود در کتاب مقالات فرق اہل قبلہ گفتہ است ابتدائت تألیف ہذا الکتاب سنتہ تسع وسبعین ومائتین الہجریہ ، وغرض از ذکر ایں تاریخ آں بود

Marfat.com

جہت سے مخصوص نہیں ہے بلکہ آفرینش کے ذرات میں سے کوئی ذرہ اس کی ذات مقدس سے دور نہیں ہے دراں حالیکہ کسی مخلوق کا اس سے پیوند نہیں ہے اور منفصل بھی نہیں ہے اور یہ کہ وہ کسی شئے سے متصل نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات احد فرد کی تمام نامتناہی ذرات کے ساتھ معیت کو کوئی متکلم سمجھ ہی نہیں سکتا، جب تک وہ مخلوقات کے امکنہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات مقدس کے حلول وتجزیہ کا قائل نہ ہو لامحالہ اس نے مکانِ الٰہی کا انکار کیا اور جو کچھ اس باب میں د آیات قرآنی اور احادیث، آئی ہیں ان کی ظاہری ناقص تاویلات بھی کیں۔ اگر اسے حقیقتِ مکان معلوم ہوتی تو ان تمام بے جا تکلفات سے مضطر نہ ہوتا۔

اثبات مکان پر امت کے اجماع کی کیفیت یہ ہے کہ ابوالقاسم بلخی[1] جو کہ معتزلہ[2] کا سردار تھا، اس نے اپنی تصنیف "مقالات فرق اہل نبلہ،، میں کہا ہے "میں نے اس کتاب کی تالیف کو ۲۷۹ھ میں شروع کیا،، اس تاریخ کو یہاں درج کرنے کا مقصد یہ تھا کہ

---

[1] پورا نام ابوالقاسم عبداللہ بن احمد بن محمود معتزلی تھا۔ وہ ابوالقاسم الکعبی البلخی کے نام سے بھی مشہور ہے۔ ابن شہاب ابوطیب ابراہیم بن محمد متوفی ۳۵۰ھ کا استاد تھا اور خود ابوالحسن الخیاط معتزلی کا شاگرد تھا اس کی وفات ۳۱۹ھ میں ہوئی ملاحظہ فرمائیں ردائرۃ المعارف اسلامیہ جلد چہارم ص۱۷،،

[2] مسلمانوں میں عقائد کے اعتبار سے قدیم گروہ۔ ان کے اصول خمسہ یہ ہیں توحید عدل وعد وعید۔ کفر و اسلام کی درمیانی منزل کا اقرار امر بالمعروف ونہی عن المنکر نقلی دلائل کے بجائے عقلی دلائل پر زیادہ اعتماد کرتے تھے۔ المذاہب الاسلامیہ الزہرہ مصری ص۱۶۵۔ ص۱۶۹

Marfat.com

تا معلوم شود کہ ہرچہ لبعد ازیں فرا دید آید بخلاف آں بدعت وضلالت بود، پس دریں کتاب گوید : قالت المعتزلہ والخوارج والروبیۃ والمرجیۃ بان اللہ تعالی فی کل مکان وانہ لایجوز ان یکون فی مکان دون مکان وبمرجیہ ہمہ اصحاب حدیث وفقہارا خواستہ است و برامام ابوحنیفہ تخصیص کردہ واورا ازجملہ مرجیان شمردہ وازیں اجماع جماعتی را استثنا کردہ کہ ایشاں در اثبات مکان عالی ترین امت اند وگفتہ است : قال الہشام وجماعۃ الحشویۃ

Marfat.com

یہہ معلوم ہو جائے کہ اس کے بعد اب جو کچھ اس کے برخلاف دیکھنے میں آئے وہ بدعت اور گمراہی ہوگی۔ پس اس کتاب میں وہ کہتا ہے کہ معتزلہ اور خوارج[1] اور ردبیہ[2] اور مرجیہ[3] نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر مکان میں ہیں اور یہہ جائز نہیں کہ وہ ایک مکان میں ہوں اور دوسرے مکان میں نہ ہوں۔ اس نے تمام اصحاب حدیث اور فقہا کو مرجیہ خیال کیا ہے اور امام ابوحنیفہ رح پر تخصیص کی ہے، اور انہیں بھی ان سب کے ساتھ مرجیہ میں شمار کیا ہے، اور اس اجماع سے ایک جماعت کو استثنا کیا کہ اثبات مکان میں یہہ حضرات امت کے عالی ترین افراد ہیں اور کہا ہے کہ ہشام[4] اور حشویہ[5] اور

1۔ جنگ صفین میں حکم کے تقرر کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی فوج کے ایک گروہ نے "لا حکم الا اللہ" کا نعرہ لگایا اور حضرت علی سے بغاوت کی۔ یہ گروہ حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کی خلافت کا منکر تھا۔ دائرۃ المعارف اسلامیہ جلد ۸ صـ ۸۰۶، ۸۰۷

2۔ ردبیہ یا ردیہ۔ افسوس ہے کہ تلاش بسیار کے باوجود اس گروہ کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔ ممکن ہے کہ اس گروہ کا نام پہلے کچھ ہو اور بعد میں کچھ کہا گیا ہو۔ واللہ اعلم

3۔ مرجیہ کا نقطۂ نگاہ یہ ہے کہ گناہ کے مرتکب کو گناہوں کے مطابق سزا دی جائے گی اور وہ دائمی جہنمی نہیں ہے۔ اس بات کا بھی امکان کہ اللہ تعالیٰ اپنے لطف و کرم سے اس کی مغفرت فرمائیں اور سزا سے بچ جائے۔ المذاہب الاسلامیہ ابوزہرہ مصری صـ ۱۰۲

4۔ ابو محمد ہشام بن الحکم الشیبانی متوفی ۱۹۹ھ۔ کوفہ میں پیدا ہوا۔ واسط میں پرورش ہوئی اور بغداد میں رہائش اختیار کی۔ الدلالات علی حدوث الاشیاء اس کی تصنیف ہے۔ معجم المولفین جلد ۱۲۔ صـ ۱۴۵

5۔ حشویہ۔ ایک اصطلاح جسے ان لوگوں کے لئے استعمال کیا جاتا تھا، جو ظواہر پر انحصار کرکے (اللہ تعالیٰ کے لئے) تجسیم کے قائل ہو گئے (نعوذ باللہ)۔ دائرۃ المعارف اسلامیہ جلد ۸ صـ ۳۴۹

Marfat.com

والمشبهة انه تعالی فی کل مکان ولایجوز ان یکون فی مکان دون مکان
پس معلوم شد که دریں تاریخ جملهٔ امت متفق ومتیقن بوده اند بر
اثبات مکان واختلاف ایشاں در صفت مکان وماهیت وکیفیت
آں بوده است نه در نفس مکان، ونیز معلوم شد که اجماع ایشاں
نه از پیش خود بوده بلکه بناء آں اجماع وبر قرآن واخبار واقوال صحابه
وتابعین واتباع تابعین بوده است ونیز معلوم شد که ایں اجماع
در آں عهد بغایت شایع وظاهر بوده است تا بجدی که معتزله آنرا
رد نتوانستند کرد واگر نه ظهور ایں اجماع بودی معتزله آں را رد
کردندی، زیراکه رد اجماع در مسایل اصول بنزد ایشاں رواست
واجماع امت در فروع بنزدیک ایشاں حجت است نه در اصول،
ویا لیت که بدانستمی که مرد عاقل منصف حق طلب چگونه روا
دارد که منکر مکان شود

Marfat.com

مشبہ[1] کی ایک جماعت اس بات کی قائل ہے کہ حق تعالیٰ ہر مکان میں ہیں اور جائز نہیں کہ وہ ایک مکان میں ہوں اور ایک مکان میں نہ ہوں چنانچہ (مذکورہ بیان کی روشنی میں) یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ اس زمانے تک (ابو القاسم بلخی تک) اثبات مکان کے مسئلے میں تمام امت متفق تھی اور اس پر یقین رکھتی تھی اور ان کا کوئی اختلاف تھا بھی تو مکان کی ماہیت و کیفیت کے بارے میں تھا نفس مکان پر ان کا کوئی اختلاف نہ تھا۔ اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ ان کا اجماع اپنی رائے سے نہ تھا بلکہ اس اجماع کی بنیاد قرآن و احادیث، صحابہ و تابعین اور تبع تابعین کے اقوال پر تھی اور یہ حقیقت بھی معلوم ہو گئی کہ یہ اجماع عہد مذکور میں بہت زیادہ شائع اور ظاہر تھا، یہاں تک کہ معتزلہ بھی اس کا رد نہیں کر سکتے تھے۔ اگر اس اجماع کا ظہور نہ ہوتا تو معتزلہ اس کا رد ضرور کرتے کیونکہ مسائل اصول میں اجماع کا رد کرنا ان کے نزدیک جائز ہے اور فروع میں امت کا اجماع ان کے نزدیک حجت ہے اصول میں نہیں۔

افسوس صد افسوس کاش میں جان سکتا کہ مرد عاقل انصاف پسند اور حق طلب کس طرح روا رکھ سکتا ہے کہ مکان کا انکار کرے

[1] قدیم اعتقادی فرقہ۔ ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی صفات کو ثابت کرنے پر اس قدر زور دیا کہ اُن صفات کو مخلوق کی صفات کے ساتھ مشابہت دے دی اور تشبیہہ میں مبتلا ہو گئے اور مشبہہ کہلائے۔ رسالہ قشیریہ ترجمہ ڈاکٹر پیر محمد حسن مقدمہ ص ۳۳

باآنکه داند که معنی مکان خلوتست وخلوات را نهایت نیست پس گفتن که حق تعالی در هیچ چیز از این خلوات موجود نیست و نه نزدیک آنست و نه مماس آن و نه مقابل آن نه زیر آن و نه زبر آن باآنکه آن خلوات نامتناهیست تعطیل صریح وزندقه صرف باشد وغایت این متکلم از راه جدل وعناد گوید آنست که گوید این دخول وخروج ومماسه ومحاذات ومقابله وفوقیت وتحتیت همه از صفات اجسام است وحق تعالی جسم نیست پس ازین همه هیچ برو روا نباشد، جواب گوئیم آری ازین همه هیچ برو روا نیست ولیکن غرض ما نه اثبات الفاظست بل که از بهر کشف غطا وابطال تلبیس این الفاظ را بلفظ وجود بدل کنیم، وگوئیم که حق تعالی با عالمهای اعلی وادنی وعالمهای صورت ومعنی موجودست یا نه؟ اگر گوئی موجوداست مقصود ما حاصل شد واگر گوئی موجود نیست تعطیل محض وزندقه صرف باشد، الا آنکه

Marfat.com

جب کہ اسے یہہ معلوم ہے کہ مکان کا معنیٰ خلا ہے اور خلاؤں کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ پس یہہ کہنا کہ حق تعالیٰ اِن خلوات میں سے کسی بھی شئے میں موجود نہیں ہیں، نہ اس کے قریب ہیں، نہ متصل ہیں، نہ مقابل ہیں، نہ اس کے نیچے ہیں، نہ اوپر ہیں، حالانکہ خلائیں نامتناہی ہیں (ظاہر ہے) صریح تعطیل[1] اور محض زندقہ ہے اور حد یہہ ہے کہ یہہ متکلم جدل وعناد کی راہ سے جو دلیل دیتا ہے وہ یہہ ہے کہ (عین القضاۃ) کہتا ہے کہ داخل ہونا، باہر آنا، متصل ہونا آمنے سامنے ہونا، مقابل ہونا یا بلندی وپستی اجسام کی صفات ہیں، اور چونکہ اللہ تعالیٰ جسم نہیں ہیں اس لئے ان میں سے کوئی بات ان پر منطبق نہیں ہوسکتی (یہہ تو کھلا تضاد ہے)، ہم اس اعتراض کے جواب میں کہتے ہیں، بے شک ان میں کوئی بات اللہ تعالیٰ پر روا نہیں ہے۔ لیکن ہمارا مقصود الفاظ کا اثبات نہیں ہے بلکہ (کج فہمی) کا پردہ ہٹانے اور شیطانی مکروفریب کو رد کرنے کے خیال سے ہم ان الفاظ کو لفظ وجود سے بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حق تعالیٰ اعلیٰ اور ادنیٰ عالموں اور صورت ومعنیٰ کے جہانوں کے ساتھ موجود ہیں یا نہیں؟ اگر تم کہتے ہو کہ موجود ہیں تو ہمارا مقصود حاصل ہوگیا اور اگر کہتے ہو کہ موجود نہیں ہے تو یہہ قطعی تعطیل اور محض زندقہ ہے بجز اس کے کہ

[1] اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار۔ چونکہ سلف اللہ تعالیٰ کی صفات کے قائل ہیں اس لئے انہیں صفاتیہ کہا گیا۔ معتزلہ جو صفات کے منکر ہیں معطلہ کہلائے۔ رسالہ تشیریہ ترجمہ ڈاکٹر پیر محمد حسن ص۳۳

Marfat.com

وجود او در امکنهٔ جسمانیات و روحانیات محال است پس مکانی اثبات کردیم لایق ذات مقدس او جدا و دور بمعنی و حقیقت از امکنهٔ جسمانیات و روحانیات و آں مکانیست که آنرا نه طول و نه عرض و نه عمق و نه بعد و نه مسافتست بلکه همه قرب در قربست، یک ذره و کم از یک ذره در همهٔ عالم غیب و شهادت از و خالی نیست، و محالست عقلاً و وهماً و امکاناً و وقوعاً که هیچ وهم بدو رسد یا هیچ فهم او را دریابد یا هیچ عقل چند و چونی او بداند زیراکه محالست که هیچ مخلوق در و گنجد یا بدو راه یابد و وهم و فهم و عقل از مخلوقانند و وجود حق تعالی با ذره های عالم چوں وجود جانست با ذره های قالب ولله المثل الاعلی[1] چه دخول و خروج و اتصال و انفصال و مماسه و محازات و فوقیت و تحتیت و جملهٔ عوارض و صفات اجسام بر روح جایز نیست زیراکه روح از عالم امرست نه از عالم خلق و با این همه هیچ ذرهٔ از ذره های قالب از و خالی و دور نیست و از و منفصل نیست اگرچه بدو هم متصل نیست وجود روح با ذره های قالب نه در مکان جسم است بلکه در مکانیست لایق او و میان آں مکان و جمله امکنه بعد از این فصل گفته آید انشاءالله تعالی و به نستعین .

---

۱ - سورهٔ ۱۶ آیهٔ ۶۰

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کا وجود مکان جسمانیات و روحانیات میں محال ہے، پس ہم ایسے مکان کا اثبات کرتے ہیں جو ان کی ذات مقدس کے لائق ہے، مکان جسمانیات و روحانیات سے علیحدہ اور دور، معنیٰ اور حقیقت دونوں اعتبار سے۔ اور وہ مکان ایسا ہے جس میں نہ طول ہے نہ عرض، اس میں نہ گہرائی ہے نہ دوری، اور نہ مسافت ہے بلکہ تمام قرب ہی قرب ہے۔ تمام عالم غیب و شہود میں سے ایک ذرہ ایک شمہ کم یا زیادہ اس کے بغیر نہیں ہے۔ اور عقلاً، وہماً، امکاناً اور وقوعاً محال ہے کہ کوئی وہم اس تک پہنچ سکے یا کوئی فہم اس کو پا سکے یا کوئی عقل اس کے بارے میں "کتنا ہے" اور "کیسا ہے" معلوم کر سکے۔ کیونکہ یہ قطعی محال ہے کہ کوئی مخلوق اس میں سما سکے یا اس تک راہ پا سکے، اور وہم و فہم اور عقل بھی مخلوق ہیں اور عالم کے ذروں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا وجود ایسا ہے جیسے قالب کے ذرات کے ساتھ روح کا وجود ہے واللہ المثل الاعلیٰ (اور اللہ تعالیٰ کے لیے تو بڑے اعلیٰ درجے کے صفات ثابت ہیں) روح پر اجسام کی صفات مثلاً دخول، خروج، اتصال، انفصال، مماس، محاذات، فوقیت، تحتیت اور تمام عوارض جائز نہیں، کیونکہ روح عالم خلق سے نہیں بلکہ عالم امر سے ہے باایں ہمہ ذرات قالب میں سے کوئی ذرہ اس سے خالی اور دور نہیں ہے اور اس سے منفصل نہیں ہے اگرچہ متصل بھی نہیں ہے۔ اور قالب کے ذروں کے ساتھ روح کا وجود جسم کے مکان میں نہیں ہے بلکہ ایسے مکان میں ہے جو روح کے لائق ہے۔ اس مکان اور جملہ مکانوں کا بیان اس فصل کے بعد ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ اسی سے ہم مدد کے خواستگار ہیں۔

Marfat.com

فصل در بیان امکنہ

بداں کہ معرفت ایں امکنہ جز بصیرت دل و مشاہدۂ سر و معاینۂ روح ممکن نشود و قرآن و اخبار و اجماع امت محک معارفست، پس مارا آنچہ ببصایر و مشاہدات معلوم گشتہ بود بر محک قرآن و اخبار و اجماع امت امتحان کردیم درست و راست آمد. شکر حق تعالی گزاریم و بدل و جان قبول کردیم و ہمہ را ظاہر بیان نمودیم بی تشبیہ و تعطیل و باللہ العصمۃ والتوفیق، آمدیم بہ بیان مکان بزبان طریقت چنانکہ مستفادست از مشاہدۂ بصیرت۔

خداوندا ایں مخدرۂ غیبی را کہ ہزاراں سالست تا بحجاب عزت محتجب است و بنقاب نور از دیدۂ اغیار مستور، بردست مشاطۂ ہدایت و توفیق بر طالبان آخر الزماں جلوہ کن و تشنگان آخر الزماں را کہ در بیدای حیرت سرگردانند

Marfat.com

فصل امکنہ کے بیان میں

جان لیجیے کہ ان امکنہ کی معرفت بغیر دل کی بصیرت، باطنی مشاہدہ، اور معائنۂ روح ناممکن ہے چونکہ قرآن، احادیث اور اجماع امت معارف کی کسوٹی ہیں، پس ہمیں جو بصائر اور مشاہدات حاصل ہوئے ہم نے قرآن وحدیث اور اجماع امت کی کسوٹی پر انہیں پرکھا، سب درست اور راست پائے۔ ہم نے حق تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور دل وجان سے قبول کیا اور اب تمام (بصائر ومشاہدات) کو بے تشبیہ و بے تعطیل کھل کر بیان کرتے ہیں۔ صرف اللہ کی عصمت اور توفیق کی مدد سے۔ اب ہم زبان طریقت میں جیسا کہ مشاہدہ اور بصیرت سے مستفاد ہوا ہے مکان کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔

خداوند آپ اس غیبی پردہ نشین کو جو ہزاروں سال سے (آپ کے) حجاب عزت کے پردے میں ہے اور نور کے نقاب میں چشم اغیار سے پوشیدہ ہے، ہدایت وتوفیق کی مشاطہ کے ذریعے، آخر زمانے کے طالبوں پر جلوہ فگن کر دیجیے اور آخری زمانے کے تشنہ کاموں کو جو حیرت کے بیابان میں سرگرداں ہیں اپنے لطف وکرم کے ساقی کے ذریعہ

Marfat.com

بر دست ساقی لطف شربتی شافی فرست، عمر عالم بآخر رسید آخر این عروسان چون ماه از بهر کدام شاهان نام زدند؟ پادشاها این سر اعظم را و این بدلازم را به بیانی روشن و شرحی مبین مبرهن مقرون گردان تا بود که گم گشتگان تیه اعزار و افتادگان عرقاب انکار و میش صورتانی که در دریدن پوستین بندگان گرگ صفت گشته اند و خرمن عمل ریزهٔ خود را بآتش غیبت می سوزند و بباد بدگمانی بر می دهند بنور دلالت تو از ظلمت جهالت برهند، یا دلیل المتحیرین ویا ارحم الراحمین۔

بدان الهمک اللہ دارشدک کہ مکان بر سہ قسم است : قسم اول مکان جسمانیات، وقسم دوم مکان روحانیات، وقسم سوم مکان اللہ تعالیٰ وتقدس، وقسم اوّل بر سہ قسم است مکان جسمانیات کثیف ومکان جسمانیات لطیف ومکان جسمانیات الطف

اما جسمانیات کثیف زمینست ومزاحمت ومضایقت درو ظاہرست تا یکی فراتر نشود دیگری بجای او نتواند نشست وقرب وبعد درو معلومست، مثلاً از ہمدان به نیسابور نزدیک تراست که ببغداد و درین مکان از جای بجای شدن ممکن نشود جز بنقل اقدام وقطع مسافت و در واشکالی نیست۔

Marfat.com

شفا بخش شربت بھیجد یجیئے۔ عالم کی عمر تمام ہوئی آخر یہ چاند جیسی دلہنیں کن بادشاہوں کے لئے مخصوص ہیں۔ اے بادشاہ اس بہت بڑے راز کو اور ناگزیر تدبیر کو ایسے بیان کے ساتھ جو روشن ہو اور ایسی شرح کے ساتھ جو واضح ہو بادلیل اور قوی بنا دیجئے تاکہ اتنا تو ہو کہ فریب کے بیابان میں بھٹکے ہوئے، انکار کے گرداب میں پھنسے ہوئے بھیڑ جیسی صورت والے جو بندگانِ الٰہی کی پوستین پھاڑنے میں بھیڑیئے کی مانند ہو گئے ہیں اور اپنے ریزۂ عمل کے خرمن کو غیبت کی آگ میں جلاتے ہیں اور بدگمانی کی ہوا دیتے رہتے ہیں آپ کے نور کی دلیلوں سے جہالت کی تاریکی سے نجات پاجائیں یا دلیل المتحرین دیا ارحم الراحمین

اللہ تعالیٰ تمہارے دل میں نیکی ڈالیں اور تمہاری ہدایت فرمائیں جان لو کہ مکان کی تین قسم ہیں۔ پہلی قسم مکان جسمانیات، دوسری قسم مکان روحانیات اور تیسری اللہ تعالیٰ و تقدس کا مکان۔ قسم اول کی بھی تین قسم ہیں کثیف جسمانیات کا مکان۔ لطیف جسمانیات کا مکان اور جسمانیاتِ الطف کا مکان۔

جسمانیات کثیف زمین ہے۔ حائل ہونا اور تنگی پیدا کرنا اس کا ظاہر ہے۔ جب تک کوئی شئے کسی جگہ سے نہ ہٹائی جائے دوسری شئے اس کی جگہ نہیں لے سکتی۔ نزدیکی اور دوری بھی اس کی ظاہر ہے مثلاً ہمدان سے نیشاپور بہ نسبت بغداد کے زیادہ نزدیک ہے۔ اور اس مکان میں ایک جگہ سے دوسری جگہ (موجود) ہونا ممکن نہیں ہے جب تک قدم بڑھا کر منتقل نہ ہوا جائے اور فاصلہ طے نہ کیا جائے اور اس میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

Marfat.com

اما مکان جسمانیات لطیف مکان باد است و دریں مکان هم مزاحمت باشد بدلیل آنکه تا بادی که در خانۀ باشد از منفذی بیرون نرود بادی دیگر دروں نتواند آمد و اگر در خانۀ فهم نتوانی کرد انبانی که پر باد کنی هیچ باد دیگر درو نتواند آمد تا آنگاه که بادی که درویست بیروں آید و بداں که هرچه لبعد مکان جسمانیات کثیف است قرب ایں مکانست یعنی هرچه در وی دوراست دریں نزدیک است زیرا که در آں مکان هرچه بماهی و دو ماه تواں رفت دریں مکاں بساعتی تواں رفت و مرغ چوں دریں مکاں میرود بساعتی چنداں برود که بماهی در زمین و از آواز رعد و دیگر آوازها همچنیں فهم کن و بداں که ایں مکاں را نیز هم بعدست، چه اگر باد خواهد یا مرغی یا آواز که از مشرق بمغرب رود بمدتی تواند رفت.

اما مکان جسمانیات الطف مکان انوار صورتی است چوں نور آفتاب و ماه و ستارگان و آتش و مثل ایں و هرچه در مکان جسمانیات لطیف دورست دریں مکاں نزدیک ست، مشرق از مغرب در آں مکاں دورست و دریں مکاں نزدیکست، و برهان ایں آنست که چوں آفتاب سر از مشرق برزند

Marfat.com

جسمانیات لطیف کا مکان، ہوا کا مکان ہے، اس مکان میں بھی مزاحمت ہے اور اس کی دلیل یہہ ہے کہ جب تک ایک ہوا کسی گھر میں ہے اور وہ کسی سوراخ یا راستے سے باہر نہیں نکل جاتی دوسری ہوا اس میں داخل نہیں ہو سکتی اگر گھر والی بات آپ کی فہم میں نہیں آ رہی ہے تو یوں سمجھ لو کہ تم ایک برتن میں ہوا بھرتے ہو تو دوسری ہوا اس وقت تک اس میں داخل نہیں ہو سکتی جب تک اس کے اندر کی ہوا باہر نہیں نکل جاتی۔ اور یہہ بھی جان لو کہ جسمانیات کثیف کے مکان کی دوری، اس مکان کی نزدیکی ہے، یعنی جو شئے وہاں دور ہے یہاں نزدیک ہے، کیونکہ جو شئے اس مکان (مکان جسمانیات کثیف) میں ایک ماہ یا دو ماہ میں فاصلہ طے کرے گی وہ اس مکان (مکان جسمانیات لطیف) میں ایک ساعت میں طے کر سکتی ہے اور پرندہ اس مکان میں ایک ساعت میں اس قدر پرواز کر سکتا ہے، جتنا کوئی شخص یا شئے زمین میں ایک ماہ میں فاصلہ طے کرتا ہے۔ اسی طور پر بجلی کے کڑکنے کی آواز اور دوسری آوازوں کا اندازہ کیا جا سکتا ہے یہہ بھی سمجھ لو کہ اس مکان میں بھی دوری (فاصلہ) ہے، کیونکہ ہوا، پرندہ یا آواز یہہ چاہیں کہ مشرق سے مغرب تک پہنچ جائیں تو ایک معین مدت میں ایسا کر سکتے ہیں۔

جسمانیات الطف کا مکان اُن انوار کا مکان ہے جو صورت پذیر ہیں (صورتاً نظر آتے ہیں) جیسے آفتاب، چاند، ستارے اور آگ یا ان کی مثل، اور جو شئے جسمانیات لطیف (ہوا اور آواز) کے مکان میں دور ہے، اس مکان میں نزدیک تر ہے اور اس کی دلیل یہہ ہے کہ جب آفتاب مشرق سے طلوع ہوتا ہے تو آناً فاناً اس

Marfat.com

ہم درحال نور او بمغرب رسد بی ہیچ درنگی واگر روش او درمکان باد بودی جز بدرنگی وزمانی بمغرب نتوانستی رسید ونور آتش وجز آن ہمیں حکم دارد تا بداں جایگاہ کہ منقطع شود، پس معلوم شد کہ نور مکانی دیگر دارد جز مکان باد، وبرہان دیگر بدیں آنست کہ چوں شمعی در خانۂ بری کہ پر باد بود نور شمع درآں خانہ منتشر شود بی آنکہ باد را از خانہ بیرون باید شد، پس دانستیم کہ نور را درمیاں باد مکانی دیگر است لطیف تر از مکاں باد وہرگز باد درآں مکاں نتواند رفت بسبب کثافت نسبی، ونہ نیز نور درمکان باد تواند آمد بسبب لطافت بر تقدیر خلو مکان باد، ولیکن از غایت قرب ایں دو مکاں را از یک دیگر تمیز نتواں کرد وباز شناختن ایں جز ببراہین عقلی ومشاہدات سری ومکاشفات قلبی ومعاینات روحی صورت نبندد واگر دریں اشکالی ہست مثالی دیگر بگوئیم بفہم نزدیک تر : بداں کہ حقیقت آتش حرارتست وماہیتش احراق وآنچہ تو آنرا آتش دانی صورت آتشست وخاصیتش اضاءت وآتش ضد آبست بطبیعت واجتماع ضدین محالست وہرگز نتواند بود کہ آب وآتش جمع شوند دریک مکان، چوں ایں بدانستی بداں کہ درآب گرم آتش موجودست وآں آتشست کہ دست می سوزاند نہ آب، ودانستۂ کہ آب وآتش دریک مکان جمع نشوند پس معلوم شد کہ آتش درمیان آب مکانی دیگر دارد جز مکان آب ودرمکان آب آتش نیست

Marfat.com

کی روشنی کسی تاخیر کے بغیر مغرب تک پہنچ جاتی ہے۔ اگر نورِ آفتاب کی روش ہوا کے مکان میں ہوتی تو مزاحمت اور مدت کے بغیر مغرب تک نہ پہنچ سکتا۔ اسی طرح آگ سے پیدا ہونے والی روشنی اور دیگر روشنیوں پر بھی، جب تک انہیں اپنے مقام سے منقطع نہ کیا جائے، اسی حکم کا اطلاق ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ نور کا مکان، ہوا کے مکان سے علیحدہ ہے اور دوسری دلیل اس پر یہ ہے کہ اگر تم ایک شمع کسی گھر میں لیجاؤ جو ہوا سے پر ہو تو شمع کی روشنی اس گھر میں بغیر ہوا خارج کیے پھیل جائے گی، پس ہم جان گئے کہ ہوا کے درمیان بھی روشنی کا مکان دوسرا ہے جو ہوا کے مکان سے لطیف تر ہے، اور ہوا اپنی ذاتی کثافت کے سبب نور کے مکان میں داخل نہیں ہو سکتی اور نہ روشنی اپنی لطافت کے باعث، ہوا کے مکان کے خلا کے اندازے کے مطابق ہوا کے مکان میں آسکتی ہے لیکن ان دونوں مکان کے انتہائی قرب کی وجہ سے ایک دوسرے سے تمیز کرنا مشکل ہے۔ اور بات وہی ہے کہ اس کی معرفت عقلی دلائل باطنی مشاہدات، قلبی مکاشفات اور روحی معائنات کے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔ اگر اس میں کوئی اشکال ہے تو ہم دوسری مثال بیان کرتے ہیں جو فہم سے زیادہ نزدیک ہے۔ جان لو کہ آگ کی حقیقت گرمی ہے اور اس کی ماہیت جلانا ہے اور تم جسے آگ سمجھتے ہو وہ آگ کی صورت ہے اور اس کی خاصیت روشن کرنا ہے اور یہ اعتبار طبیعت آگ پانی کی ضد ہے اور تم یہ بھی جانتے ہو کہ اجتماع ضدین محال ہے اور ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا کہ آگ اور پانی ایک جگہ جمع ہو جائیں۔ جب تم کو یہ بات معلوم ہوگئی تو یہ بھی جان لو کہ گرم پانی میں آگ موجود ہے اور وہ آگ ہی ہوتی ہے جو ہاتھ کو جلاتی ہے پانی نہیں۔ اور یہ تو تم جانتے ہی ہو کہ آگ اور پانی ایک مکان میں جمع نہیں ہو سکتے پس نتیجہ یہ نکلا کہ آگ پانی میں ہوتے ہوئے دوسرے مکان میں ہے، پانی کے مکان سے علیحدہ، اور جس طرح پانی کے مکان میں آگ نہیں ہوتی

و در مکان آتش آب نیست زیرا که اگر آب و آتش در یک مکان جمع شوند اجتماع ضدین لازم آید و این محالست، اما در مکان بغایت نزدیکند به یک دیگر، هیچ جزوی از آب گرم نیست که توان گفت که این آبست بی آتش یا این آتشست بی آب و هر یک از ایشان از یک دیگر جدا اند نه متصل بهم و نه منفصل از هم، چون این مکان فهم کردی بدان که درین مکان مزاحمت و مضایقت نیست و برهانش آنست که اگر یک شمع در خانهٔ بری نور آن شمع بهمه زوایا و هوای آن خانه برسد و اگر صد شمع دیگر در بری انوار همه در یک مکان جمع شود بی آنکه شمع اول بیرون باید برد و بدان که این مکان را نیز بعد هست زیرا که نور آفتاب و آتش از حجب کثیف در نتواند گذشت و چون بعد مفرط شود نور منقطع گردد پس معلوم شد که هرچه از پس حجاب کثیف است یا از بعد مفرط منقطع می شود ازین مکان و آنچه در این مکان باشد دورست.

قسم دوم از اقسام امکنه مکان روحانیاتست و آن انواع بسیارست و هرچند روحانی لطیف تر مکان او لطیف تر، و حاصل آن بچهار نوع میآید: نوع اول مکان روحانیات ادنی و نوع دوم مکان روحانیات اوسط و نوع سوم مکان روحانیات اعلی و نوع چهارم مکان ارواح.

اما روحانیات ادنی ملائکه اند که بر دوزخ موکلند و بر زمین های دیگر که فرود زمین ماست و بر تر ایشان ملائکه اند در رتبت

Marfat.com

اسی طرح آگ کے مکان میں پانی نہیں ہوتا کیونکہ اگر آگ اور پانی ایک مکان میں جمع ہو جائیں تو اجتماع ضدین لازم آئے گا اور یہ محال ہے۔ لیکن مکان میں ایک دوسرے سے انتہائی قریب ہیں۔ گرم پانی کا کوئی جزو ایسا نہیں ہے جس کے لئے یہ کہا جا سکے کہ یہ بے آگ پانی ہے یا یہ بے پانی آگ ہے۔ لیکن ان میں سے ہر ایک، ایک دوسرے سے جدا بھی ہے نہ باہم متصل ہیں اور نہ منفصل ہیں۔ جب تم نے اس مکان کی حقیقت کو سمجھ لیا تو یہ بھی جان لو کہ اس مکان میں مزاحمت اور تنگی نہیں ہے اور دلیل اس کی یہ ہے کہ اگر تم کسی گھر میں ایک شمع لیجاؤ، تو اس شمع کی روشنی اس گھر کے تمام گوشوں اور خلا تک پہنچ جاتی ہے، اگر سو شمعیں لیجاؤ تو سب کی روشنیاں ایک مکان میں، بغیر اس کے کہ پہلی شمع کو باہر لیجایا جائے جمع ہو جاتی ہیں اور جان لو کہ اس مکان میں بھی بُعد ہوتا ہے کیونکہ آفتاب اور آگ کی روشنی کثیف پردے سے نہیں نکل سکتی اور جب بعد حد سے تجاوز کر جائے گا تو روشنی منقطع ہو جائے گی، پس معلوم ہوا کہ جو روشنی کسی کثیف پردے کے پیچھے ہوتی ہے یا بہت زیادہ دوری کے سبب منقطع ہو جاتی ہے، وہ اس مکان سے اور جو کچھ اس مکان میں ہے اس سے دور رہتی ہے۔

امکنہ کے اقسام میں سے دوسری قسم مکان روحانیات ہے اور اس کے بہت سے انواع ہیں اور جس قدر کوئی روحانی شئے لطیف تر ہوتی ہے اسی نسبت سے اس کا مکان بھی لطیف تر ہوتا ہے۔ بہرحال ان سب کا حاصل چار انواع ہیں۔ پہلی نوع روحانیات ادنیٰ کا مکان، دوسری نوع روحانیات اوسط کا مکان، تیسری نوع روحانیات اعلیٰ کا مکان اور چوتھی نوع ارواح کا مکان۔

روحانیات ادنیٰ وہ ملائکہ ہیں جو دوزخ پر اور دوسری زمینوں پر جو ہماری زمین کے نیچے ہیں مقرر ہیں اور ان سے رتبے میں برتر وہ ملائکہ ہیں جو دریاؤں

Marfat.com

که بر دریاها و کوه ها و صحراها موکل اند و علی الجمله طوایف فرشتگانی اند که مسخر نداز بهر ترتیب مناظم عالم سفلی که مستقر فلک قمرست و روش ایشان در صعود تا آسمان اوّل بیش نباشد و از آنجا البته نتواند گذشت اگرچه قدرت گذشتن دارند ولیکن ازراه رتبت ایشان را آنجا بداشته اند هرگز بمقدار سرانگشتی بیشتر نشوند چنان که فرموده: وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ-۱ و در درجات و مقامات ایشان تفاوت بسیارست ولیکن همه را دریک درجه شمردیم و روحانیات ادنی لقب نهادیم تا دراز نشود و هرچه در آسمانهاست ازراه رتبت از ایشان دورست.

اما روحانیات اوسط ملایکهٔ آسمانها اند و ملائکهٔ هر آسمان از آسمان دیگر محجوبند، ولو دنوت انملة لاحترقت، در حق همه است و همچنین تا حملهٔ عرش و صافین و حافین و انواع ملائکه که فرود عرشند و تفاوت در درجات و مقامات ایشان را نهایت نیست ولیکن همه را دریک درجه انگاشتیم و تفاوت میان ایشان در مراتب همچون مراتب خدم و حشم سلاطین صورتست که پیش تخت پادشاه هریک را مقامی معین ست

۱- سورهٔ ۳۷ آیهٔ ۱۶۴

Marfat.com

پہاڑوں اور صحراؤں پر مقرر ہیں ان کے علاوہ فرشتوں کے وہ گروہ ہیں جو عالم سفلی کے انتظام کی ترتیب کے لئے مسخر ہیں۔ ان کا مستقر فلک قمر ہے۔ یہ فرشتے بلندیوں پر جاتے ہیں لیکن ان کی روش آسمان اول سے زیادہ نہیں ہے اور نہ اس سے آگے جا سکتے ہیں، اگرچہ وہاں سے گزرنے کی قدرت رکھتے ہیں لیکن رتبے کے اعتبار سے ان کو وہیں تک رکھا گیا ہے اور ہرگز انگلی کے ایک پورے کے برابر بھی آگے نہیں بڑھتے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا وَمَا مِنَّا اِلَّا لَہٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْم (اور ہم میں سے ہر اک کا ایک معین درجہ ہے)، اور ان کے درجات و مقامات میں بہت زیادہ فرق ہے لیکن ہم سب کو ایک ہی درجے میں شمار کرتے ہیں اور روحانیات ادنیٰ لقب رکھتے ہیں تاکہ بیان طویل نہ ہو جائے اور جو کچھ آسمانوں میں ہے مراتب کے اعتبار سے ان کی (رسائی) سے بالاتر ہے۔

روحانیات اوسط آسمانوں کے ملائکہ ہیں اور ہر آسمان کے ملائکہ دوسرے آسمان کے ملائکہ سے پوشیدہ ہیں، ان سب کے حق میں یہ مقولہ صادق آتا ہے "اگر میں انگلی کے پورے کے برابر بھی (آگے) جاؤں تو میں جل جاؤں[1]"۔ اسی طرح عرش کو اٹھائے ہوئے برابر برابر صف بستہ اور گرداگرد کھڑے ہوئے فرشتے اور ملائکہ کے انواع جو زیر عرش ہیں سب اسی ذیل میں آتے ہیں اور ان کے درجات و مقامات میں تفاوت کی حد انتہا نہیں ہے لیکن ہم نے سب کو ایک ہی درجے میں رکھا ہے۔

ان کے درمیان مراتب میں فرق اسی طرح کا ہے جس طرح کا فرق ظاہری بادشاہوں کے خدمت گزاروں اور لشکر میں ہوتا ہے کہ بادشاہ کے دربار میں ہر اک کا مقام مقر

[1] سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے

اگر یک سر موئے برتر پرم　　　فروغ تجلی بسوزد پرم

Marfat.com

که از آنجا بیشتر نتوانند شد

اما روحانیات اعلی مقربان حضرت ربوبیت اند از راه صفت و مراتب ایشان را نهایت نیست و مقام ایشان در عالم علّیین است و ایشان سخت لطیف اند تا بجاری که اگر خواهند خویشتن را از طوائف ملائکهٔ که فرود ایشانند باز پوشند که به هیچ گونه ایشان را نتوانند دید از فرط لطافت امکنهٔ ایشان و در مکان ایشان هیچ حجاب نیست از دیوار همچنین درآیند که از در و در اندرون سنگ سخت همچنان جای دارند که در فضای فراخ، و در امکنهٔ ایشان هم نوعی است از بعد، زیرا که ایشان را بحرکت هم حاجت است اگرچه به کم از یک طرفة العین بمقصد رسند اما حاجت بحرکت هم منافی کمالست در روحیت، و هر یک از طوایف ملائکهٔ دیگر همین خاصیت دارند ولیکن در عالم خود بقدر مرتبهٔ خود،

اما مکان ارواح هم متفاوتست برحسب تفاوت ارواح در لطافت وکمال در لطافت روح انسانی راست و این روح بغایت لطیفست و هیچ مخلوق در لطافت بدرجهٔ او نرسد و هیچ ذرهٔ از عرش تا تحت الثریٰ از وی از مکان او دور نیست و او را بحرکت هیچ حاجت نیست هر جا که او را بجوئی بیابی و او نه متصل است و نه منفصل، نه داخل است و نه خارج، نه متحرکست و نه ساکن، و این همه ببراهین عقلی معلومست و لیکن چون شیوهٔ عقل معرفت نبود و هر طایفهٔ در آن سخن گفته اند در آن شروع نکردیم و براهین عقلی کسی را بکار آید که مکاشفات قلبی و مشاهدات سری و معاینات روحی نداشته باشد

Marfat.com

ہے، اس مقام سے آگے کوئی نہیں بڑھ سکتا۔

روحانیات اعلیٰ بہ اعتبار صنت حضرت ربوبیت کے مقرب ملائکہ ہیں اور ان کے مراتب کی کوئی انتہا نہیں ہے اور ان کا مقام عالم علیین میں ہے اور یہ بے حد لطیف ہیں، یہاں تک کہ اگر چاہیں تو ملائکہ کے ان گروہوں سے جن کا مستقر ان سے نیچے ہے خود کو ان کی نگاہوں سے پوشیدہ کر لیتے ہیں اور بے حد لطافت کے باعث انہیں کسی طرح نہیں دیکھا جا سکتا۔ اور ان کے مکان میں کسی طرح کی رکاوٹ نہیں اور یہ دیواریں سے اس طرح نکل جاتے ہیں جس طرح کوئی دروازے سے نکلتا ہے اور سخت پتھر میں ایسے قیام پذیر ہو سکتے ہیں جیسے کشادہ دنیا میں۔ ان کے امکنہ میں کبھی بہ سبب لطافت نوعیں ہوتی ہیں کیونکہ یہ بھی حرکت کے محتاج ہیں۔ خواہ پلک جھپکتے سے کم میں مقصد پالیں لیکن روحیت میں حرکت کا محتاج ہونا کمال کے منافی نہیں ہے اور ملائکہ کے دوسرے گروہوں میں سے ہر ایک ایسی خاصیت کا حامل ہے لیکن اپنے مخصوص عالم میں اور اپنے مرتبے کے بقدر۔

مکان ارواح کبھی۔ روحوں کی پاکیزگی میں فرق کے مطابق۔ متفاوت ہوتا ہے اور لطافت میں کمال صرف روح انسانی کو حاصل ہے اور یہ روح بہت زیادہ لطیف ہوتی ہے، اور پاکیزگی میں کوئی مخلوق اس کے درجے تک نہیں پہنچ سکتی اور عرش سے تحت الثریٰ تک کوئی ذرہ اس کے مکان سے دور نہیں ہے اور اس روح کو حرکت کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے تم اسے جہاں کہیں تلاش کرو پا لوگے۔ وہ نہ متصل ہے نہ منفصل نہ داخل ہے، نہ خارج ہے، نہ متحرک ہے، نہ ساکن ہے۔ یہ تمام امور دلائل عقلی سے ثابت ہیں، لیکن چونکہ عقل کا شیوہ معرفت نہیں ہے اور ہر گروہ نے اس مسئلے پر گفتگو کی ہے، ہم نے اس بحث کو ترک کر دیا ہے۔ درحقیقت عقلی دلائل کی تو اس شخص کو ضرورت ہوتی ہے جو قلبی مکاشفات، باطنی مشاہدات اور روحی معائنات سے

Marfat.com

چہ چوں آفتاب معرفت طالع شود بنور چراغ عقل حاجت نباشد و بداں کہ دریں مکاں ہم نوعی ہست از بعد، زیراکہ علیین نامتناہی از و دورست، و سافلین نامتناہی ہمچنیں و علی الجملہ ہرچہ نامتناہی است از و دوراست چہ او متناہی است و متناہی بنامتناہی محیط نشود والسلام۔

آمدیم بمقصود بداں کہ حق تبارک و تعالیٰ ازیں ہمہ مکانہا کہ یاد کردیم منزہ و مقدس و متعالیست نہ حلول او دریں مکانہا رواست و نہ مماسۂ آں اورا منصور، و نہ محاذات ایں اورا جائز، و مکان او عزوجل فوق ہمۂ مکانہاست و ہمۂ آں مکاں قرب در قربست، در و بعد از ہیچ وجہ ممکن نیست، علیین و سافلین و ہمۂ نامتناہی یک نقطۂ اوست و ایں مکان را نہ طول ست و نہ عرض نہ عمق و نہ بعد و نہ مسافت و نہ فوق و نہ تحت و نہ یمین و نہ یسار و نہ خلف و نہ قدام اگر بہ وسعت آں مکان نگری تنگ تر از آں بینی کہ چشم زد و ہم در و گنجد و اگر بضیق آں نگری اورا بر ہمۂ متناہی محیط یابی، لایعرف عنہ الابہ، و بداں کہ اگر روح بمتابعت سید بشر صلی اللہ علیہ وسلم بدوام ریاضات و مجاہدات قوت گیرد تواند کہ قالب کثیف را بہ مکاں جسمانیات لطیف کشد و نشانش آں باشد کہ بیک ساعت دو سہ ماہہ راہ برود و آنچہ شنیدہ کہ زمیں را از بہر فلاں ولی طی کردند۔

Marfat.com

محروم ہو، کیونکہ جب معرفت کا آفتاب طلوع ہو جاتا ہے تو عقل کے چراغ کی روشنی باقی نہیں رہتی۔ اور تم جان لو کہ بُعد کے اعتبار سے اس مکان میں بھی قسمیں ہیں کیونکہ نا متناہی علیئین اس سے دور ہے اور اسی طرح نا متناہی سافلین بھی اس سے دور ہے اور جو بھی نا متناہی ہے اس سے دور ہے، کیونکہ یہ خود متناہی ہے ظاہر کہ متناہی نا متناہی پر محیط نہیں ہو سکتا۔ والسلام

اب ہم مقصد کی جانب آتے ہیں۔ جان لو کہ حق تبارک و تعالیٰ ان تمام مکانوں سے جن کا ہم نے ذکر کیا ہے، منزہ ہیں پاک ہیں اور عالی ہیں۔ ان مکانوں میں نہ ان کا حلول روا ہے اور نہ ان کی پیوستگی متصور ہو سکتی ہے، اور نہ ان کی ذات کے لئے ان مکانوں کے محاذ میں ہونا جائز خیال کیا جا سکتا ہے۔ اس خدائے عز و جل کا مکان تمام مکانوں سے برتر ہے اور یہ مکان تمام تر قرب در قرب ہے۔ اس میں کسی اعتبار سے بھی بعد ممکن نہیں ہے علیئین، سافلین اور تمام نا متناہی (ملکو) اس کا ایک نقطہ ہے۔ اس مکان کا نہ طول ہے، نہ عرض، نہ گہرائی ہے، نہ بُعد اور نہ مسافت، نہ بلندی ہے نہ پستی وہ نہ دائیں طرف ہے نہ بائیں طرف اور نہ پیچھے ہے نہ آگے ہے، اگر تم بہ اعتبار وسعت اس مکان کو دیکھو تو اس سے بھی زیادہ تنگ پاؤ گے کہ اس میں شائبہ وہم بھی سما سکے، اور اگر تم بہ اعتبار تنگی اسے دیکھو تو اسے تمام متناہی پر محیط دیکھو گے۔ لا یعرف منہ الا بہ (یعنی اللہ تعالیٰ کی معرفت کسی کو حاصل نہیں ہوئی مگر خود اسی سے)، تم جان لو کہ اگر انسانی روح سید بشر صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کے ساتھ دائمی ریاضات و مجاہدات سے قوت حاصل کرے تو یہ بھی ممکن ہے کہ قالب کثیف کو جسمانیات لطیف کے مکان تک پہنچا دے اور اس کی علامت یہ ہے کہ ایک ہی ساعت میں دو تین ماہ کی راہ طے کر لی جائے اور یہ جو تم نے سنا ہے کہ (اللہ رب العزت نے) فلاں ولی کے لئے زمین کو لپیٹ

Marfat.com

